
علم الانسان ما لم يعلم
۱۳۳۹
کتبخانہ
جامعہ ملیہ اسلامیہ
دہلی
شعبہ
شمارہ
عدد داخلہ
۱۹۵۹
A H Farugi

اورینٹل کالج میگزین

فروری

۱۹۵۹ء

اورینٹل کالج

میگزین

فروری ۱۹۵۹ء

جلد ۳۵ عدد ۲ عدد مسلسل ۱۳۶

ایڈیٹر :—

ڈاکٹر سیّد عبداللہ

باہتمام مسٹر احسان الحق، ہیڈ کلرک، یونیورسٹی اورینٹل کالج، لاہور
پرنٹر و پبلشر اورینٹل کالج میگزین، پنجاب یونیورسٹی پریس، لاہور
میں طبع ہو کر اورینٹل کالج لاہور سے شائع ہوا۔

سالانہ چندہ : چار روپے

ترتیب

نمبرشمار	مضمون	مضمون نگار	صفحہ
۱ -	استنبول کے خزائن مخطوطات	.. ڈاکٹر مولوی محمد شفیع	۱ — ۲۰
۲ -	نادرالعصر استاد احمد معمار	.. ڈاکٹر نذیر احمد	۲۱—۲۶
۳ -	شاہ عالم آفتاب	.. مظفر حسن ملک	۲۷—۵۲
۴ -	محمد زین العابدین خان المتخلّص بہ دیوان نایطی	.. محمد سخاوت مرزا	۵۳—۱۲۶

بی - ۴۶۳ پنجاب یونیورسٹی پریس—۳۰۰—۵۹-۳-۲۶

استنبول کے خزائن مخطوطات[1]

(۱)

مدت سے استنبول کے کتابخانوں کی تعریفیں سنتے تھے مگر ان کو دیکھنا خواب و خیال کی بات تھی، مگر اس سال حسن اتفاق سے ۲۵ ستمبر ۱۹۵۶ء سے ۴ اکتوبر ۱۹۵۶ء تک دس دن ان کتابخانوں میں گذارنے کا موقعہ ملا :

و کانت بالعراق لنا لیال
سرقناهن من ریب الزمان
جعلناهن تاریخ اللیالی
و عنوان المقاصد و الامانی

(رشید طبیب در لطائف الحقائق نسخه استنبول)

مگر اتنی قلیل مدت میں کیا دیکھا جا سکتا تھا ؟ حق یہ ہے کہ تمام وقت اسی طرح سے گذرا کہ نظارہ جنبش مژگان سے گلہ دار تھا اور میں ضائع شدہ عمر پر بیحد متاسف، تلافی مافات میرے لئے تو ممکن نہ تھی مگر میں نے اسی وقت ارادہ کر لیا کہ ملت کو ان کتابخانوں کی طرف متوجہ کروں گا اور یہ پیغام ان تک پہنچادوں گا کہ :

جن اصحاب علم کو نوادر مخطوطات کی تصحیح و نشر کا شوق ہے ـــــ اور اس کے بغیر اسلامی تہذیب کی تاریخ مکمل صورت میں

---

(۱) خطبہ صدارت جو پاکستان اورنٹیل کانفرنس منعقدہ دسمبر ۱۹۵۶ء کے شعبۂ علوم اسلامی میں ۲۹ دسمبر ۱۹۵۶ء کو پڑھا گیا ۔

کیسے سامنے آ سکتی ہے—اور جو ہمارے ماضی کے شاندار علمی کارناموں کا مطالعہ کرنا چاہتے ہیں، جو کسی خاص دور کی تاریخ کا مواد طلب کرتے ہیں، جو ہمارے عہد گذشتہ کے علم و فضل اور آرٹ کے تطوّر کے نمونے دیکھنا چاہتے ہیں ان کو جو کچھ اور جتنا استنبول میں یکجا مل سکتا ہے اس کو اَور جگہ ڈھونڈنے کی کوشش عبث ہے،

اس اجمال کی اب تفصیل عرض کرنا چاہتا ہوں :

کتابوں کے جمع کرنے اور ان سے فائدہ اٹھانے کا شوق مسلمانوں میں قدیم الایام سے موجود رہا ہے - ابن ندیم (طبع فلوگل ص ۲۴۲) نے لکھا ہے کہ خالد بن معٰویہ (م ۸۵ھ) جسے ''حکیم آل مروان،، کہتے ہیں محبّ علوم تھا، وہ پہلا شخص ہے جس نے غیر زبانوں سے عربی میں ترجمہ کا کام شروع کرایا، اور مصر سے عربی دان یونانی فلسفیوں کی ایک جماعت کو بلوایا اور انہیں حکم دیا کہ یونانی اور قبطی زبانوں سے کیمیا کی کتابوں کو عربی میں ترجمہ کریں - بنو العباس کے ابتدائی زمانہ ہی میں خصوصاً بعہد مامون مختلف ملکوں سے کتابیں جمع کی گئیں - مامون نے **بیت الحکمۃ** قایم کیا اور علوم قدیمہ کی کتابیں عربی میں ترجمہ ہوکر عام ہوگئیں- اس دور میں رومی زبان کے علاوہ فارسی، ''ہندی،،، نبطی وغیرہ سے بھی کتابیں ترجمہ ہوئیں - بتدریج کتابوں کا شوق خلفاء کے علاوہ امراء و وزراء اور علماء تک پہنچا - چنانچہ تیسری صدی ہجری میں ابوھفّان المہزَمی مؤرخ اور راویۂ مشہور نے لکھا کہ میں نے جاحظ [م۲۳۹/۸۵۳ھ]، فتح بن خاقان [م۲۴۷ھ/۸۶۱ء] اور قاضی اسمٰعیل بن اسحق مالکی [م۲۸۲ھ/۸۹۵ء]

سے بڑھکر عاشق کتب و عاشق علوم نہ کسی کو دیکھا نہ سنا (الفہرست ۱۱۶) - فتح بن خاقان کے کتابخانے کے متعلق ابن ندیم ھی نے لکھا ھے کہ کتابوں کی کثرت اور خوبصورتی کے اعتبار سے اس کتابخانے سے بہتر کتابخانہ کسی نے نہ دیکھا ھوگا۔ چوتھی صدی ھجری میں اکثر بڑی بڑی مسجدون میں وقف کتابیں جمع ھونے لگیں - متعدد دارالعلم وجود میں آئے جہاں علاوہ درس و تدریس کے ''خزائن الحکمۃ'' یعنی علمی کتابخانے بھی تھے - عضدالدولہ دیلمی کے کتابخانۂ شیراز کا ذکر مقدسی (ص ۴۴۹) نے قدرے تفصیل سے کیا ھے - جس سے معلوم ھوتا ھے کہ اس کتابخانے کی الگ عمارت تھی، اس وقت تک کی جملہ تصنیفات اس کتابخانے میں جمع تھیں، وکیل و خازن و مشرف مقرر تھے - کتابیں 'خزائن' یا 'بیوت' یعنی الماریون میں چنی ھوئی تھیں، مگر صرف اھل وجاھت ھی اس کتابخانے میں جا سکتے تھے - اس کی دو فہرستیں تھیں جن میں کتابوں کے نام درج تھے - اس صدی کے اواخر میں قرطبہ، قاھرہ، اور بغداد تینوں دارالخلافوں میں ایسے خلفاء موجود تھے جو غایت درجہ کتاب دوست تھے(۱) اس صدی کے آخر میں ''قرارۃ الکتب'' (یعنی کانون مخطوطات) بغداد ھی کو سمجھا جاتا تھا چنانچہ ثعالبی (یتیمۃ الدھر طبع اول ۴ : ۲۷۶) ابو نصر سہل بن مرزبان اصفہانی متوطن نیشاپور کے ترجمہ میں لکھتا ھے کہ وہ بار بار بغداد جا جاکر کتابیں خرید کر لاتا تھا اور نیشاپور میں اس کے سوا کسی کے ھاں جدید کتابیں نہ ملتی تھیں -

---

(۱) جاحظ کا ایک رسالہ بعنوان فی مدح الکتب والحث علی جمعھا کے لئے دیکھیں Z.D.M.G. بابت ۱۹۱۴ ص ۳۸۹ -

خلفاء کے علاوہ امراء نے بھی کتابخانے جمع کئے چنانچہ سامانیوں، غزنویوں، سلجوقیوں، خوارزم شاہیوں، ایوبیوں سبھی نے کتابخانے بنائے(۱) اٹھویں صدی ھجری-چودھویں صدی میلادی میں قلقشندی نے صبح الاعشی م :۲۶۶ میں لکھا ھے کہ عالم اسلام کے بزرگ ترین کتابخانے تین تھے : (۱) خلفاء بنی عباس کا کتابخانہ جو بغداد میں تھا اور جس میں لا تعداد نفیس ترین کتابیں جمع تھیں - حملۂ تتار میں اس کا کوئی نشان باقی نہ رھا -

(۲) فاطمیۂ مصر کا کتابخانہ جو عظیم ترین کتابخانوں میں سے تھا اور جس میں تمام علوم کی نفیس کتابیں جمع تھیں - آخری فاطمی خلیفہ العاضد کی وفات کے بعد دولت فاطمی ختم ھوگئی تو سلطان صلاح الدین کے وزیر القاضی الفاضل [عبدالرحیم بن علی البیسانی (م۵۹۶ھ/ ۱۲۰۰ع)] نے اس کتابخانے کی اکثر کتابیں خرید لیں اور مدرسۂ فاضلیۂ قاھرہ پر جو قاضی مذکور نے بنایا تھا وقف کردیں، پھر بتدریج اس مدرسہ کی کتابیں لوگوں نے اڑالیں اور قلقشندی کے زمانے (چودھویں صدی عیسوی) کے آخر میں اس میں تھوڑی ھی سی کتابیں باقی تھیں ؛

(۳) اندلس کے بنو امیہ کا کتابخانہ یہ بھی بزرگ ترین کتابخانوں میں سے تھا - جب ملوک طوائف کا غلبہ ھوا تو یہ کتابیں بکھر گئیں -

---

(۱) ملاحظہ ھو تتمۃ صوان الحکمۃ جسمیں علی بن زید بیہقی (م ۵۶۵) نے ذیل کے کتابخانوں کا ذکر کیا ھے (ان میں سے بعض کی کتابوں کو اس نے خود بھی دیکھا تھا) : خزانۂ خوارزم شاہ مامون بن محمد (م ۴۰۷) تتمۃ ص ۸۸؛ خزانۃ السلطان الاعظم سنجر (ایضاً ص ۹۶)؛ خزانۂ عزیز الدین فقاعی در مرو (حواشی تتمۃ ص ۱۹۴)؛ خزانۃ کتب نقیب البقاء بالری (تتمۃ ص ۱۷)؛ خزانۃ النظامیہ بنیسابور (تتمۃ ص ۹۴ و ۹۶) -

ہو سکتا ہے کہ مذکور بالا بے حساب علمی دولت کا کچھ حصہ سابقہ ترکی ولایات مصر، شام، اور عراق عرب کے راستے استنبول میں بھی پہنچا ہو۔ بہر حال یہ امر واقعہ ہے کہ آج نہ صرف عالم اسلام میں بلکہ دنیا بھر میں عربی، فارسی اور ترکی مخطوطات کا جتنا بڑا ذخیرہ استنبول میں موجود ہے اور کہیں نہیں ہے۔ پروفیسر احمد زکی ولیدی طوغان نے مجھے بتایا کہ ان مخطوطات کی تعداد ایک لاکھ پنتیس ہزار ہے۔ ترک مورخین اس بارے میں خاموش ہیں کہ یہ ذخائر کیسے جمع ہوئے، لیکن چونکہ آل عثمان کی فتوحات بحر خزر سے لیکر بحر اٹلانٹک تک پھیلی ہوئی تھیں گمان کیا گیا ہے کہ اپنی کتاب دوستی کی وجہ سے ان بادشاہوں نے ان ممالک کے بعض ذخائر کتب کو محفوظ کر کے اپنی بنا کردہ مسجدوں اور مدرسوں پر وقف کر دیا۔ مگر اس کے علاوہ اور ذرائع سے بھی ان کے ہاں کتابیں جمع ہوئیں، مثلاً ہم جانتے ہیں کہ سلاطین عثمانی اور ان کے امراء و وزراء اور ''شیوخ اسلام'' کی قدر دانی اور داد و دہش کی وجہ سے بہت سی کتابیں خود مصنفین نے ان کے لئے لکھیں یا ان کو بھیجیں مثلاً عبدالقادر مراغی (م ۸۳۸ھ) نے سلطان مراد ثانی کے لئے موسیقی پر ایک کتاب لکھی اور ۸۲۶ھ میں وہ شخصی طور پر اسے پیش کرنے کے لئے سلطان کی خدمت میں حاضر ہوا، اس کے بیٹے اور پوتے نے تو اپنے آپ کو عثمانی دربار سے وابستہ ہی کر لیا اور ان تینوں کی تصانیف ''فن ادوار'' پر استنبول کے کتابخانہ نور عثمانیہ میں موجود ہیں۔

مولانا جامی نے سلطان با یزید دوم کو اپنا کلیات بھیجا (منشآت فریدون بیگ ۱ : ۳۶۱) - الشقائق النعمانیہ میں کئی علماء و فضلاء

کا ذکر موجود ہے جنہوں نے آل عثمان کی سر پرستی سے فیض پایا۔ دوسرے سلاطین بھی اپنے ملک کے علماء کی کتابیں تحائف میں شامل کر کے بھیجتے ہوں گے۔ چنانچہ ان کتابخانوں میں ہندوستان کے فضلاء اور شعراء کی کتابیں مثلاً مکتوبات امام ربانی اور رقعات بیدل موجود ہیں۔ ممکن ہے وہ بھی شاید ایسے ہی ذرائع سے یہاں پہنچی ہوں۔

ان کتابخانوں میں عربی فارسی مخطوطات کے اس قدر قیمتی اور نایاب ذخیروں کو دیکھ کر انسان محو حیرت ہو جاتا ہے اور پہلا سوال ذہن میں یہ پیدا ہوتا ہے کہ یہ کتابیں اتنی صدیوں تک حرق و غرق سے کس طرح محفوظ رہیں؟ دیمک اور کتاب کے کیڑوں نے انہیں کس طرح چھوڑا؟ اور کتاب دزدوں سے وہ کیونکر بچیں؟ نم اور گرمی اور طرح طرح کے حوادث سے گذر چکنے کے بعد یہ کس طرح سے قابل استفادہ رہیں؟ کیا ابو سعد عبدالرحمن بن محمد بن دوست نے یونہی کہدیا تھا:

علیک بالحفظ دون الجمع فی الکتب ۔ فان للکُتْب آفات تفرّقها
الماء یُغرقها و النار تُحرقها و الفار یَخْرقها و اللص یَسرقها

حالانکہ اجیال گذشتہ کا یہ سرمایہ بجنسہ ہم تک پہنچ گیا ہے۔ لیکن تحقیق کے بعد یہ عقدہ کھلا کہ یہ گمان کہ ماضی کا سرمایہ بجنسہ ہم تک پہنچ گیا ہے بے بنیاد ہے۔ حدود ۱۸۸۲ء میں استنبول کے ایک فرانسیسی مجلّہ نے لکھا تھا کہ ان کتابخانوں سے بہت سے مخطوطات لوگوں نے مستعار لئے اور پھر واپس نہ دئے اور ان قیمتی نسخوں میں سے بعض دست بدست ہوتے ہوئے اروپائی کتابخانوں میں پہنچ گئے۔ اُس کا اندازہ تھا کہ اُس کے زمانے میں ان نقصانات کے بعد

بھی صرف آٹھ کتابخانوں ھی میں (یعنی فاتح، ایاصوفیہ، سلیمیہ، سلیمانیہ، عثمانیہ، بایزید، اور ایوب میں) تقریباً ایک لاکھ مخطوطات ابھی باقی تھے جو علاوہ علوم اسلامی کے تاریخ، فلفسہ، شعر، اور ان تمام علوم قدیمہ سے متعلق تھے جن علوم سے بقول اس کے ''اروپائی تہذیب مأخوذ ھے''۔ اسی زمانے میں سلطان نے ایک عالم صالح افندی کو استنبول کے کتابخانوں کا انسپکٹر جنرل مقرر کیا ۔ جب اس فاضل نے کتابوں کا محاسبہ کیا تو معلوم ھوا کہ بہت سی کتابیں غائب ھو چکی تھیں۔ سلطان عبدالمجید (۱۸۳۹-۱۸۶۱) کے زمانے میں عمارت کی مرمت کے وقت ایک کتاب خانے کے مخطوطات مسجد سلطان احمد کے تہ خانے میں رکھے گئے مگر یہ تمام مخطوطات نم سے ناقابل استفادہ ھو گئے (شرح ابن یعیش بر مفصل زمخشری، طبع یان Jahn، لپزگ ۱۸۸۲ء، دیباچہ ناشر کا ضمیمہ ص ۱۴ ببعد)۔

اس بیان سے معلوم ھوتا ھے کہ انیسویں صدی کے حدود میں ایک عرصہ تک ان کتابخانوں سے غفلت برتی گئی اور ۱۸۸۲ء کے قریب ان کی طرف دوبارہ توجہ دی گئی اور فہرستیں مرتب کی گئیں ۔ مرحوم مولانا شبلی صاحب سفر نامہ مصر و شام و روم اس سے دس سال بعد استنبول پہنچے اور ان کتابخانوں کی زیارت کی۔

مولانا کے زمانے کے مقابلے میں اب حالات بہت بہتر ھیں کتابخانوں کی عمارتیں سنگین، عمدہ، اور خاصی روشن ھیں اور بجلی کی روشنی بھی موجود ھے، کتاب دار اور فراش مقرر ھیں ۔ جو کتابخانے میں نے دیکھے انمیں کرسی، میز وغیرہ سامان موجود پایا ۔ ایاصوفیہ میں صوفے بھی ھیں۔ اب مخطوطات کے ذخیرے مطالعہ کے کمروں سے

الگ ھیں۔ قاری مطالعہ کے کمرےمیں پہنچ کرحسب معمول کتابدار کو چٹ دیتا ھے اور وہ کتاب منگوا کر حاضر کر دیتا ھے۔ مولانا شبلی کو شکایت تھی کہ اسلامی مدارس کے طالب علم اور دیگر قارئین فقط مشہور و متداول مذھبی کتابوں ھی کا مطالعہ کرتے تھے ۔ اب یہ صورت بھی باقی نہ تھی ۔ رسم خط کے بدل جانے سے اب عربی فارسی مخطوطات کے مطالعہ کرنے والے اھل ملک کم تھے لیکن انقلاب ۱۹۱۹ء تا ۱۹۲۳ء کے بعد یہ ضرور ھوا ھے کہ چند متخصصین کے نزدیک عربی فارسی کی عمدہ کتابوں کی قدر پہلے سے زیادہ ھو گئی ھے اور انہوں نے عربی فارسی کتابوں کی تصحیح و نشر کا کام بہت اھتمام سے کرنا شروع کر دیا ھے بالخصوص اپنی تاریخ کے مواد پر بہت توجہ صرف کی ھے ۔

استنبول کے قیمتی خزانوں سے پورا انتفاع تھوڑے سے وقت میں اسی صورت میں ممکن ھے جب مغربی طرز کی عمومی، جامع، مفصل، فہرست اس سارے ذخیرہ کی موجود ھو ۔ سوء اتفاق سے وہ موجود نہیں ۔ شعر ترکی کے مخطوطات کی فہرست کے چند کراسے طبع ھو چکے ھیں مگر عربی فارسی مخطوطات کی مفصل فہرست یا فہرستیں خدا جانے کب تالیف اور طبع ھونگی اس باب میں پراگ کے پروفیسر فیلکس ٹاور Felix Tauer نے لکھا ھے :

”مذکورہ بالا کتاب خانے صحیح معنی میں علم و ادب کے خزانے ھیں، دنیا کے کسی حصے کو لیں کہیں بھی کسی ایک شہر میں فارسی، عربی اور ترکی کے اتنے مخطوطات نہ ملیں گے جتنے استنبول میں ھیں مگر بدبختی سے ان کتابخانوں کے محتویات کے

صحیح علم کے حصول کے لئے سامان موجود نہیں ۔ یہ سچ ہے کہ اکثر وقف کتابخانوں کے مطبوعہ 'دفاتر' (یعنی فہرستیں) موجود ہیں مگر یہ دفاتر اس وقت سے تقریباً ۴۰ سال پہلے طبع ہوئے تھے [دفاتر مذکور ۱۳۰۰ھ اور ۱۳۱۲ھ کے درمیان طبع ہوئے یعنی ۱۹۵۶ء سے ساٹھ ستر سال پہلے] مگر یہ صرف ناموں کی فہرستیں ہیں جو بہت غیر صحیح اور فاحش اغلاط سے پُر ہیں ۔ ان کے سوا کچھ قلمی فہرستیں بھی ہیں، مگر یونیورسٹی لائبریری کی فہرست کے سوا یہ کچھ زیادہ اچھی نہیں ہیں، خصوصاً عربی فارسی مخطوطوں کے کوائف ان میں غلط بیان ہوئے ہیں، خیر استنبول کے عربی مخطوطات کے متعلق تو بہت مواد شائع ہو چکا ہے مگر عام فارسی مخطوطات پر اب تک صرف پال ہارن Paul Horn کا مقالہ ہی طبع ہوا ہے اور اس نے بھی چند مستثنیات کے علاوہ ''دفاتر'' ہی کی بنا پر مخطوطات کو (صرف) مضمون وار مرتب کر دیا ہے لہذا تمام غلطیاں جو ''دفاتر'' میں ہیں پال ہارن کے مقالہ میں بھی موجود ہیں'' (Journal of the Czechoslovak Oriental Institute, Prague Vol. III Nos. I & V پراگ ۱۹۳۱ ص ۸۷) ۔ جن چالیس 'دفاتر' کا ذکر پروفیسر فیلکس ٹاور نے کیا ہے ان کا کوئی نسخہ مجھے ستمبر گذشتہ میں کتاب فروشوں کے ہاں نہ ملا وہ اب کلیۃً نایاب ہوگئے ہیں ۔ البتہ استنبول کے کتابخانوں میں وہ موجود تھے ۔ پال ہارن کی فہرست جس کا ذکر پروفیسر ٹاور نے کیا ہے جرمن رسالہ Z.D.M.G. کی جلد بابت سنہ ۱۹۰۰ء میں دو قسطوں میں شائع ہوئی تھی، اس میں ۱۰۳۶ نسخوں کا ذکر ہے، پروفیسر فیلکس ٹاور نے استنبول کے کتابخانوں میں ۵۵۵ کتب تاریخ ایسی پائیں جن کی زبان فارسی ہے ۔ موصوف نے چند مقالوں میں ان کا حال لکھ کر

پراگ میں شائع کیا، پروفیسر ٹاور نے صحیح کہا ہے کہ استنبول کے عربی مخطوطات پر نسبۃً زیادہ کام ہوا ہے، پروفیسر ریشر O. Rescher (۱) نے ۱۹۱۰ء اور ۱۹۱۴ء کے درمیان ان مخطوطات کی سات فہرستیں حواشی کے ساتھ مجلہ Z.D.M.G. اور دیگر رسالوں میں طبع کیں، یہ فہرستیں بیشتر کتب صرف و نحو، لغت و ادب، تاریخ و فقہ سے متعلق ہیں اور کتابخانہ ہای کوپریلی، یکی جامع، نور عثمانیہ توپ قاپو سرای، مسجد لالہ لی اور فیضیہ میں موجود ہیں۔ ریشر (Z.D.M.G. بابت ۱۹۱۰ء ص ۴۸۹ ج ۱) نے استنبول کے عرب مخطوطات کی پانچ اور فہرستوں کا ذکر کیا ہے جو اس سے پہلے علماء فرنگ نے مرتب کیں، بلاؤ Blau (م ۱۸۶۹) نے اپنی فہرست کو مجلہ Z.D.M.G. شمارہ ۸۷ میں شائع کیا، روڈوکناکس Rhodokonakis نے تین مخطوطات کا حال *Nöldeke Festschrift* (۱ : ۳۸۵ میں) لکھا، هوروویٹز Horoivtz نے صرف عربی تاریخی مخطوطات کا حال بیان کیا (*Westasiatische Studien*, '1907) اسی طرح بقول ریشر (محل مذکور) سوس ہائم Süssheim (۲)

---

(۱) اس فاضل مصنف سے اسی سفر میں استنبول میں ملاقات ہوئی۔

(۲) Süssheim نے اناطولیہ کے کتابخانوں (بروسہ، قونیہ، مغنیسیا) کا حال بھی *Beitr.* مذکور میں لکھا۔ دیکھیں Gabrieli : *Manuale*، رومہ ۱۹۱۶ ص ۱۲۵۰، اور *Z.D.M.G.* بابت ۱۹۱۰ ج ۱ ص ۴۸۹۔ اماسیہ کے کتابخانے کے ۳۲ نوادر کا حال استاذ احمد آتش نے مجلہ تاریخ وثیقہ لری استنبول اگست ۱۹۵۵ء میں شائع کیا ہے، بعنوان اناڈولو کتب خانہ لرندن مہم بزمہ آثرلر : (اماسیہ) شاید اس سلسلے میں اور مضامین بھی بعد میں شائع ہوئے ہوں۔ کتابخانۂ راغب پاشا استنبول کی فہرست سنہ ۱۳۱۰ھ میں طبع ہوگئی تھی مگر اس کے بعض عربی نوادر کا حال جناب احمد تورک نے نشریات مجموعہ سی جلد ۲ طبع استنبول ۱۹۵۸ء ص ۹۱ تا ۱۰۳ میں شائع کیا۔

آقای زکی ولیدی طوغان نے اسلام تتقیق لری اینسٹیوٹوسی در گینی بابت ۱۹۵۶ء ۱۹۵۷ء ج ۲ حصہ ۱ ص ۵۹ تا ۸۹ میں ذیل کے کتابخانوں کے بعض نوادر کا حال لکھا :

انقرہ - دل تاریخ و جغرافیہ فیکلٹی سی کتبخانہ سی (استنبول) - قیصریہ (راشد آفندی کتپ خانہ) - فخری بلکہ سی -

نے بھی عربی مخطوطات کا حال *Beit. zur kenntnis des Orients* میں لکھا۔
ان لوگوں کے بعد کتب حدیث پر میکس وائس وائلر Max Weisweiler
نے *Istanbuler Handschriftenstudien zur Arabischen traditions*
پر اپنی کتاب استنبول سے ۱۹۳۷ع میں شائع کی، اور فہمی ادھم اور
ایوان شُوکین Ivan Stchoukine نے کتابخانۂ دانش گاہ استنبول
کے مصور نسخون کا حال ۱۹۳۵ع میں پیرس سے شائع کیا، اور
ہنری ہاورڈ Henery Howard نے ۱۹۳۶ء میں *Journal of the*
American Orienial Society ص ۲۲۷ تا ۲۴۶ میں ایک
مقالہ شائع کیا بعنوان : *Preliminary Materials for a Survey*
of the Libraries and Archives of Istanbul - مسٹر وقار احمد
ہمذانی نے *Some Rare Manuscripts in Instanbul.* کے
عنوان سے ۱۹۳۸ع کے *JRAS* میں ایک مختصر مقالہ عربی
و فارسی مخطوطات پر لکھا، پروفیسر شپیز O. Spies نے بھی
Stambular Hdss. پر ایک رسالہ لکھا ہے (براکلمان، تکملہ ۲ :
۲۲۸ و ۳۱۶) - اس میں عربی زبان کے ان نوادر مخطوطات کا حال دیا
ہے جو تاریخ وغیرہ سے متعلق ہیں اور کتب خانہ ہای استنبول میں موجود
ہیں - دوسری جنگ عالمی میں اس کتاب کے نسخے جل گئے -
اور اب نایاب ہیں - میکس کراؤزے Max Krause نے ان مخطوطات
استنبول پر ایک مقالہ لکھا ہے جو ریاضی سے متعلق ہیں بعنوان :
Stambuler Hss. Islamischer Mathematiker Quellen u. Stn.
Zur Geschichte der Mathem., Astron., u. Phys. در
'*Abh. B. Stu.* Bd 3, Heft 4.

جب ۱۹۵۱ع میں مستشرقون کی بین‌الاقوامی کانگریس استنبول

میں منعقد ہوئی تو وہاں کے نوادر مخطوطات کی ایک مختصر مگر مفید فہرست بقید اسم کتابخانہ ارکان کانگرس کے لئے مرتب کی گئی جو ۳۸ صفحوں پر ختم ہوئی اور استنبول میں سنہ ۱۹۵۱ میں طبع و نشر ہوئی ، اسکا عنوان ہے : *Istanbul Umumia Kütüphaneleri Yazmalari Sergisi.*

یونیسکو نے تین پروفیسروں کی ایک کمیٹی مقرر کی ہے جسمیں پروفیسر رٹر ، استاد احمد آتش اور پروفیسر ڈوڈا شامل ہیں پروفیسر رٹر کمیٹی کے صدر ہیں۔ وہ دواوین و مجموعہ ہای شعر فارسی کے ان مخطوطوں کی فہرست تیار کر رہے ہیں جو استنبول کے کتابخانوں میں موجود ہیں۔ ستمبر ۱۹۵۶ع میں میں نے ان کو استنبول کے کتابخانوں میں مصروف کار پایا۔ [سنہ ۱۹۵۸ع میں پروفیسر رٹر نے مجھے استنبول میں بتایا کہ فہرست مرتب ہوگئی ہے مگر یونیسکو ابھی اسکی طباعت کیلئے تیار نہیں]

دانشگاہ تہران فاضل کے پروفیسر آقای مجتبیٰ مینوی بھی چودہ پندرہ مہینے(۱) سے استنبول میں مقیم ہیں اور حکومت ایران کے صرف سے عربی فارسی کے نادر اور منتخب مخطوطات کی نقلیں مائکرو فلم کے ذریعہ لے رہے ہیں، جب میں ان سے ملا تو وہ تقریباً ۸۰۰ نقلیں لے چکے تھے اور ان نسخوں کی مفصل فہرست تالیف کرنے کے لئے عالمانہ طریق پر مواد بھی فراہم کر رہے تھے۔ استنبول کو ''شہر مخطوطات'' کہنا غالباً انہی کی ایجاد ہے۔

---

(۱) در ۱۹۵۶ع؛ ۱۹۵۸ع میں وہ سفارت خانہ کبرای ایران انقرہ میں بعض سرکاری فرائض سرانجام دے رہے تھے اور مجھے سنا تھا کہ فرصت میں فطرت کی فلم گیری کا کام بھی کررہے تھے - دانشگاہ تہران کے مجلہ دانشکدۂ ادبیات بابت اکتوبر ۱۹۵۵ء و دسمبر ۱۹۵۷ء میں انہوں نے بعض نوادر کا حال بھی لکھا ہے -

غرض استنبول کے کتابخانوں میں اسلامی دنیا کے علم و فضل کے صدیوں پرانے آثار ہزاروں ایسے نادر مخطوطات کی صورت میں موجود ہیں جن کا اور ملکوں میں سراغ تک بھی نہیں ملتا، کامل و مکمل، صاف و خوشخط، مستند و معتبر، مضبوط و صحیح۔ استنبول کے استاذ محمد فواد سزگین کا اندازہ ہے کہ استنبول میں ''پانچسو سے سات سو تک،، مخطوطات عربی و فارسی و ترکی ایسے ہیں جو مصنفین کے خود نوشتہ ہیں؛ بیسیوں نسخے مصنف کے خطوط سے نقل ہوئے ہیں اور مصنفوں نے خود ان کی صحت کی تصدیق کی ہے، بیسیوں نسخے نامور کاتبوں کے خط میں ہیں۔ پھر تجلید و تذہیب اور تصویر کے نادر ترین نمونے بھی موجود ہیں ایسے کہ ان کو دیکھکر آدمی عش عش کر اٹھے، آنکھوں کا نور، دل کا سرور، کتاب و علم سے رکھنے کو جی نہ چاہے۔ چند مثالیں سنئے:

جب لین Lane نے قاہرہ میں بیٹھ کر اپنی لغت **مدالقاموس** مرتب کی تو اس کو صاغانی کی **عُباب** اور **تکملۂ صحاح** کے مطالعہ کی ضرورت پڑی۔ اسے معلوم ہوا کہ ایک کتابخانے میں دونو نسخے موجود ہیں۔ مگر دریافت کرنے پر کتابدار نے بتایا کہ دونو کتابیں غائب ہیں۔ چوری گئیں یا لوٹ میں جاتی رہیں۔ اس لئے کہ صاحب **تاج العروس** نے مستعار لی تھیں اور وہ فوت ہوئے تو ان کی کتابیں لٹ گئیں ان میں یہ دونو کتابیں بھی گئیں۔ مگر آج **عُباب** کی ایک خوشخط مشکول جلد استنبول میں موجود ہے اور **تکملۂ صحاح** کا نفیس اور کامل نسخہ بھی وہاں ہے۔

الاغانی للاصفہانی مورخ ۵۲۶ھ وہاں ہے، ابن منظور (م ۷۱۱ھ)

صاحب لسان العرب نے مختار الاغانی لکھی جس میں اس نے اغانی کے تراجم کو الفبائی ترتیب سے اضافات کے ساتھ از سر نو مرتب کیا۔ یہ نسخہ بخط ابن منظور استنبول میں ہے مگر افسوس کہ جلد ۱ و ۵ و ۶ و ۸ موجود نہیں۔ جلد ۳ ساری کی ساری ابو نواس کے ترجمہ پر مشتمل ہے۔ اصفہانی نے ابو نواس کا ترجمۂ مفردہ نہیں لکھا اس لئے ابن منظور نے یہ ترجمہ خود لکھ ڈالا۔ جلد ۳ کے اخر میں تاریخ تعلیق ۶۷۹ھ دی ہے، براکلمن (تکملہ ۱ : ۲۲۶) نے اس کتاب کے اور نسخوں کا بھی پتہ دیا ہے۔ ثعالبی کی کئی کتابیں استنبول میں موجود ہیں مثلاً: التمثیل والمحاضرۃ (نقل در ۸۵۹ھ از نسخۂ محررہ در ۵۷۶ھ ایا صوفیہ میں ہے)، غرر البلاغۃ، کنز الکتّاب، یواقیت المواقیت اور رسائل (نقل ۱۰۲۸)۔ کتاب الانساب لابی سعد عبدالکریم السمعانی و قفیۂ گیب نے عکسی چھاپی لیکن اصل نسخہ ایسا تھا کہ اس سے پورا استفادہ بہت مشکل ہے، استنبول میں نفیس کامل نسخہ موجود ہے اور اس کا منتخب بھی (در طوپ قاپو)، ان کے علاوہ سمعانی کی [1] ادب الاملاء والاستملاء بھی ہے (در فیضیہ، براکلمن : تکملہ ۱ : ۱۵۶۵)۔

تمثال الامثال جمال الدین محمد بن علی القرشی المکی الشافعی کا عمدہ نسخہ پنجاب یونیورسٹی میں ہے، مگر اس کا عمدہ نسخہ استنبول میں بھی ہے۔

ابو علی الفارسی کی کتاب الایضاح ہبۃ اللہ بن الحسن الکاتب کے خط میں نقل ہوئی، اس نے اپنا نسخہ ایسے اصل سے نقل کیا جو

---

(۱) اس کتاب کو میکس وائس وائلر نے ۱۹۵۲ء میں لیڈن سے شائع بھی کردیا ہے

جوالیقی کے خط میں تھا اور جوالیقی اس کتاب کو ابو زکریا تبریزی سے روایت کرتا ہے اور نسخہ مقروٴۃ پر ابوزکریا کی تصدیق بدین مضمون درج تھی کہ وہ نسخہ ۲۸۸ میں مدینۃ السلام میں اُسے پڑھ کر سنایا گیا (قرئی علیہ)۔

اسرار الحکماء ایک رسالہ یاقوت المستعصمی خطاط مشہور نے نصائح اور تصوف کے مضامین پر تصنیف کیا یہاں وہ یا فوت کے اپنے خط میں موجود ہے۔ تحریر ۶۸۶ھ، نہایت نفیس چرمی جلد میں مجلد، جس پر زرحل اور لاجورد کے نقش بنے ہوئے ہیں، حاجی خلیفہ نے اس کتاب کا ذکر نہیں کیا۔ **بساتین الفضلاء و ریاحین العقلاء** **تاریخ یمینی** کی شرح ہے جسے حمیدالدین النجاتی النیسابوری شاگردِ علامہ قطب‌الدین شیرازی نے ۷۰۹ھ میں ختم کیا۔ نسخۂ استنبول نسخۂ مصنف سے نقل ہوا اور اسے علاء ایبوردی نے ۱۰ جمادی الاخری ۷۳۳ھ میں ربع رشیدی، تبریز سے خریدا(۱)۔ صفدی کی **الوافی بالوفیات** (۷جلد، در نور عثمانیہ)، ابوعبیدالقاسم کی **غریب الحدیث** (نقل ۵۹۶ھ، در کوپریلی) اور اسی کی **کتاب الامثال** (در کوپریلی) اور **شرح کتاب الامثال** للسکری تینوں کے عمدہ نسخے یہاں ہیں۔ **نقائض** جریر و الاخطل کا قدیم نسخہ اور دواوین زمخشری و کشاجم و الصاحب ابن‌عباد اور المعتز باللہ بھی ہیں، دیوان‌المعتز کا نسخہ ابو فراس الھمدانی کے کتابخانے کا ہے۔ ایک مجموعہ دیوان **لقیط‌الایادی** اور **الحادرۃ** اور

---

(۱) ربع رشیدی رشیدالدین طبیب نے آباد کیا تھا جمادی‌الاول ۷۱۸ھ میں رشید مقتول ہوا اور ربع رشیدی لوٹ لیا گیا، عجب نہیں کہ یہ نسخہ رشید الدین کے کتابخانے کا ہو جو لوٹ کے بعد فروخت ہوا۔ النجاتی کا خود نوشتہ نسخہ ایسکوریال میں ہے (تکملۂ براکلمن ۱ : ۵۴۸)۔

لامیۃ العرب کا ہے محررہ ۸۲۹ھ جو ہرات میں یاقوت مستعصمی کے خط سے نقل ہوا۔ محمد بن ابراہیم الانصاری الواطواط الکتبی (م ۷۱۸) کی غرر الخصائص الواضحۃ وعرر النقائص الفاضحۃ النحاس کی شرح معلقات اور رسائل الخوارزمی اور رسائل السیوطی اور المختار من رسائل ابی اسحاق الصابیؒ اور مجموعۃ رسائل ابی ہلال العسکری اور معجم الصحابہ لابن قانع (م ۳۵۱) جس کے ''اوہام وتصحیف'' کے خلاف ابن فتحون مالکی نے اپنا رسالہ لکھا (تکملہ براکلمن ۱ : ۲۷۹)، اور نزھۃ المشتاق للادریسی یہ سب موجود ہیں۔ البیرونی کی آثار الباقیۃ کا نسخۂ نفیسہ کتابخانۂ بایزید میں ہے جس کی مدد سے کتاب کے مطبوعہ اڈیشن کو بعد تصحیح دوبارہ شائع کرنا چاہئے، اور اس طرح احوال الہند (در کو پریلی) اور القانون المسعودی (در بایزید) کے عمدہ نسخے بھی یہیں ہیں۔ بیہقی کی تتمۃ صوان الحکمۃ کو یہیں کے تین نسخوں کی مدد سے بعد تصحیح لاہور میں طبع کیا گیا تھا۔ یہاں اس کا ایک چوتھا نسخہ بھی نظر آیا۔ بعض اور نوادر یہ ہیں :

ذیل تاریخ الذہبی ، الحافظ الشیخ ولی الدین احمد العراقی کے والد حافظ عبدالرحیم العراقی (م ۸۰۶) نے العبر للذہبی کا ذیل لکھا تھا ، یہ کتاب اس کا ذیل ہے اور ۷۶۲ھ تا ۷۸۶ھ کے حوادث پر مشتمل اور خط مصنف سے منقول ہے (در کو پریلی)؛ راس مال الندیم لاحمد بن علی بن بانی مورخ تحریر ۵۳۹ھ در نور عثمانیہ، دوسرا نسخہ در یکی جامع (برا للمن تکملہ ۱ : ۵۸۶)، اس میں تاریخی وقائع درج ہیں : مرآۃ الزمان فی تاریخ اہل الزمان لسبط ابن الجوزی مکمل نسخہ (در مدیر یہ اوقاف)؛ عقد الجمان لبدرالدین العینی بخط

مصنف (در ولی الدین)؛ ابانه عن سرقات ابی الطیب المتنبی" تالیف ابی سعد محمد بن احمد العمیدی م ۴۳۳ھ، قدیم نسخه جو عجب نہیں کہ بخط مصنف ہو۔

فارسی مخطوطات میں سے چند نوادر یہ ہیں:

طبقات المشایخ خواجہ عبداللہ انصاری کا خوشخط نسخہ (محررہ ۸۳۹ھ، عہد شاہرخ)؛ جامع العلوم امام فخررازی (مورخ در ۹۰۴ھ)؛ رحیق التحقیق مثنوی مبارک شاہ غوری (ایا صوفیہ کے ایک مجموعہ میں)؛ ابن اسحق کی سیرۃ رسول اللہ اور غزالی کی احیاء علوم الدین کے فارسی ترجمے۔

چنگیز خانیوں اور تیموریوں[۱] کے متعلق مواد کی افراط ہے۔ تاریخ چنگیز خانی عربی (نقل ۷۸۵) کے علاوہ رشیدالدین فضل اللہ وزیر کی متعدد کتابوں کے عمدہ نسخے ہیں مثلاً:

جامع التواریخ (عربی و فارسی)؛ شعب پنجگانہ (یعنی نسب نامہ آل چنگیز وغیرہ) منحصر بفرد نسخہ؛ فوائد رشیدیہ (یکی جامع)؛ بیان الحقائق (عربی و فارسی)؛ لطائف الحقائق (ایا صوفیہ)؛ کتاب الاسولہ والاجوبۃ الرشیدیۃ جس میں معقولات و منقولات پر سوال اور رشید طبیب کے جواب ہیں، تالیف نظام یزدی از ملازمان رشید۔

ان کے علاوہ شمس کاشانی کا شہنامہ" چنگیزی (در مدیریہ اوقاف) ہے اور مہمان خانہ" بخارا از فضل الدین روز بہان مشتہر بخواجہ مولانا اصفہانی، اس میں محمد شیبانی خان کے عہد کی تاریخ ہے

---

(۱) قب Walther-Hinz: *Quellenstudien zur Geschichte der Timuriden* در *Z.D.M.G.* جلد ۹ (۱۹۳۶ء) ص ۳۵۷،

(نسخه منحصر بفرد)؛ حافظ ابرو کی زبدة التواریخ اور ذیل جامع التواریخ (در نور عثمانیه)؛ مطلع سعدین کے نسخون میں سے جو یہاں ہیں شاید اہم‌ترین جلد دوم کا نسخه ہے جو سلیمیه ادرنه میں ہے - تاج سلمانی کی تاریخ تیمور جو اواخر عہد تیمور اور ابتدای عہد شاہرخ کی تاریخ ہے اہم کتاب ہے- اس کے یہاں دو نسخے ہیں (دیکھیں ٹاور Tauer شمارہ ۳۱۴ و ۳۱۵)-

سلطان احمد بن خاوند شاہ حسینی کا ظفر نامه جو ابوالفتح بدیع الزمان بہادر خان کے حکم سے تالیف ہوا (در فاتح؛ ٹاور Tauer ۳۲۰، غالباً منحصر بفرد نسخه)-

اسی زمانے کے لئے مفید مواد کتب ذیل میں مل سکتا ہے جو یہاں موجود ہیں :

جوامع‌الانشاء از ہروی جس میں ابو سعید مرزا کا فتح نامه، سلطان حسین بایقرا اور حسن بیگ کی مکاتبت، اور اسی زمانے کے اور بہت سے مکتوب ہیں (در نور عثمانیه)؛ منشئات از زمان شاہرخ تا ابوسعید مرزا (مورخ در ۸۸۶ھ، در کتابخانهٔ یونیورسٹی)؛ دستور الکاتب لتعیین المراتب از ہندو شاہ نخچوانی تالیف بنام اویس بن بہادر خان جلائری (م۷۷۷) (کشف‌الظنون ۱ : ۴۹۲) (در ایا صوفیا)؛ دیوان امیری، اس میں بایسنغر اور علاءالدوله کی مدح میں قصائد بھی ہیں، نہایت نفیس نسخه (در ایا صوفیا)؛ اشعار خواجه ابوالوفاء خوارزمی[1] (م۸۳۵؛ معاصر شاہرخ، در کتابخانه موزهٔ ہمایون)؛

---

(۱) رک برای وی به مطلع سعدین جلد ۲ جزء ۳ : ۱۱۰۴ -

مکارم اخلاق از کمال‌الدین حسینی خوارزمی (م ۸۴۰) شارح مثنوی مولانا روم بزمان شاهرخ (یہ کتاب امیر شاہ ملک کے لئے لکھی گئی۔)؛ کتاب التشریح چینی اناٹومی Anatomy کے مضمون پر فارسی میں، مصور نسخہ جو ۷۱۳ھ میں تبریز میں نقل ہوا؛ مجموعۃالرسائل از نعمان الدین خوارزمی امام امیر تیمور؛ حمداللہ قزوینی کے ظفرنامہ کا حال کچھ عرصہ ہوا برٹش میوزیم کے نسخہ کی بنا پر ضمیمہ اورینٹل کالج میگزین میں شائع کیا گیا تھا؛ میوزیم میں اسے منحصر بفرد قرار دیا گیا ہے۔ مگر اس کے دو نفیس قدیم نسخے مدیریۂ اوقاف (تورک اسلام اثرلر موزہ سی) میں ہیں؛ فرائد غیاثی کے دو ہی ناتمام نسخے میرے علم میں تھے، یہاں ۸۲۱ھ کا ایک نسخہ بظاہر مکمل موجود ہے۔ میخانہ کے دو ناقص الاول نسخے ہندوستان میں ملے تھے، یہاں کامل نسخہ موجود ہے،

یہ مخطوطات مختلف کتابخانوں میں ہیں۔ مدیریہ اوقاف میں قرآن مجید کے بہت سے قدیم الخط نسخے ابتدائی اسلامی خطوط میں ہیں اور فارسی عربی کے مصور نسخوں کی ایک کثیر تعداد موجود ہے۔

توپ قاپو سرای میں بایسنغر بن شاہرخ مرزا، یعقوب مرزا آق قوینلو، اور بہرام مرزا صفوی کے مرقعات اور جُنگ تصاویر ہیں۔

اس داستان کو کہاں تک طول دیا جائے اور آپ کے حسن سماعت سے کہاں تک فائدہ اٹھایا جائے؟ مخطوطات کے علاوہ استنبول میں خزینۂ اوراق و اسناد (Archioes) بھی ہے جس میں آل عثمان کی تاریخ اور ثقافت کا نہایت اہم مواد موجود ہے۔ حکومت ترکیہ پر اور اہل علم پر ان مخطوطات اور دیگر علمی مواد کی مفصل

اور جامع فہرستیں مرتب کرنے کا فریضہ عائد ہوتا ہے۔ ایسی فہرستوں کے بغیر ترکی اور اسلامی بلکہ عالمی ثقافت اور ادب کی تاریخ کے متعلق تحقیقات ہمیشہ نامکمل رہے گی۔

ہمارے نقطۂ نظر سے بیحد ضروری ہے کہ مائکروفلم کے ذریعہ ان کتابخانوں کے منتخب نوادر عربی و فارسی کے نقول حاصل کئے جائیں۔ مگر یہ کام بغیر حکومت کی اعانت کے سرانجام نہیں پا سکتا۔ اس لئے اہل ملک کو حکومت پاکستان کی توجہ اس طرف منعطف کرنا ضروری ہے۔ تقریباً ۶۴ برس ہوئے مولانا شبلی مرحوم نے اپنے سفرنامہ مصر و شام و روم میں اس تجویز پر بہت زور دیا تھا کہ قسطنطنیہ اور مصر سے کتابوں کی نقلیں منگوائی جائیں۔ مگر اس وقت حالات موافق نہ تھے اور یہ کام بہت مشکل تھا۔ آج اپنی حکومت ہے اور مائکروفلم نے اس کا فنی پہلو آسان کر دیا ہے۔ صرف احساس ضرورت اور توجہ ارباب اختیار شرط ہے تاکہ یہ تجویز عملی صورت اختیار کرے۔

باقی آیندہ

محمد شفیع

اوریئنٹل کالج میگزین، فروری ۱۹۵۹ء، صفحہ ۲۰ کے لیے

زیادات

ص ۱۱، سطر قبل آخر : پروفیسر رٹر (H. Ritter) نے مجلۂ Oriens، جلد ۲، شمارہ ۲، ص ۲۳۶ تا ۳۱۴ میں اناطولیہ اور استنبول کے مخطوطات کا حال دیا ہے بعنوان :

Philologua : XII Arabische Handschriften in Anatolia und Istanbul.

ص ۱۲، حاشیہ (۱): بجای "و دسمبر ۱۹۵۷" "جنوری و دسمبر ۱۹۵۷" پڑھیے -

ڈاکٹر نذیر احمد
(مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ)

نادرالعصر استاد احمد

معمار قلعہ دھلی و روضہ تاج محل[1] کے خاندان کے متعلق بعض اضافے

استاد احمد شاھجہانی عہد کا ممتاز ترین سہندس اور معمار تھا - اسکے توسط سے اس دور کی مشہور عمارتیں وجود مین آئین - اس پر سب کا اتفاق ھے کہ قلعۂ دھلی اسکے کمال صناعی کا نتیجہ ھے اور بعض معتبر علما روضۂ تاج محل کو بھی اس کے کمال کی یادگار بتاتے ھیں - اسکے اور اسکے خاندان کے متعلق کافی لکھا جا چکا ھے - مگر ابھی لکھنے کی گنجائش باقی ھے - اب تک استاد احمد کے خانوادے کا آخری فرد جسکا نام بالیقین اور تسلسل کے ساتھ معلوم ھو سکا ھے وہ میرزا محمد علی ھے - مجھے اسکے بیٹے زین العابدین عرف مکھو کا نام معلوم ھوگیا ھے - اسکے ساتھ ھی بعض اور معلومات

---

(۱) مولانا سید سلیمان ندوی مرحوم تاج محل کو استاد احمد کے کمال کا نتیجہ بتاتے ھیں - مگر ڈاکٹر عبداللہ چغتائی کو تأمل ھے - میں نے اپنی بعض تحریروں میں ڈاکٹر صاحب کو سید صاحب کا ھم خیال لکھدیا تھا اس کے لئے میں ڈاکٹر صاحب سے معذرت خواہ ھوں - اس مضمون کے مواد کی فراھمی میں ڈاکٹر مختارالدین احمد کی کوشش کو بڑا دخل ھے راقم ان کا ممنون احسان ھے -

دستیاب ہوگئی ہیں جنکو ذیل میں پیش کیا جاتا ہے۔ استاد احمد کا شجرہ یہ ہے۔



ابوالخیر استاد احمد کا پوتا تھا۔ اسکی پانچ نثری تصانیف کا تعارف ہو چکا ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ وہ شاعر بھی تھا اور غالباً معنی تخلص کرتا تھا۔ غالباً اسلئے کہ خود ابوالخیر کے رسالے قانون الوفق کے دونوں نسخوں میں ''المتخلص بہ معنی الوفائی'' پایا جاتا ہے۔ معلوم نہ ہو سکا کہ وفائی کا معنی سے کیا رشتہ ہے۔

ابوالخیر کا لقب ابوالمعالی تھا۔

رسالہ قانون الوفق کے دو نسخے مسلم یونیورسٹی علی گڑھ کے کتاب خانے میں موجود ہیں۔ (۱) احسن مارہروی کے کلکشن میں (شمارہ اء ۵۲۰) ایک اور رسالے کے ساتھ محفوظ ہے (۲) سبحان اللہ کے کلکشن مین شمارہ ۷ء ۲۹۷/۶۶ کے ذیل میں۔ پہلا نسخہ ناقص الآخر اور سترہ صفحات پر مشتمل ہے۔ دوسرا کامل ہے اور پندرہ صفحات پر پھیلا ہوا ہے۔

قانون الوفق ایک مقدمہ دو باب اور خاتمے پر مشتمل ہے۔ چند ابتدائی سطریں درج ذیل ہیں۔

حمد بیحد احدے را کہ اعداد عوام بشر را از عدم در نقشۂ وجود جلوہ گر نمود و شکر بے عدد صمدے را کہ بر افراد خواص انسان کمل خزاین و ابواب سر لاریب(۱) کشود..... اما بعد واضح می گرداند بندۂ خاکسار ابوالخیر ملقب بابوالمعالی المتخلص بمعنی الوفائی بن لطف اللہ المشتہر بمہندس غفراللہ لہ و لوالدیہ و احسن الیہما و الیہ کہ این قواعد چند است در وفق اعداد کہ برائے طالبان این فن بطریق یادگار بر صفحہ روزگار ثبت افتاد در عہد بادشاہ جرم بخش عذر پذیر شاہ عالمگیر خلداللہ ملکہ و سلطانہ و افاض علی العالمین برہ و احسانہ فی سنہ الف و تسع و تسعین من ہجرۃ سیدالمرسلین صل، یارب، علیہ و نام این رسالہ قانون الوفق مقرر گشت و منقسم شد بر یک مقدمہ و دو باب و خاتمہ۔ مقدمہ و آن مشتمل است بر دو فصل فصل اول در اسمائے چیزہائے کہ موقوف است بر بعضے مطالب(۲) مبنی بر اصطلاح قوم و مصطلح خاص این فقیر الخ۔

قانون الوفق ابوالخیر کی دریافت شدہ کتابوں میں سب سے قدیم ثابت ہوتی ہے۔ اسکی پہلی کتاب شرح زیج جدید محمد شاہی ۱۱۴۰ھ کی ہے۔ اور قانون الوفق ۱۰۹۹ ہجری یعنی اس سے ۴۱ سال قبل مکمل

---

(۱) نسخہ دوم: بی ریب۔
(۲) نسخہ دوم: از مطالب۔

ھوئی ۔ آخری کتاب تقریب التحریر ۱۱۶۱ ھجری کی ھے گویا اس اعتبار سے ابوالخیر کی تصنیف و تالیف کا زمانہ ۶۲ سال سے زیادہ ھو جاتا ھے ۔ اگر قانون الوفق کی تحریر کے وقت اسکی عمر پچیس سال تسلیم کر لی جائے تو ۱۱۶۱ ھجری مین وہ ستاسی سال کا ھوگا۔

ابوالخیر کے لڑکے محمد علی کی ایک مزید کتاب مقدمہ التقویم مولانا حبیب‌الرحمن خان صاحب شیروانی (حبیب گنج علی گڑھ) کے کتابخانے مین (شمارہ ۹/۲۰ ۔ نمبر سلسلہ ۱۹۴۸ء۔ فن ریاضی و نجوم فارسی) محفوظ ھے ۔ یہ رسالہ دو باب پر مشتمل ھے اور ھر باب میں چند فصلیں ھیں ۔ کل صفحات ۵۹ اور ھر صفحے میں ۱۱ سطریں ھیں۔ کاتب محمد علی کا فرزند زین‌العابدین عرف مکھو ھے ۔ لطف یہ ھے کہ باپ نے یہ رسالہ اسی لڑکے کیلئے لکھا تھا ۔ رسالے کے بعض ضروری اقتباس درج ذیل ھین:۔

"اما بعد این مختصرے است در علم ھیئت برائے تعلم مبتدیان کہ بشناختن تقویم شوق دارند و طالب علم احکام اند و این کار موقوف بر علم ھیئت است و خواندن کتاب مبسوط را مدت مدید می باید لہذا انچہ در معرفت تقویم اول باید دانست نوشت و مسمٰی بہ مقدمۃالتقویم ساخت امید از فضل الہی آنست کہ فرزند ارجمند زین‌العابدین سلمہ‌اللہ تعالی و ابقاہ بحرمت سمی سید اولاد الرسول و نخل‌البتول ازین مختصر فائدہ بردارد و ھم دیگر کسے کہ شوق بعلم تنجیم دارد یابد و انا الکاتب العبد محمد علی الریاضی بن خیراللہ خان بن لطف‌اللہ المہندس غفراللہ لہ ولوالدیہ و احسن الیہما و الیہ"۔

"انحطاط آفتاب زیاده از هژده درجه نخواهد بود چنانچه عم فقیر امام الدین در شرح رسالهٔ اوقات نماز که از مصنفات جدی مرحوم است به بسط تمام این مقدمه بیان کرده اند"

ترقیمه یه ہے۔

"از تحریر این کتاب مستطاب مسمٰی به مقدمةالتقویم در علم تنجیم یکے از مصنفات والدی و استادی میرزا محمدعلی ابن خیرالله خان مهندس ابن لطف‌الله بر دست احقرالعباد زین‌العابدین عرف مکهو اللهم انفع؟ له بهذه الرساله آمین بتاریخ بیست و هفتم رجب‌المرجب ۱۱۷۹ هجری۔"

ان تحریرات سے حسب ذیل نتیجے نکلتے ہیں۔

(۱) محمد علی بھی ریاضی میں دستگاہ رکھنے کی وجہ سے اپنے کو الریاضی نسبت سے یاد کرتا ہے۔

(۲) محمد علی نے کتاب تقریب النحریر کا مسودہ صاف کر کے قابل اشاعت بنایا اور اسپر دیباچہ لکھا تھا۔ اسکے علاوہ اسکی ایک عربی کتاب 'تخریج نصف‌النہار' کا ذکر ڈاکٹر عبداللہ چغتائی نے کیا تھا۔ مقدمةالتقویم اسکی دوسری تصنیف ہوئی زین‌العابدین نے ترقیمے میں اسکی کتابوں کا ذکر بصیغۂ جمع (مصنفات والدی) کیا ہے۔ ممکن ہے کہ وہ اور چند کتابوں کا مصنف رہا ہو۔

(۳) مرزا محمد علی اپنے بیٹے زین‌العابدین کا استاد بھی رہ چکا تھا۔

(۴) اس رسالہ میں املا وغیرہ کی بعض خامیاں پائی جاتی ہیں۔ ممکن ہے زین‌العابدین نے طالبعلمی میں اسکی کتابت کی ہو۔ ۱۱۷۹ ہجری میں اس کی علمی زندگی شروع نہ ہوئی ہوگی۔ اسکا دادا کم سے کم ۱۱۶۱ ہجری تک تصنیف میں مصروف تھا۔ دادا اور پوتے کی علمی زندگی میں ۱۸ سال کا فرق کم معلوم ہوتا ہے۔

(۵) محمد علی کے دادا یعنی لطف‌اللہ مہندس کی تصانیف میں رسالۂ اوقات نماز کا اضافہ ہوا۔ (از مصنفات جدی مرحوم)۔

(۶) محمد علی کے چچا امام الدین ریاضی کی تصانیف میں ایک شرح یعنی شرح رسالۂ اوقات نماز بھی تھی۔

مظفر ملک (ایم - اے)

شاہ عالم آفتاب

وہ لوگ جو حکومت و سلطنت کے علاوہ اقلیم سخن کے بھی تاجور ہوئے ہیں انکی فہرست میں شاہ عالم ثانی بھی شامل ہیں ذیل میں ہم ان کے حالات اور کلام پر مختصر تبصرہ کرتے ہیں ۔

حالات ۔ 'میرزا عبداللہ' نام، بچپن میں 'لال میاں' اور 'میرزا بلاکی' اور جوان ہوکر 'شہزادہ عالی گہر' کہلاتے تھے ۔ جب بادشاہ ہوئے تو ''ابوالمظفر جلال‌الدین محمد شاہ عالم ثانی'' لقب اختیار کیا ۔ انکے والد عزیزالدین عالم گیر ثانی، دادا معزالدین جہاندار شاہ، اور پردادا شاہ عالم اول تھے ۔ ماں کا نام بی ننھی تھا، جو ان کی صغر سنی میں انتقال کر گئیں اسلئے نواب زینت محل نے گود لے لیا (۱) ۱۷ ذی قعد سنہ ۱۱۴۰ھ مطابق ۱۴ جون سنہ ۱۷۲۸ء کو پیدا ہوئے ۔ انکی پیدائش کے وقت عالم گیر ثانی، فرخ سیر کی قید میں تھے (۲) عمر کے پچیس سال باپ کے ساتھ قید و بند میں گذرے (۳)۔ ۲۹ نومبر سنہ۱۷۵۹ء مطابق ۸ ربیع‌الثانی سنہ ۱۱۷۳ھ انکے والد (عالم گیر ثانی) قتل کردئیے گئے (۴) ۔ ان دنوں یہ پٹنہ میں تھے، وہیں ۲۴ دسمبر

---

(۱) سیرالمتاخرین جلد دوم ص ۵۹ و تذکرۃالشعراء محسن علی محسن (قلمی) بحوالہ دیباچہ نادرات شاہی (عرشی) مطبوعہ ہندوستان پریس رام پور ۱۹۴۴ - ص ۵ ، ۶

(۲) واقعات اظفری ص ۸ ا د مفتاح‌التواریخ ص ۲۹۸

(۳) میر حیات اور شاعری (احمد فاروقی) ص ۱۸۸

(۴) سیرالمتاخرین جلد سوم (ص ۹۲۸) مطبوعہ نولکشور

سنہ۱۷۵۹ء مطابق ۴ جمادی‌الاول سنہ ۱۱۷۳ھ اپنی تخت نشینی کا اعلان کیا۔ مگر ۲۹ رمضان‌المبارک سنہ۱۱۸۵ھ (۲۵ دسمبر سنہ ۱۷۷۱ء) تک دھلی آنا نصیب نہ ھوا (۱)۔ سنہ۱۷۶۵ء مطابق سنہ ۶ جلوس میں بنگال، بہار اور اڑیسہ کی دیوانی بعوضی چھبیس لاکھ روپے سالانہ انگریزوں کو عطا کرچکے تھے (۲)۔سنہ ۱۷۸۹ء کو غلام قادر روھیلے کے ھاتھوں آنکھیں ضائع ھوگئیں (۳)۔ مگر مادھوجی سیندھیا کی بدولت تخت دوبارہ نصیب ھوگیا۔ اور نو لاکھ روپیہ سالانہ وظیفہ مقرر ھوا۔ اگرچہ فی‌الحقیقت سترہ ھزار روپیہ سالانہ سے زیادہ کبھی نہیں ملے (۴)۔ سنہ ۱۸۰۳ء میں جب لارڈ لیک نے دھلی کو فتح کیا تو ذاتی املاک کے علاوہ ایک لاکھ روپیہ وظیفہ اخراجات خاصہ کے طور پر مقرر ھوگیا۔ اور قلعہ میں پابند کردئیے گئے۔ ۷ رمضان سنہ ۱۲۲۱ھ مطابق ۱۹ نومبر سنہ ۱۸۰۶ء قید زندگی و پابندی فرنگ سے نجات ھوگئی ''فردوس مکاں شاہ عالم بادشاہ'' سے تاریخ وفات نکلتی ھے (۵)۔

شاہ عالم، فارسی، اردو، ھندی (بھاشا) اور پنجابی کی نظم و نثر پر قدرت رکھتے تھے۔ مجموعہ نغز میں ان کے سنسکرت جاننے کا

---

(۱) وقائع عالم شاھی میں دلی آنے کی یاد میں نرسنگھ داس خوشدل کا یہ قطعہ تاریخ مندرج ھے :-

بر سر اھل شاھجہاں آباد
سایہ گستر و ظل سبحانی
روز تشریف بست و نہ رمضان
سال تاریخ عید رمضانی

(۲) سیرالمتاخرین
(۳) تاریخ عبرت افترا (خیرالدین) ص ۲۶
(۴) بحوالہ ٹوائی لائٹ آف دی مغلز
(۵) خمخانہ جاوید ج ۱ ص ۶-۱

بھی ذکر ہے۔ نادرات شاہی کے دیباچہ میں عرشی نے انکی ترکی دانی کا بھی اظفری کے حوالہ سے ذکر کیا ہے۔ فارسی و اردو میں 'آفتاب' و بھاشا میں 'شاہ عالم' تخلص تھا۔ لیکن اس اصول پر باقاعدگی سے عمل نہیں کیا۔ بعض اوقات اردو اور فارسی کلام میں بھی ''شاہ عالم'' استعمال کیا ہے اور کہیں کہیں 'بحر' کی مجبوری کی بنا پر ''خورشید'' بھی استعمال کیا ہے۔

(۱) رکھتا ہے ہوس بوسے کی تیرے **شاہ عالم**
پاوے گا بہت تیرے اس انعام سے لذت

(۲) بحق تاج رسل رہیو اے **شہ عالم**
ازل تلک تیرا قائم ہمیشہ تخت اور تاج

(۳) توصیف کوئی کرسکے کیا اے **شہ عالم**
رتبہ ہے ترے شعر کا گفتار سے عالی

(۴) ایک ذرہ تسلی نہ ہو **خورشید** جہان کو
اک بوسہ بھی جب تک اسے انعام نہ ہوگا

۵) نامم کہ درین بحر نہ گنجد ز بلندی
ہم معنی **خورشید** بلفظ دگری بود (۱)

فارسی میں مرزا محمد فاخر مکین سے مشورہ سخن تھا (۲)، اردو میں بقول آزاد، سودا سے اصلاح لیتے تھے (۳)، لیکن یہ درست نہیں، کیونکہ سودا سنہ ۱۱۶۷ھ میں دلی سے فرخ آباد جا چکے تھے (۴) اور جیسا کہ پہلے لکھا جا چکا ہے، شاہ عالم ثانی سنہ ۱۱۸۵ھ مین دھلی آئے

---

(۱) نادرات شاہی
(۲) نشتر عشق ص ۶۵۵ (ا،ب)
(۳) آبحیات ص ۱۴۹
(۴) سودا (شیخ چاند ص ۵۰)

مشورۂ سخن بذریعہ خط و کتابت اس عہد میں رائج نہ تھا لہذا اس کا احتمال نہیں (۱)۔

تصنیفات:۔ دیوان فارسی، ابھی تک طبع نہیں ہوا۔ ایک نسخہ بہار ریسرچ سوسائٹی پٹنہ اور دوسرا برٹش میوزیم لنڈن میں موجود ہے دونوں مذکورۃالصدر دیوانوں کے مطلع‌جات حسب ذیل ہیں(۲):

(۱) الٰہی از کرم چون پادشاہی دادۂ مارا
مطیع حکم ما از لطف کن اقلیم دلہا را

(۲) خداوندا برافروزان بنور خود چراغم را
لبالب از شراب معرفت گردان ایاغم را

دیوان اردو:۔ آزاد(۳) اور سری رام(۴) نے چار دیوانوں کا ذکر کیا ہے۔ اب ان کا کوئی سراغ نہیں اشپرنگر صرف ایک دیوان کا ذکر کرتا ہے(۵) جس کا مطلع یہ تھا ؎

کیجئے ہمدم، بھلا کیون کر نہ شکوہ یار کا؟
ہم تو بندے اسکے ہوں وہ یار ہو اغیار کا

منظوم اقدس:۔ (اردو زبان میں مثنوی) و قصہ شاہ شجاع الشمس (نثر) دونوں نایاب ہین۔

---

(۱) نادرات شاہی کے مقدمہ میں مولانا عرشی رقم طراز ہیں "....بنابریں یہ مسئلہ ہنوز فیصلہ طلب ہے۔ اس سلسلے میں یہ امر بھی قابل لحاظ ہے کہ سودا کے کلیات میں صرف ایک قصیدہ شاہ عالم کی مدح میں ہے۔ اگر رشتہ استادی شاگردی ان میں ہوتا، تو ایک سے زیادہ بار مدح و ثنا کا موقعہ پیش آنا چاہئے تھا" صفحہ ۳۵۔

(۲) تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو مقدمہ نادرات شاہی۔

(۳) آب حیات صفحہ ۸۰ حاشیہ۔

(۴) خمخانہ جاوید ج ۱ صفحہ ۱۰۶۔

(۵) بحوالہ مقدمہ نادرات شاہی۔

نادرات شاهی :۔ یہ شاہ عالم کے اردو، فارسی، ہندی اور پنجابی اشعار کا مجموعہ ہے یہ نام خود شاہ عالم کا تجویز کردہ ہے ؎

مود آپاوے چت کو سبے رسن کو دھام
نادرات شاہی دھریو یا پوتھی کو نام(۱)

خاتمہ کی رباعی سے معلوم ہوتا ہے کہ سنہ ۱۲۱۲ھ میں یہ مجموعہ مرتب کیا گیا :۔

این نسخہ کہ ہست جامع جملہ علوم
گردید بحکم شاہ عالم مرقوم
اثنا عشر از احادھم بود مآت
۱۲۱۲ھ کیں گشت بہ نادرات شاہی موسوم

یہ نسخہ حسب الحکم فرمانروائے رامپور و بہ تصحیح امتیاز علی خان عرشی سنہ ۱۹۴۴ھ میں طبع ہوا۔ موصوف نے ایک مبسوط تبصرہ بھی ساتھ شامل کر دیا تھا جو بہت بصیرت افروز ہے۔ غالباً اس کے دوبارہ طبع ہونے کی نوبت نہیں آئی۔ اور اب نایاب ہے۔

مجموعہ زیر نظر اور شاہ عالم ثانی کے دوسرے کلام کے مطالعہ سے (جو مختلف ذرائع سے ہم تک پہنچا ہے) ہم یہ دعویٰ کر سکتے ہیں کہ وہ ایک بلند پایہ شاعر تھے۔ اظہار جذبات میں وہ میر اور درد کے ہم پایہ ہیں۔ اور قدرت سخن اور کلام میں تنوع کے لحاظ سے ان کا مقابلہ سودا اور انشاء سے کیا جا سکتا ہے۔ بیان کی سادگی اور دلآویزی ان کا خاص جوہر ہیں۔ جو کچھ انکے دل میں آتا ہے اسے سیدھے سادے الفاظ میں بلا تکلف اس طرح ادا کر جاتے ہیں کہ

---

(۱) نادرات شاہی صفحہ ۳۰۹ -

اسکی مثال اردو شاعری میں ممکن نہیں ۔ یہ ہندی اور پنجابی طرز ادا کا اثر ہے ۔ ان کا کلام ایہام سے بالکل پاک ہے ۔ جابجا اپنے خاندان کے افراد اور اپنے عہد کی مختلف رسوم کا ذکر کرتے ہیں جس کی وجہ سے ان کا کلام زیادہ دلچسپ اور آگہی افزا ہوگیا ہے ۔ اس میں اردو فارسی غزلیات کے علاوہ سٹھنے، ہولی، دوہڑہ، کبت، حمد، نعت، مہدی وغیرہ شامل ہیں ۔ اس مجموعہ کی ایک خصوصیت یہ ہے کہ جا بجا ان راگون کے نام اور تال دے دیئے گئے ہیں جن پر ان مخصوص اصناف سخن کو گایا جا سکتا ہے ۔ وہ لوگ جو موسیقی میں درک رکھتے ہیں اس سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں ۔

غزل ریختہ

شاہ عالم آفتاب کی غزلیات روانی، درد اور تاثیر کے لحاظ سے شاہکار ہیں ۔ کوثر و تسنیم میں دُھلی ہوئی قلعہ معلی کی زبان کی لذت ملاحظہ ہو :-

پاتا نہیں ہوں اور کسی کام سے لذت
جو کچھ کہ میں پاتا ہوں ترے نام سے لذت

کیفیتیں اس دیدۂ میگوں سے جو پائیں
پائی نہ کبھی بادے سے اور جام سے لذت(۱)

ظاہر ہے تری نرگس مخمور سے مستی
ٹپکے ہے ترے لعل مے آشام سے لذت

---

(۱) کیفیت چشم اسکی مجھے یاد ہے سودا
ساغر کو مرے ہاتھ سے لینا کہ چلا میں ۔ سودا

چشم تو پر ز مستی و جام تو پر ز مے
ساقی تو خود بگو کہ بنوشم کدام را

(اکبر منیر، پروفیسر)

پاتا ہوں مزا بیکلی اور درد کا ایسا
پاوے ہے کوئی جیسے کہ آرام سے لذت

رکھتا ہے ہوس بوسے کی تیرے شہ عالم
پاوے گا بہت تیرے اس انعام سے لذت

کیا ہو، اگر جو پیارا آ مجھ سے بات کر لے
آ کر گلے میں میرے الفت سے ہات کر لے

پھر وہ ہی گرمجوشی، الطاف و مہربانی
کرنا تھا آگے جتنی اب میرے سات کر لے

رم کردہ دل ہمارے وحشی کے صید خاطر
آنکھوں کو کر قراول، کئی داؤ گھات کر لے

مجھ دل کی صبر و طاقت، ہوش و خرد کی باری
اک کشت سے نگہ کی فی‌الفور مات کر لے

مغرب میں زلف کے پھر دل آفتاب کالے
فرقت کے دن کو، اے مہ، وصلت کی رات کر لے

شاہ عالم کے کلام کی ایک خصوصیت یہ بھی ہے کہ وہ کبھی کبھی ردیف اور قافیہ کا کام ایک ہی لفظ سے لیتے ہیں اور قوافی بھی بھی ایسے کڈھب منتخب کرتے ہیں (۲)، کہ بغیر قدرت کلام کے انہیں نبھانا دشوار و محال ہے۔ ملاحظہ ہو:۔

ہم سے کہو، اے دلبر، دل کس سے جا کے اٹکا؟
دن رات جی کو میرے رہتا ہے ایہی کھٹکا

---

(۲) بعض دفعہ ردیف کا التزم نہیں کیا مثلاً
گو سدھ نہیں اُس شوخ ستمگر نے سنبھالی
تس پر بھی کوئی بات ادا سے نہیں خالی
دل چاہتا ہے چلئے پیارے کے اب نگر
الفت کی باتیں کیجئے ہر وہ ملے اگر

الفت سے جب کہ ہم نے دامن کو تیرے پکڑا
تونے وہیں چھڑایا، اے شوخ، دیکے جھٹکا
(معاملہ بندی)

غیروں کے ساتھ کیسی واشد ہے تجھ کو، گلرو
کانٹا سا، ایک میں ہی نظروں میں تیری کھٹکا

اس نازنین دھن سے حرف اس ادا سے نکلا
گویا کہ غنچہ گل صحن چمن مین چٹکا
(حسن تشبیہہ)

افسون نہو موئثر کوئی، آفتاب، اس کو
دیکھا ہے جس نے اسکی زلف سیہ کا لٹکا

سلاست، روانی، لطافت اور خوش بیانی کا جلوہ مندرجہ ذیل غزل مین دیکھیں، ردیف اور قافیہ کی موسیقیت، خیالات کی ہم‌آہنگی اور برجستگی قابل دید ،قابل داد اور فردوس گوش ہے :-

جب وہ نظریں دو چار ہوتی ہیں
تیر سی دل کے پار ہوتی ہیں

رنجشیں میری اور اس گل کی
رات دن مین ہزار ہوتی ہیں

عشق میں بے حجابیاں دل کی
کیا ہی بے اختیار ہوتی ہیں

تو جو جاتا ہے باغ میں اے گل
بلبلیں سب نثار ہوتی ہیں

قمریاں بندگی میں تجھ قد کی
سر بسر طوقدار ہوتی ہیں

آفتاب اس کے وصل کی باتیں
باعث اضطرار ہوتی ہیں

دنیا کی بے ثباتی اور اس سے بیزاری، اردو شاعری کا ایک مرغوب موضوع ہے۔ تقریباً سب شعراء نے اس مضمون پر طبع آزمائی کی ہے، میر اور درد کے ہاں یہ انداز نسبتاً زیادہ ہے۔ اس کی وجہ وہ مالی، معاشی، اقتصادی اور مجلسی نامساعد حالات ہیں، جو انہیں در پیش تھے۔ ان کے مصائب بے پناہ سہی مگر پھر بھی شدت کے لحاظ جو کچھ شاہ عالم پہ گذری اس کے مقابلہ میں ہیچ ہیں۔ اس لئے سوز و گداز کی کیفیتیں اور دنیا سے بیزاری شاہ عالم کے کلام میں نتیجۃً زیادہ ہیں۔

دنیا پہ مت ہی بھولو، اثبات کچھ نہیں ہے
آخر کو سب فنا ہے ہیہات کچھ نہیں ہے
دنیا سرائے فانی ہے سوانگ بیکھنے کا
دل کو لگانا اپنے اس سات کچھ نہیں ہے

عام طور پر یہ سمجھا جاتا ہے کہ بادشاہ بالخصوص دور آخر میں انتہائی خوشامد پسند تھے اور انہیں اپنے مصاحبوں کی خوشامد اور بنانے کا احساس تک نہ تھا۔ یہاں تو عالمے دیگر ہے :۔

منہ پر مرے خوشامد اور پیٹھ پیچھے شکوہ
پیارے یہ شیوہ بد ہے یہ بات کچھ نہیں ہے

آنکھوں کا مضمون انکے ہاں کثرت سے بندھا ہے غالباً یہ اس واقعہ کا اثر ہے، جو انہیں بدقسمتی سے پیش آیا، مثلاً :۔

لاچار ہوں میں اپنی آنکھوں کے ہات یارو!
کرتی ہیں دشمنی نت یہ میرے سات یارو
مجھ سے سلوک آنکھوں نے کیا کچھ کیا ہے ہائے
دل میرا دام عشق میں پھنسوا دیا ہے ہائے

کرتی ہیں میرے دل پر جو کچھ جفا سو آنکھیں
تقصیر نہیں(۱) کسو کی، جو ہیں بلا، سو آنکھیں

خانہ خراب انہوں نے عشاق کا کیا ہے
ہیں دل کے تئیں پھنساتی ہرجا بجا سو آنکھیں

دل کو انہوں نے بس میں دبدار کے پھنسایا
بیچارہ دل کرے کیا ہیں بے وفا سو آنکھیں

خوباں سے آشنا ہو، بیگانہ ہم سے ہو گئیں
دیکھی ہیں سب جہاں میں نا آشنا سو آنکھیں

کیا دل کو طعنہ کیجیے اس کا گناہ کچھ نہیں
اے آفتاب کر گئیں مجھ سے دغا سو آنکھیں

دلبر سے دل لگایا، ان آنکھوں کا برا ہو
جی مفت میں پھنسایا ان آنکھوں کا برا ہو

کب چاہتا تھا میں، یہ، جو دل بتاں کے تئیں دوں
مجھ دل کے تئیں کھوایا ان انکھوں کا برا ہو

اس شمع رو صنم سے میری لگن لگائی
تن من مرا جلایا ان آنکھوں کا برا ہو

داماں و آستیں کو اے آفتاب میرے
خوناب میں ڈبایا ان آنکھوں کا برا ہو

دلبر سے مل کے آہ ان آنکھوں نے کیا کیا
کی ایسے بت سے چاہ ان آنکھوں نے کیا کیا

---

(۱) "نہیں" میں تلفظ اس قسم کا ہے جس طرح کہ پنجاب میں رائج ہے۔

ایسا گنہ کیا کہ دیا دل کے تئیں دبا
سب کہتے ہیں گنہ ''ان آنکھوں نے کیا کیا''

دست ستم سے اس بت ظالم کے دل کو اب
ہرگز نہیں نباہ، ان آنکھوں نے کیا کیا

دل اس صنم کے ہاتھ سے چھٹنا محال ہے
ہم سیتی یا اللہ، ان آنکھوں نے کیا کیا

اے آفتاب کر نہیں سکتا ہوں کچھ بیان
مجھ سے سلوک واہ ان آنکھوں نے کیا کیا

آنکھوں کے بیچ تیری پھرتی ہے یار صورت
بھولی نہیں ہے ہرگز لیل و نہار صورت

ہو چار چشم کون سکے ایسے بار سے
آنکھوں کے دیکھتے ہی پیا کی خطر لگے

بن دیکھے اس پیارے کے آنکھوں نے اپنا حال
ایسا کیا ہے جیسا کہ باراں کا جھڑ لگے

ایک پوری غزل 'زلفوں' کی تعریف میں ہے :-

دیکھو تو کس ادا سے رخ پر ہین ڈالی زلفیں
جوں مار ڈستی ہیں دل، دلبر کی کالی زلفیں

چاہے ہیں جس نہ تس کو باندھیں گرہ میں اپنی
دل لینے کو بلا ہین یہ پیچ والی زلفیں

مثل سلاسل اس میں عقدے ہزارہا ہین
ٹک پیچ و تاب سے میں دیکھیں نہ خالی زلفیں

مار سیہ جدا کب رہتا ہے کنج زر سے؟
ہوتی نہیں ہیں اسکے رخ سے نرالی زلفیں

تھی رات جو یکایک دن دیکھنے لگے سب
جب آفتاب اس نے رخ سے اٹھالی زلفیں

ان کی غزل مین امرد پرستی بالکل مفقود ہے۔ بڑی تلاش و جستجو کے بعد صرف ایک شعر ایسا نظر آیا جس سے امرد پرستی کا معمولی سا شبہ ہوتا ہے (۱)۔

اس یار سبز رنگ کو جی چاہے دیکھئے
محبوب شوخ و شنگ کو جی چاہے دیکھئے

ایک غزل کی ردیف چاندنی ہے۔ دیکھیں چاندنی کو کس کس رنگ سے ادا کیا ہے :-

جب ماہرو کے سامنے آتی ہے چاندنی
مکھڑے پہ اس کے صدقے ہی جاتی ہے چاندنی

سیر چمن کو نکلے ہے جب ماہرو مرا
سطح زمیں پہ فرش بچھاتی ہے چاندنی

ہمراہ عاشقوں کے نہ ہو تو ہی جب تلک
کس کو یہ سیر اور کسے بھاتی ہے چاندنی

اک شب تو ٹک نقاب کو مکھڑے سے دے اٹھا
جلوے کو منتظر ترے آتی ہے چاندنی

آئینہ رو کو دیکھ کے مرے ہوگی منفعل
کیوں اپنی خود نمائی جتاتی ہے چاندنی؟

---

(۱) میر حسن نے اپنے تذکرے میں ذیل کے اشعار دئیے ہیں اور کہا ہے کہ کسی غزل میں سے ہیں :—

صبح تو جام سے گذرتی ہے — شب دل آرام سے گذرتی ہے
عاقبت کی خبر خدا جانے — اب تو آرام سے گذرتی ہے

تذکرہ میر حسن ص ۳ ، بہ تصحیح شروانی مطبوعہ انجمن ترقی اردو ہند دہلی سنہ ۱۹۴۰ء

حمد و نعت اور مناجات مین اپنے تخت و تاج کی سلامتی کے لئے التجائیں کرتے ھیں :-

خدا کے حضور میں

واحد ھے لاشریک تو ثانی ترا کہاں
عالم ھے سب کے حال کا تو ظاھر و نہاں
ظاھر میں تو اگرچہ نظر آتا ھے نہین
دیکھا جو میں نے غور سے تو ھے جہاں تہاں
احساں ترے شمار میں کوئی کیونکہ لاسکے
رازق ھے ساری خلق کا تو ھی تو بیگماں
قاصر ھے یہ زبان مری شکر سے ترے
کیا کرسکوں ھوں حمد و ثنا کا تری بیاں
یہ عرض آفتاب کی ھے تجھ سے یا کریم
تخت شہی پہ میرے تئین رکھیو جاوداں

ھریک وسیلہ ڈھونڈے ھے ھر ذی حیات کا
میرے تئیں وسیلہ ھے تیری ھی ذات کا
تو ھے کریم و راحم و روزی رسان خلق
معبود بھی ھے تو ھی سبھی کائنات کا
نت آفتاب کو دے یہ تخت شہی قیام
مختار اے کہ تو ھی ھے اس کے ثبات کا

مناجات بدرگاہ رسالت مآبؐ

تو نے بخشا ھے جو تاج یا تاج النبی
شاہ عالم کی رکھو تم لاج یا تاج النبی

بادشاهی اسکے تئیں تم بخشو هفت اقلیم کی
سارے ملکوں کا دلاؤ تاج یا تاج النبی

ربع مسکوں میں جو دشمن اسکے هیں یکبار سب
مار کر جگ سے کرو اخراج یا تاج النبی

پورے کردو سب مطالب اس کے دل کے آج هی
مانگتا هوں تم سے میں یه آج یا تاج النبی

سر بلندی آفتاب اپنے کو بخشو دهر میں
کیونکه هو تم صاحب معراج یا تاج النبی

ابوتراب رضؓ کی بارگاه میں

کرتا هے هر مهم کو تو عالی جناب فتح
یا مرتضٰی علی تو مجھے دے شتاب فتح

میں بنده خاکی تجھ سے یه کرتا هوں التماس
کر میرے مشکلات کو یا بوتراب فتح

مشکل کشائے خلق ترا نام پاك هے
تو نے کیا هے قلعهٔ خیبر کا باب فتح

دنیا و دیں میں کل مهمات کو مرے
تو کر اے رهنمائے طریق صواب فتح

پکڑا هے تیرا هاتھ شه ذوالفقار نے
چاه آس سے هر مهم میں تو اے آفتاب فتح

پیر دستگیرؒ سے

یا پیر دستگیر یہ ہے عرض آفتاب
بر لاؤ شتاب جو مقصد ہمارے ہیں

مہر اس کی سے جہاں میں روشن ہے آفتاب
مجلس ہے جس نے پیر کی ترتیب دی یہ آج

خواجہ معین‌الدین چشتی اجمیریؒ

دو ساری خدائی کی دولت مجھے اور حشمت
جلدی بطفیل رب یا خواجہ، معین الدیں

سن لو شہ عالم کی یہ عرض کہ تم اس کے
بر لاؤ سبھی مطلب یا خواجہ معین الدیں

مانگت تم سوں آج میں حضرت خواجہ پیر
شاہ عالم کو دیجیے مال ملک من دھیر

فارسی کلام

رنگ تغزّل ملاحظہ ہو :-

خواہم کہ کنم درد دل خود بتو ظاہر
گفتن نتوانم چو شوم پیش تو حاضر

چشم تو رسانید بمن نشہ مستی
زلف تو بما داد پریشانیٔ خاطر

بردی دلم از دست بانداز خرامی
قربان سر پائی تو من اے بت کافر

۳۵۵۱۸

اے دوستدار من تو گذر هم نمی کنی
افسوس یار من تو گذر هم نمی کنی

در باغ سینه‌ام ز فراق تو گل شگفت
بر لاله زار من تو گذر هم نمی کنی

من انتظار وصل تو هر روز می کشم
اے گل‌عذار من تو گذر هم نمی کنی

در بحر عشق غرق محبت چو ماهیم
بهر شکار من تو گذر هم نمی کنی

سوزم ز عشق تو، صنما، مثل **آفتاب**
اے دلفگار من تو گذر هم نمی کنی

مندرجه ذیل مشهور فارسی قطعه میں شاہ عالم نے اپنے مصائب کا جس حسرت بھرے درد ناك انداز میں ذکر کیا ہے مطالعه کے قابل ہے ۔ قطع نظر اس امر کے کہ مرہٹوں اور انگریزوں سے ان کی توقعات بجا تھیں یا بے جا، آنہوں نے اپنے جذبات کا جس صفائی اور خلوص سے اظہار کیا ہے وہ قابل داد ہے :-

صرصر حادثه برخواست بئے خواری ما
داد برباد سر و برگ جهانداری ما

آفتاب فلک رفعت شاهی بودیم
برد در شام زوال آه سیه‌کاری ما

چشم ما کنده شد از جور فلک بهتر شد
که نه بینم که کند غیر جهانداری ما

داد افغان بچه شوکت شاهی برباد
کیست جز ذات منزه که کند یاری ما
کرده بودیم گناهے(۱) که سزائش این بود
هست امید که بخشند گناهگاری ما
کرد سی سال نظارت (۲) که مرا داد بیاد
زودتر یافت تلافیٔ ستمگاری ما
نازنینان پری چهره که هم دم بودند
نیست جز محل مبارك به پرستاری ما
حق طفلان که ز سی سال فراهم کردند
کرد ناراج نمودند سبکساری ما
عهد و پیمان بمیان داده نمودند دغا
محلبان خوب نمودند وفاداری ما
قوم افغان و مغلیه همه بازی دادند
بسکه گشتند مجو ز به گرفتاری ما
آن گدا زادهٔ همدان که بدوزخ برود
بانیٔ جور و ستم شد بدل افگاری ما
گل محمد که ز مردان بشرارت کم نیست
چه قدر کرد وکالت بگرفتاری ما
هم الله یار و سلمان و بدل بیگ لعین
هر سه بستند کمر بهر دل آزاری ما

---

(۱) جب شاہ عالم نے غوث گڈھ تباہ و برباد کیا اور ضابطہ خان کے بیوی بچے گرفتار کر لئے - غلام قادر کی عمر اُس وقت آٹھ یا دس سال تھی - یہ خوبصورت لڑکا تھا - بادشاہ نے اُسے منظور نظر بنا کر خصی کرا دیا - اور زنانہ لباس پہنا دیا - ذرا ہشیار ہوا تو دھلی سے نکل کر اپنے باپ کے پاس چلا گیا - واقعات اظفری و جام جہان نما

(۲) منظور علی خان ، یا منصور علی خان

شاہ تیمور (۱) کہ دارد سر نسبت با من
زود باشد کہ بیاید بمددگاری ما

مادھو جی سندھیا فرزند جگر بند من ست
ہست مصروف تلافیٔ ستمگاری ما

راجہ و راؤ زمیندار و امیر و چہ فقیر
حیف باشد کہ نسازند بغم‌خواری ما

حال ما کشتہ بترھم چو اماماں بہ یزید
کرد تقدیر ازل روزی ما خواری ما

بود جاں کاہ ز رو مال جہاں ھم چو مرض
دفع از فضل الہی شدہ بیماری ما

آصف‌الدولہ و انگریز کہ دستور من اند
چہ عجب گر بنمائند مددگاری ما

آفتاب از فلک امروز تباھی دیدی
باز فردا دھد ایزد سر و سرداری ما

ھندی شاعری

''پرانی تاریخوں کے مطالعہ سے معلوم ھوتا ھے کہ محمد بن قاسم، محمود غزنوی، اور شہاب‌الدین غوری کے ھندوستانی دفتروں میں سب کام ھندی میں ھوتا تھا ۔ حسن گنگو براھمنی نے اپنا سب کام گانگو برھمن کے حوالے کر رکھا تھا اور وہ ھندی ھی میں ھوتا تھا ۔

بادشاہ اکبر ھندی سے بہت محبت کرتے تھے ۔ ان کے دربار میں ھندی کے کئی مشہور پنڈت شاعر اور موسیقی کے ماھر رھتے تھے ۔

---

(۱) تیمور شاہ والئی کابل ابن احمد شاہ ابدالی

بادشاہ خود بھی ہندی میں شعر کہا کرتے تھے ۔ ہم ان کا کہا ہوا ایک دوہا نیچے درج کرتے ہیں ۔ جس یا شہرت کے بارہ میں کہا ہے۔

جاکو جس ہے جگت میں جگت سراہے جاہ
تاکو جیون سپھل ہے کہت اکبر ساہ

(اکبر بادشاہ کہتے ہیں کہ جو دنیا میں با عزت زندگی بسر کرتا ہے اور لوگ جس کی تعریف کرتے ہیں اس کی زندگی کامیاب کہی جا سکتی ہے) ۔

جہانگیر نے بھی ہندی پڑھی تھی ۔ خسرو ابھی چھ ہی برس کا تھا جب اس کے دادا بادشاہ اکبر نے اسے پنڈت بھودت بھٹا چاریہ کے حوالے کیا ۔ تا کہ وہ ہندی کی تعلیم بخوبی حاصل کر سکے ۔ بادشاہ شاہجہان تو ہندی اتنی اچھی طرح جانتے تھے کہ وہ اُس میں اپنی مادری زبان کے مانند ہی گفتگو کر سکتے تھے ۔ اُن کا بیٹا دارا شکوہ تو ان سے بھی بڑھا چڑھا نکلا اور وہ ہندی اور سنسکرت کا اتنا عالم ہو گیا، کہ اُس نے اُپنشدوں کا فارسی زبان میں ترجمہ کیا .....

ایک دفعہ شہزادہ محمد اعظم نے اورنگ زیب کے پاس دو آم اس غرض سے بھیجے کہ بادشاہ اُن کا مناسب نام تجویز کریں ۔ چنانچہ اورنگ زیب نے انہیں ''سدھارس،، اور ''رسناولاس،، ناموں سے موسوم کیا(۱)،،

شاہ عالم نے ہندی زبان سے اُلفت وراثت میں پائی ۔ اس لئے یہ امر باعث تعجب نہیں کہ اُسکے منظوم کلام کا معتدبہ حصہ ہندی میں

---

(۱) مضمون مسلمان اور ہندی زبان مطبوعہ سالنامہ ادبی دنیا ۱۹۳۷ء (رام سروپ شاستری) ۔

ہے ۔ مگر وہ ہندی ایسی سلیس ہے کہ ہر اردو دان اُسے سمجھ سکتا ہے ۔ نیز اُس کے ہندی کلام میں اسکے عہد کی معاشرت اور بادشاہ کی مقامی رسوم میں دلچسپی اور ذوق کا پتہ چلتا ہے لہذا مختصراً انتخاب پیش کیا جاتا ہے :-

ہولی (ہندؤں کا مشہور تہوار)

عبیر گلاں سوں جھوری(۱) بھری اور رنگ بھری پچکاری لئی(۲) ہے
کھیلت ہوری کونیہ بڑھا چترائی سوں کھیل کھلار نئی ہے

پیتم نے جب با نہ گہی اُن سیتی کہی تب ہا ہا دئی ہے
آوت آئی کر چوٹ چلائے بھجائے کے لال کو بھاج گئی ہے

سبھی بجاوت آت ہیں دف دائرہ مردنگ
بسن بسنتی پھب رے سگھر سلونی رنگ

آوے اُمنگ سوں کھیل کو پچکاری کر لائے
پیتم سوں بس نہ چلے ہا ہا کرتی جائے

غوث الاعظمؒ کی مہدی

یہ تقریب ہر سال ۱۱ ربیع الاول کو منائی جاتی تھی ۔ اور مہدی مرزا راجہ رام ناتھ ذرہ پیشکار نظامت کے ہاں بڑی دھوم اور

---

(۱) جھولی -
(۲) لی -

عقیدت کے ساتھ قلعے میں آتی تھی[1] ۔ اس تقریب کی یاد میں بہت سی نظمیں ہیں :-

آئی مہدی پیر کی جگمگ جگمگ جوت
شاہ عالم اس سال میں تمہیں مرادیں ہوت

آئی مہدی پیر کی لال جڑی خوش رنگ
گنی راگ گاون لگے بجت بین مہچنگ
شاہ عالم بنتی کریں رنگ . . رنگ انگ
دئی مراد مرید کی باڑھے ہیے اُمنگ

مضامین فرحت میں راکھی بندھن کی رسم کا ذکر ہے [2]۔ مگر اس سلسلہ میں کوئی کلام نادرات شاہی، میں نہ مل سکا ۔ مندرجہ ذیل تہواروں اور رسوم کے منانے کا ذکر ملتا ہے ۔

قربانی و عیدالاضحی

آنند سوں عالم شاہ کے گھر کلول کے سب سامان کروں
حج کے دن سب شتر تمہارے جیوں اُشتر قربان کروں

شتر کی قربانی کرے شاہ عالم حج ثواب لیو ہے
لاکھوں تمہے بکرید نصیب ہو اہي مبارك باد دیو ہے

---

(۱) مجموعہ نغز جلد اول ص ۲۵۹ و مقدمہ نادرات شاہی ص ۵۱ -
(۲) مضامین فرحت حصہ دوم صفحہ ۱۳ -

ساتوں دیس(۱) کا راج کرو شاہ عالم کی اوراد تبارک
گائے بجائے کہیں نر ناری ہووے تمہیں بکرید مبارک

عیدالفطر و رمضان المبارک

کیتی نماز اور راکھے روزے قبول کرے ہیں اللہ نبی نے
ہووے مبارک عید تمہیں شاہ عالم دینی مبارک باد سبھی نے
پورن روزے کرے رمضان کے کیتی قبول بھیو رب راضی
سال ہزار مبارک عیدی تمہے جگ میں شاہ عالم غازی

شب برات

مبارک ہو شبرات آج انند کی رات
شاہ عالم گھر آنند کاج پھلجری ہت پھول ہات

آخری چہار شنبہ

روزہ بھیو آنکو سکھد ایک ایسے نصیب تمہیں ہو ہزارک
لے کے چھلے(۲)سب لوگ کہیں شاہ عالم کو چار شنبہ مبارک،،

---

(۱) دیس۔

(۲) نادرات شاہی میں وقائع عالم شاہی صفحہ ۵۶ ب کے حوالہ سے لکھا ہے ''۲۹ صفر ۱۱۹۹ء کو محمد یعقوب خان عرف کلو خواص نے حسب الحکم پانچ سو روپے کے گنگا جمنی چھلے تیار کرا کے پیش کئے حکم ہوا کہ ۱۰۰ چھلے پٹیل کو اور ۵۰ فی کس رانی خان بھائی، دیس مکھ پٹیل کے داماد اور مرزا رحیم بیگ کو پہنچا کر باقی امیروں، بیگموں اور مرشد زادوں کو پہننے کے لئے دے دئیے جائیں'' صفحہ ۶۱۔

اے فرمائے پیغمبر کہ آج کے روز باغ کی سیر کیجے سکھ لیجے
نئے نئے بسن بھوکن پہریں اور آنندسوں سب کو چھلے دیجئے

آج کے روز محمد نے کری باغ کی سیر بڑی خوشحالی
دین مبارك باد چلو شاہ عالم کو چار شنبے کی آلی
آیو سو ہے چار شنبہ جایں حضرت محمدؐ سکھ پایو
شاہ عالم نائب گھر، آنند سوں سندر روز مبارك آیو

جشن نوروز

سال نیو اب آیو بھلو شاہ عالم کے گھر ہوگی بدھائی
مبارك ہو نوروز تمہے اب جی کی مراد سبھے بھر پائی
پھوکن انگ سنگار سجھے او دھاوے کے لچھمی گیو میں آئی
درجن ناس بھیے تمھرے، اب دیت یہی چھوں اور سنائی

رنگ بھیو نوروز کو جیسو ہے ویسو ہی چیر کو رنگ ہے ساجی
گاؤ سبے مل دیو اسیس(۱) یہ "راج کرو شاہ عالم گاجی"

دیوالی

گسیاں نے اب کرم کیو اور حکم کیو شاہ عالم کے گھر
آئی دوالی مبارك یہ مال ملک سب دینو بھر

اے دی مائی آج اتھیں آنند سوں سب گنی کریں پوری سہالی
شاہ عالم پیا کے مندر بھئی روشنی جگمگات کی رات دوالی

---

(۱) دعا -

اپنی سالگرہ کی خوشی میں

ہووے مبارک تمہے سالگرہ کی آج شادی
شاہ عالم نت قائم رہے چھتر تخت اور آبادی

نواب زینت محل سے شادی کی خوشی میں

اللہ نبی نے تمہارے من کی مرادیں دینی اور راٗ ٹھا سایہ اپنا فضل کا
شاہ عالم پادشاہ تم کو مبارک ملنا نواب زینت(۲) محل کا

اکبر شاہ(۳) کی سالگرہ کی تقریب پر

جیو جاگو کوٹ برس لوں جگ میں اکبر پیارے لال
جم جم نت نت ہوے مبارک تمہے سالگرہ لاکھوں سال

اپنی تخت نشینی کی یاد میں

آج تخت پر بیٹھے جشن کر شاہ عالم نذر سبھی کی لینی
چلو سب سکھی سہیلی آنند سیتی مل جلوس کی مبارک دینی

---

(۱) اس نام کی متعدد خواتین کا ذکر تاریخوں میں ملتا ہے :—
(۱) شاہ عالم کی سوتیلی ماں -
(۲) شاہ عالم کی بیوی -
(۳) بہادر شاہ ظفر کی بیگم ، (آخر الذکر کے متعلق دیکھیں مضامین فرحت حصہ دوم صفحہ ۲۱) اور اول الذکر و ثانی الذکر کے لئے نادرات شاہی صفحہ ۵۶ -

(۲) مبارکہ محل کے بطن سے شاہ عالم کے منجھلے بیٹے اور جانشین پیدائش $\frac{۳}{۱۷۶۰}$ ۲۳ وفات $\frac{۹}{۱۸۳۷}$ ۲۸ خمخانہ جاوید ج ۱ صفحہ ۵۵۲ -

ظرافت کا عنصر

ھاکنگ کا بذلہ سنجی کے متعلق یہ نظریہ ہے :-

''ھنسی نہایت علمی شے ہے - اس کا وقوع اس وقت تک ناممکن ہے، جب تک ھم اپنے سارے فکر و خیال پر زور دے کر مزاح کے نکتہ تک نہ پہونچیں ھنستے وقت ھم کائنات پر ایک اجماعی نظر ڈالتے ھیں - لیکن ھنسی دلانے کے لئے یہ نظر فوری اور بغیر طبیعت پر زور دیے بالکل غیر ارادی ھونا چاھیے - اسلئے ھجو جو فلفسہ کا بے تکلف و بے آورد استعمال ہے موثر ترین آلۂ تنقید ہے - چنانچہ شیفسیٹری کا یہ دعولی کس قدر دانشمندانہ ہے کہ اچھی باتیں وھی ھیں جو ''تضحیک کی آزمائش،، میں پوری اتر سکیں اور چوٹیلی نہ بنیں - اگر امریکہ کے پاس کوئی انوکھا نظریہ' علم ہے - تو سچ پوچھیے تو وہ عملیت نہیں ہے بلکہ یہ ہے کہ درك و دقت نظر دلیل سے بہتر ہے اور اس کی مادی شکل بذلہ سنجی ہے - بذلہ سنجی و ظرافت مقصود تک پہنچنے کا قریب ترین راستہ ہے اور ھنسی گویا قید و بند سے نجات پانے کی خوشی ہے - ،،(۱)

شاہ عالم ثانی کے ھاں بذلہ سنجی کا عنصر خاصہ ہے - لیکن اس کے لئے مختلف مواقع مقرر ھیں - شادی بیاہ ھنسی خوشی کا بہترین موقع ہے - سمدھن سمدھی کا مذاق ھندوستان کی قدیم رسم ہے - یہ مذاق

---

(۱) ولیم ارنسٹ ھاکنگ' انواع فلسفہ' ترجمہ ظفر حسین خان مطبوعہ انجمن ترقی اردو علی گڑھ ص ۲۱ -

کبھی کبھی فحش کی حد تک پہنچ جاتا ہے ۔ ہوتا یوں ہے کہ جب بارات آتی ہے تو عورتیں دولہا والے خاندان کے افراد کے نام لے لے کر مختلف طنز آمیز مذاقیہ اشعار گاتی ہیں، اگر دولہا والوں کے ساتھ بھی مستورات ہوں تو ادھر سے بھی ترکی بہ ترکی اور فی البدیہہ جواب دیا جاتا ہے ۔ اہل ہنود میں اس رسم کی بڑی پابندی تھی، اور اب بھی ہوگی ۔ لیکن یہ صرف عورتوں تک ہی محدود ہے ۔ شاہ عالم ثانی نے اس صنف سخن میں بھی طبع آزمائی کی ہے ۔ لیکن اس میں فحش اس قدر زیادہ ہے کہ قلم اس کے بیان سے قاصر ہے ۔ صرف شستہ اشعار کا انتخاب درج ذیل ہے :-

صاحب محل(۱) جب بن ٹھن آئیں ساجے سکل سنگار
پکڑ ہاتھ سمدھی نے ڈالا گل پھولن کا ہار

سمدھن سے سمدھی یوں بولا ''مجھے اڑانا آوے،،
سمدھن بولی : ''مجھے چٹا پٹ تال سواری بھاوے،،

سمدھن کے گھر جڑے براتی، آپس میں کر دھامک دھوما
جام پلا شربت کے سب نے مرزا بابا(۲) کا منہ چوما

---

(۱) یہ محمد شاہ بادشاہ کی دوسری بیوی اور ملکہ زمانی بیگم کی خالہ زاد بہن تھیں ۔ احمد شاہ ابدالی نے ان کی بیٹی حضرت بیگم سے اپنا عقد کیا تھا ۔ یہ اپنی بیٹی کے ساتھ افغانستان چلی گئی تھیں اور تقریباً اٹھارہ برس مقیم رہ کر سنہ ۱۷۷۳ء میں حضرت بیگم کے انتقال پر ان کا تابوت لیکر دلی آئیں ۔ سنہ ۱۸۰۲ء وفات پائی مقدمہ نادرات شاہی (ص ۶۰) ۔

(۲) شاہ عالم کے عم زاد ، بہنوئی اور سمدھی تھے ۔ لاڈلی بیگم دختر عالم گیر ثانی کی منکوحہ تھیں ۔ اصل نام مرزا محمد علاؤ الدولہ بہادر تھا ۔

محمد سخاوت مرزا ، بی - اے، ال ال - بی

محمد زین العابدین خان

المتخلص به دیوان نایطی (مدراس)

نام لقب - مدراس کے مشہور تذکروں(۱) میں دیوان کا نام زین العابدین خان بیان کیا گیا ہے اور خود دیوان نے اپنی انشاء(۲) زیر تنقید میں اپنا نام ''زین العابدین برادر،، المتخلص به دیوان لکھا ہے اور برہان خان ہانڈی مؤلف تزک والا جاہی(۳) نے انکا نام محمد دیوان بیان کیا ہے ممکن ہے کہ انکا اصلی نام محمد اور زین العابدین لقب ہو اور دیوان تخلص ہونے میں تو سبکو اتفاق ہے اور عام طور پر اپنی برادری میں یہ ''برادر،، کے نام سے معروف تھے(۴)۔ مسٹر ایتھے مرتب فہرست کتبخانہ انڈیا آفس نے ''کلیات دیوان،، کے ضمن میں انکو ایک غیر معروف شاعر قرار دیا ہے حالانکہ دیوان کے مختصر اور جامع حالات تذکرہ جات شعراء فارسی مدراس میں موجود ہیں چنانچہ دیوان کا تعارف سب سے پہلے علی موسیٰ رضا رایق مؤلف گلدستہ کرناٹک(۵) نے اسطرح کرایا ہے :-

''دیوان تخلص زین العابدین است کہ داماد علی دوست خان

---

(۱) تذکرہ گلدستہ کرناٹک و گلزار اعظم وغیرہ (قلمی کتبخانہ آصفیہ)
(۲) انشاء دیوان قلمی مخزونہ کتبخانہ آصفیہ -
(۳) تزک والا جاہی مؤلفہ برہان خان ہانڈی مخطوط مخزونہ دفتر دیوانی و مال -
(۴) ضمیمہ فہرست انڈیا آفس مطبوعہ (کتبخانہ آصفیہ) حیدر آباد -
(۵) مخطوط گلدستہ کرناٹک (کتبخانہ مولوی عمر یافعی حیدر آباد)

شهید که از رؤسای قوم نائطه این سر زمین است مردے رنگین طبیعت پاکیزه طینت عالی همت بود عموماً با همه اشخاص بارباب هنر ذوی الاختصاص مراعات شایان تواضع نمایان مینمود و بآنکه از ثروت دستگاهان زمانهٔ خویش و از کثرت ساز و سامان ممتاز مجمع بیگانه و خویش بود دامن از ارتباط دنیا برچید و همچو وارسته مزاجان در گوشهٔ خلوت انزوا گزید ـ غرض این مرد عجیب ذی همت و حاتم خصلت بود که هر کسے از خویش و بیگانه بخانه‌اش در رسید اقسام اشیاء نفیسه آنرا فراهم نمود براے ملاحظه پیش آن مردم کشید بعد دیدنش هر کسے تعریف چیزے نفیس از آن بعبارت معهود می ساخت آن هر شئے را باو مرحمت میکرد اگر کسے ابا میکرد ناخوش می شد و باغراق در قبولیت آن الحاح می ساخت آخر آن کس چار و ناچار به قبولیت آن می پرداخت ـ مقبره‌اش در دامن کوه دارالسرور ویلور واقع است و جز یک بیت او یاد را بیاد نیست ـــه

دیوان عروج نشهٔ حق در شریعت است
سنگ سیاه بر قدح خمر و بنگ زن

نیز تذکره جات صبح وطن ، گلزار اعظم ، تاریخ نوائط(۱) اور اشارات بنیش(۲) میں بھی حالات درج ھیں مگر یہ صرف ایکدوسرے کی نقل ھے اس سے زائد تفصیلی حالات کسی نے نہ لکھے ـ ھم یہاں مزید حالات انھیں کی تالیف انشاء دیوان اور دوسری کتابوں کی مدد سے زیب قلم کرتے ھیں :ـ

نام محمد، زین العابدین خان لقب و خطاب، دیوان تخلص قوم نوائط

(۱) تاریخ نوائط مولفہ عزیز جنگ ولا حیدر آبادی مطبوعہ ـ
(۲) اشارات بنش مؤلفہ غلام مرتضیٰ خادم مدراسی (قلمی آصفیہ) ـ

سے تھے نوائط یا نوایت بنونائطہ(۱) سے مشتق ہے ۔ جو بقول مؤلف لسان‌العرب، عرب کا ایک قبیلہ تھا مگر بقول ملا احمد(۲) نایطہ یہ لوگ کسی خاص قبیلہ سے تعلق نہیں رکھتے ہیں بلکہ ان عرب جہاز رانوں کی اولاد ہیں جو بسلسلہ تجارت علاقہ کوکن (ملیبار) میں آ کر آباد ہو گئے، اس لحاظ سے بلا تخصیص ہر قبیلے کے عرب اس میں شریک تھے مؤلف جامع‌اللباب نے لکھا ہے کہ یہ شرفاے کوفہ کا وہ گروہ ہے جو حجاج بن یوسف ثقفی سنہ ۴۱ - ۹۵ھ کے مظالم سے (اواخر پہلی صدی ہجری میں تنگ آکر ہجرت کر کے ساحل ملابار میں آ کر آباد ہو گیا تھا ۔ یہ روایت صحیح تسلیم کی جاے تو ان مہاجرین کی جماعت میں ہر عربی قبیلہ کا شخص شامل ہوگا مگر باعتبار نسل، نوایط اپنی خاص صورت و شکل اور امتیازی خد و خال کے لحاظ سے بھی عربی الاصل اور خاص قبیلہ سے متعلق معلوم ہوتے ہیں اس نقطۂ نظر سے مؤلف کتاب‌الاشتقاق و لسان‌العرب کے اس قول کو ترجیح حاصل ہے کہ بنو نائطہ عرب کا ایک قبیلہ تھا ۔

شرفاے نوایط کا وجود سلاطین دکن کے دربار میں بقول ملا احمد نائطہ سلاطین عادل شاہی بیجاپور سے ہے مگر انکا وجود سلاطین بہمنیہ کے زمانہ میں بھی تھا اور یہ امراے بہمنیہ میں شامل تھے اور ذمہ‌دارانہ خدمات انکے سپرد تھیں چنانچہ سلطان علاءالدین حسن گنگو بہمنی کے امراء میں سید(۳) جمال‌الدین نائطی خزانچی کی خدمت پر مامور تھے اور محمد اسمٰعیل نوائط سلطان محمد شاہ بہمنی ابن

---

(۱) تذکرہ سلاطین دکن جلد نمبر ۱ مولفہ عبدالجبار خان ملکاپوری مطبوعہ ۔

(۲) رسالۂ تحقیق مؤلفہ ملا احمد نائطہ (رسالۂ تاریخ حیدرآباد) ۔

(۳) تذکرہ سلاطین دکن جلد اول ملکا پوری ۔

سلطان حسن گنگو بہمنی کے داروغۂ جواہرخانہ تھے - زمانہ مابعد میں ملا احمد نائطہ اور انکے فرزند ملا حبیب‌اللہ بیجاپوری(۱) نے علی عادل شاہ اول کے دربار میں بڑا رسوخ حاصل کر لیا تھا، ملا حبیب‌اللہ بطور سفیر دربار اکبری میں بھی بھیجے گئے تھے، جہاں خان خانان عبدالرحیم سے انکے پر خلوص تعلقات پیدا ہو گئے تھے -

نوائط مدراس میں - عادل شاہی سلطنت کے زوال کے بعد یہ خاندان آرکاٹ چلا آیا جنمیں شاہ صبغت‌اللہ عرف شاہ صاحب(۲) ابن ملا حبیب‌اللہ، نیز نظام‌الدین احمد کبیر و صغیر، مولوی محمد حسین امام‌المدرسین بیدری اور قاضی‌الملک اور سرف‌الملک مشہور ہیں - دوسرا مشہور شخص نوابط میں سے جو آرکاٹ کی نظامت پر بزمانہ عالمگیر فایض ہوا وہ محمد سعید(۳) سعادت‌اللہ خان ہیں جنہوں نے (۱۱۲۲ھ تا ۱۱۴۶ھ) تک نیابت آرکاٹ کے فرائض انجام دئے، یہ دو بھائی تھے ایک تو محمد سعید دوسرے غلام مرتضیٰ - غلام مرتضیٰ کو عالمگیری فوج میں وجاہت کیوجہ سے فوراً ہی معقول خدمت مل گئی تھی مگر محمد سعید بتدریج منصبداران شاہی میں شامل ہو گئے تھے جنکو داؤد خان پنی کے بعد آرکاٹ کی نیابت مستقل طور پر مل گئی تھی یہ کوکن کے رہنے والے اور مذہباً اثناء عشری تھے سعادت‌اللہ خان نے اپنی نیابت کے زمانہ میں کوکن سے اپنے ہم قوم نوایط اور دیگر

---

(۱) تذکرہ اولیاے دکن جلد اول مؤلفہ عبدالجبار خان ملکا پوری مطبوعہ و مناقب حبیب اللہ مؤلف عبدالفتاح مخطوطہ کتب خانہ سعیدیہ حیدر آباد -

(۲) تاریخ احمدی مخطوطہ کتب خانہ سعیدیہ حیدر آباد -

(۳) سعید نامہ مخطوطہ کتب خانہ آصفیہ و انور نامہ مؤلفہ ابجدی قلمی آصفیہ -

اعزا کو طلب کر کے بیحد حسن سلوک کیا حتی کہ مناصب و جاگیریں دلوائیں چنانچہ انکے بھتیجا غلام علیخان کو بیشگاہ سلطانی سے ویلور جاگیر میں عطا ہوا تھا ۔ چونکہ والا جاہ محمد علی نے اپنی زوجہ محترمہ نواب بیگم(۱) کے انتقال کے بعد دو نکاح کئے ایک تو غلام مرتضیٰ خان قلعدار ویلور نبیرہ سعادت‌اللہ خان کی صاحبزادی سے اور دوسری صفدر حسین خان نوابط کی لڑکی سے، جو سعادت‌اللہ خان کے عزیز تھے اسطرح نوایط خاندان والا جاہی خاندان میں جو کوہاموادہ کا خاندان تھا گھل مل گیا اور والا جاہی خاندان کی طرز معاشرت(۲) کو بالکل بدلدیا ۔ دیوان نواب علی دوست خان شہید ناظم دوم آرکاٹ کے سب سے چھوٹے داماد اور انہیں کے ہم قوم تھے باہمی کوئی قرابت نہیں تھی چنانچہ برہان خان مؤلف تزک والا جاہی نے نواب صاحب مغفور کے اولاد کے حالات کے ضمن میں لکھا ہے ۔

"او را یک(۳) بسر صفدر علیخان نام و پنج داماد با احتشام ازآن جملہ یکے غلام مرتضیٰ خان پسر باقر علیخان برادر خورد جاگیردار ویلور و ثانی تقی علیخان از بنی اعمامش جاگیردار و نداوش و ثالث حسین دوست خان از عشیرتش حاکم ترچناپلی، رابع اکبر علیخان از ہم نسبانش خامس محمد دیوان از قومش،،

گویا ان اصحاب میں سب سے زبردست شخصیت اور تاریخی حیثیت

---

(۱) تذکرہ والا جاہی مولفہ برہان خان ہانڈی کتب خانہ دفتر دیوانی و مال حیدر آباد ۔

(۲) مثنوی گلشن مہ رخاں مصنفۂ ائیمہ نبیسی والا جاہ مخطوطہ آصفیہ۔

(۳) تزک والا جاہی مخطوطہ مخزونہ دفتر دیوانی و مال حیدر آباد ۔

نواب حسین دوست خان عرف چندا صاحب(۱) حاکم ترچناپلی کو حاصل تھی جو دیوان کے ہمزلف تھے۔جنہوں نے فرانسیسوں سے ملکر گویا ہندوستان کی آئندہ قسمت کا پاسا پلٹ دیا جسکے اعادہ کی یہاں ضرورت نہیں ہے غرض دیوان شریف‌الخاندان اور امراے کرناٹک سے تھے۔

دیوان کی تاریخ ولادت اور یہ کہ وہ کہاں پیدا ہوئے اور آرکاٹ کب اور کہانسے آئے پتہ نہیں چلتا البتہ تاریخ ترتیب(۲) انشاے دیوان المسمٰی ''بعرضۂ دیوان'' سے جو نواب سعادت‌اللہ خان (۱۱۲۲ھ تا ۱۱۳۶ھ) کے انتقال کے وقت ترتیب دیگئی توثیق ہوتی ہے کہ انکو نواب صاحب موصوف ہی نے اپنے ابتدائی زمانہ میں آرکاٹ بلوایا تھا۔ انکو سالہا سال نواب صاحب کی ہمرکابی کا شرف حاصل رہا ہے اور نواب علی دوست خان شہید کے تو یہ داماد ہی تھے۔

علم و فضل:۔ دیوان علوم متداولہ عربی و فارسی تفسیر و حدیث، کلام و منطق و فلسفہ و ہیئت و نجوم و عروض میں یدطولٰی رکھتے تھے انکی فارسی شاعری اور نثر نگاری اور علم بدیع میں مختلف موضوع صنائع و بدائع لفظی و معنوی میں خامہ فرسائی انکی ذہانت، جدت اور کمال فن پر دلالت کرتی ہے گویا ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ظہوری صفحہ قرطاس پر گل افشانی کر رہا ہے۔

ہمعصر شعراء:۔دیوان بڑے، ملنسار اور یار باش آدمی تھے اکثر دن دن بھر دوست و احباب کی محفلوں میں بڑے عیش و عشرت کے

---

(۱) تاریخ ہند انگریزی مولفۂ تھامسن۔ مطبوعہ۔
(۲) انشاء دیوان مخطوطہ کتب خانہ آصفیہ۔
(۳) گلدستۂ کرناٹک مولفۂ رایق مخطوطہ کتب خانہ عمر یافیس۔

ساتھ بسر ہوتی تھی اور ان محفلوں میں شعر و شاعری کی مجلسیں گرم رہا کرتی تھیں اور اسی وقت فی‌البدیہ غزلیں کہی جاتی تھیں اور اپنے ہمعصر اہل کمال کے ساتھ خوب مقابلہ رہتا تھا اور انسے سبقت لیجایا کرتے تھے نیز اردو شاعری کی بھی معاصرین کے ساتھ مشق سخن جاری تھی ۔ دیوان نے میلاپور اور کنچن‌نگر کے خوشنما مناظر اور وہاں کی مہ جبینوں کی بڑی مدح سرائی کی ہے ایک خط میں اپنے ایک دوست کو اسطرح لکھتے ہیں:

''ازآن باز کہ سیر فرماے چمنستان بہار آباد چنیاپٹن و نظارگی جلوہ زار پریرویان میلاپور شدند گاھے لب تشنگان وادی فراق و آبلہ پایان صحراے اشتیاق را از رشحات مسجات دولت انصال سراپا بہجت و اقبال را نر نساختند''

دوسری جگہ تحریر فرماتے ہیں:

''روزے در باغ بہار آباد چمن آراے حدیقہ محبت دوستان حیدر یار خان ہنگام عشوہ خیزی نورستگان کشت زار لالہ' آ دبری از لالہ کاران چمنستان معانی کہ ہر یک غازہ طرازہ چہرہ عرایس حسن محبت و یکرنگیہا بودند تمام روز بغزل خوانی و شعر پردازی جلوہ آراے شاھد عشق و نشاط میبودند الخ''

غرض کہیں گلگشت ہمیشہ بہار آرکاٹ کا ذکر ہے اور کہیں

---

(۱) انشاء دیوان مخطوطہ آصفیہ ۔
(۲) میلاپور ، گزیٹر جنوبی ہند انگریزی مولفۂ ۔
(۳) انشاء دیوان مخطوطہ آصفیہ ۔

چنیاپٹن و لنچن نگر کے خوشنما مناظر کا ۔ اور کہیں قصبہ کلوہ(۱) کی شکارگاہ اور کہیں ایلور و میلاپور کی تفریح گاہوں کے دلچسپ مشاغل کا تذکرہ ہے ۔

ہمعصر شعراء :۔دیوان کے معاصرین شعراء میں حیدر یار خان(۲) و حیدر علی خان سیخ امین(۳) اسرائیلی امین تخلص، رائے دکنی رام منشی،(۴) میر مرتضی منزوی(۵) جنمیں حیدر یار خان اور حیدر علی خان، دیوان کے وہ خاص دوست ہیں جنکے باغ میں تمام تمام دن غزل خوانی اور شعر پردازی ہوا کرتی تھی جسکے متعلق ہمنے سطور بالا میں حوالہ دیا ہے ۔ ہم یہاں مختصر اقتباس درج کرتے ہیں :۔

''حدیقۂ محبت دوستان ''..... حیدر یار خان تمام روز بغزل خوانی و شعر پردازی جلوہ آرائے مساعد عشق و نشاط می بودند ''

دوسری جگہ حیدر علی خان کو اسطرح ذکر فرماتے ہیں :۔

''بدیہہ سخن مختصر سخنوران فصاحت فن شبے در جلوہ جوش انجمن فصاحت موطن نشہ افزائے دوستان دلہائے حیدر علی خان

---

(۱) کلوہ آرکاٹ سے (۱۰) میل ہے ۔

(۲) غالباً حیدر یارخان ابن شیخ محمد نقی ہمعصر آصفجاہ اول ہیں جو داروغہ قلعجات دکن تھے وفات سنہ ۱۱۴۵ھ (تذکرہ شعرائے دکن مولفہ عبدالجبار خان ملکاپوری) جلد ۱ ۔

(۳) شیخ امین اسرائیلی مصنف گلشن سعادت مجمع الانشاء ، (ملاحظہ ہو گلدستہ کرناٹک مؤلفۂ رایق) ۔

(۴) منشی ۔ مصنف سعید نامہ (حالات نواب سعادت اللہ خان) مخطوطہ کتبخانہ آصفیہ ۔

(۵) گلدستہ کرناٹک مخطوطہ مملوکہ احقر ۔

اکثر صاحبان رموز فهم مخترعات سخن گرم جولان سمند
تیز گام خیال معنی نگاریها بودند،،

دوسرے راے دکھنی رام اور جسونت رائے منشی تھے جنکا ذکر اگرچہ کہ انشاے دیوان میں نہیں ہے مگر چونکہ نواب سعادت اللہ خان کے خاص منشی اور دیوان تھے اور فارسی و اردو کے اچھے شاعر تھے اسلئے دیوان کی ان سے ضرور صحبت رہی ہوگی - تیسرے شیخ امین اسرائیلی امین ہیں یہ بھی نواب صاحب کے محکمہ دارالانشاء کے دبیر تھے شاید یہ وہی محمد امین ہیں جنکے ایک تنازعہ کے متعلق جو مخدوم خان کے ساتھ قلعہ ویلور میں ہوا تھا نواب صاحب نے خاص طور پر دیوان سے دریافت کیا تھا جسکا جواب دیوان نے تفصیلی طور پر اپنے ایک مکتوب میں دیا ہے -

چوتھے خاص طور پر قابل ذکر میر مرتضیٰ منزوی ہیں جو نواب علی دوست خان کے زمانہ میں شاہجہان آباد سے ویلور آئے. باقر علیخاں قلعدار ویلور کے رفیق رہے - فلسفہ، رمل، نجوم اور علم ہیئت کے بھی بڑے ماہر تھے - آخر عمر میں آرکاٹ چلے آئے اور گوشہ نشین ہو گئے اور اس درجہ مستغنی تھے کہ آرکاٹ کا ایک امیر، نواب نصیرالدولہ ملنے آئے تو انکار کر دیا اپنی اس وضعداری کے متعلق فرماتے ہیں ــــہ

اے منزوی از وضع تو عالم گلہ دارد
گردون طپش آورد و زمین زلزلہ دارد

دیوان نے غالباً نواب علی دوست خان ہی کے استفسار کے جواب میں انکی ایک کتاب جواہرالاشعار کا حوالہ دیا ہے - نیز نواب محمد علی خان

والا جاہ (۱۱۶۲ھ - ۱۲۱۰ھ) سے بھی آپکے بیحد تعلقات تھے، صنعت توشیح میں ایک منظوم مکتوب والا جاہ کو لکھا تھا جسکا مطلع یہ ہے :-

محبت گسترا پاینده باشی

چو خورشید از کرم تابنده باشی الخ

ہمعصر امراء :-بعض امرائے کرناٹک جو دیوان کے اعزاء تھے انکا احترام دیسانہ اسطرح ذکر کیا ہے :-

خوانین بلند مکان صفدر علیخان(۱) و حسین دوست خان(۲) و صفدر حسین خان(۳) و علی نقی خان(۴)، میر فیض اللہ خان وغیرہ نیز اپنے ایک خاص رفیق میر محمد رضاء کے متعلق ایک معرکہ میں انکے واقعہ شہادت کے ضمن میں اسطرح رقمطراز ہیں -

---

(۱) نواب صفدر علیخان ابن نواب علی دوست خان شہید المتوفی ۱۱۵۵ھ جو نواب علی دوست خان کے بعد ناظم آرکاٹ ہوے مگر ایک ہی سال بعد شہید کر دئے گئے (تزک والا جاہی مولفہ برہان خان ہانڈی) مخطوطہ دفتر دیوانی و مال حیدر آباد دکن -

(۲) نواب حسین دوست خان نائطی عرف چندا صاحب ہمزلف دیوان و حاکم ترچناپلی جنہوں نے نواب محمد علی والا جاہ کو فرانسیسیوں کی مدد سے ترچناپلی میں محصور کردیا تھا اور اسی زمانہ سے مغربی اقوام نے رؤساے ہند کے معاملات میں دخل دینا شروع کردیا تھا (تزک والا جاہی برہان خان) -

(۳) صفدر حسین خان نوایط، نواب سعادت اللہ خان ناظم آرکاٹ کے ایک عزیز تھے جنکی ایک صاحبزادی نواب محمد علی رض والاجاہ سے منسوب تھی (ترک والاجاہی برہان خان ص-)

(۴) تقی علیخان یا علی تقی خان نام میں کچھ جزوی اختلاف معلوم ہوتا ہے غالباً جاگیردار و نداوش ہمزلف دیوان و "از بنی اعمام علی دوست خان شہید" ترک والاجاہی برہان خان -

''گل گلذار سعادت و صفا و شمع شبستان انجمن کاتب وفا میر محمد رضاء که درین عالم یگانه عصر و از آئین مردی و مردانگی کامل عیار بود شهید نمود،،

میر صاحب مذکور نواب سعادت‌الله خان کی فوج کے ایک عہدہ دار بھی تھے اور لشکر کشی اور صف آرائی کے وقت نواب صاحب کے همرکاب رها کرتے تھے ۔ اور معرکۂ پونکنور وکرنپات میں کسی مفسد راجه کے مقابله میں سخت مجروح اور قید هوئے اور انکے فرزند داد مردانگی و شجاعت دیکر کام آئے ۔ بالاخر انکو بھی راجه نے قتل کر دیا، دبوان لکھتے هیں :-

''میر مسطور اگرچه در کار جوانمردی و جانبازی کوتاهی نکرده لیکن بسبب عوارض بے سرانجامی و عدم رسیدن کمک خیلے عاجز آمده لاعلاج از یاس آبرو بنا بر پیشدستی کشان معاند مقهور خود معه پسر شمشیر جواهردار و خونریز و خونخوار برنگ گلبرگ در دست گرفته خود را در میدان محاربه انداخته بکوته عراق پیوسته داد شجاعت و مردانگی داد اما یک با هزار چه توان کرد پیاده‌هاے کافر مسطور از سنان و تفنگ عرصه‌جات برو تنگ نموده پسرش بکار آمد، میر مذکور را سخت مجروح ساخته زنده بقید آورد پیش نا سردار کلفت آثار بردند ـــه

فراوان بر تن آن شیر نر زد
سنان و بلم و تیر و تبر زد

کافر مردود آن زخم خوردۂ حلول‌المراج چند زخمها بزخمهاے تازه زده بقتل رسانیده،،

شاعری میں تلمذ:- شاعری میں دیوان کو کس سے تلمذ تھا معلوم نہ ہو سکا مگر یہ ضرور ہے کہ انہوں نے اپنے وقت کے کسی با کمال شاعر سے اصلاح لی ہے جسکے اشارے انشاے دیوان (۱) میں موجود ہیں ۔ دیوان شعراے آرکاٹ میں طبقہ اول کے شاعر ہیں جنہوں نے نواب سعادت اللہ خان و علی دوست خان کا زمانہ دیکھا اور یہ وہ زمانہ ہے جبکہ آرکاٹ میں اگرچہ کہ کوئی باقاعدہ مجلس مشاعرہ نہ تھی جیسی کہ نواب غلام غوث خان والا جاہ المتخلص بہ اعظم(۲) کے زمانہ میں ہوئی، البتہ نواب سعادت اللہ خان ناظم اول آرکاٹ خود فارسی اساتذہ سخن کے دلدادہ تھے اور نہایت سخن فہم اور سخن سنج تھے نواب صاحب(۳) مغفور کو مرزا صائب تبریزی ، میرزا عبدالقادر بیدل اور شیخ ناصر علی سرہندی کا کلام بہت مرغوب تھا اور مثنویوں میں مثنوی نل دمن فیضی اور مثنوی مہر و ماہ عاقل خان رازی، مثنوی زلالی اور مثنوی میرزا محمد زمان خان راسخ نہایت شوق سے سنا کرتے تھے نیز آپ نے دکھنی اردو کی بھی سرپرستی فرمائی ہے چنانچہ اپنے خاص منشی جسونت راے تخلص منشی سے مثنوی سیف الملوک و بدیع الجمال دکھنی مصنفۂ غواصی کا ترجمہ فارسی میں کرایا اور مثنوی گلشن عشق ملک الشعراء نصرتی کا جواب دکھنی زبان میں منشی ہی سے لکھوایا تھا ۔ بلکہ ایک دکھنی شاعر بیجاپوری مسمی عبداللہ ذاکر آپکے دربار میں موجود تھے اور ان سے خاص طور پر

---

(۱) انشاے دیوان قلمی کتبخانہ آصفیہ ۔

(۲) مجلس مشاعرۂ اعظم تذکرۂ معدن الجواہر مولوی مہدی واصف مدراسی دیکھو نیز مضمون مولوی محمد حسین محوی رسالہ انجمن ترقی اردو ۔

(۳) سعید نامہ مؤلفہ منشی ، مخطوطہ کتبخانہ آصفیہ ۔

دکھنی اشعار سنا کرتے تھے بلکہ بعض اوقات ایام عاشورہ میں خود مرثیے بھی دکھنی زبان میں کہتے تھے، چنانچہ مولف سعبدنامہ لکھتا ہے

"نیز مرضی مبارك بمقتضا اینکہ اکثر اوقات در ایام عاشورہ مرثیہ امام مبرور بزبان دکھنی از طبع انور و طبیعت معنی پرور بفصاحت و بلاغت تمام پیرایہ ظہور می بخشید"

نیز امین اسرائیلی بھی دکھنی میں کہا کرتے تھے چنانچہ امین نے نواب صفدر علی خان کا مرثیہ (۱) لکھا ہے جس کا ایک شعر یہ ہے ؎

امین اخلاص اہل بیت طاعت دو جہانکی ہے
حضور دل سون اے صفدر توں، سرسون چل نین سون چل

غرض یہ زمانہ بھی شعر و سخن سے خالی نہیں رہا ہے دیوان بھی ان مجلسوں سے بہرہ اندوز ہوتے ہونگے علامہ باقر آگہ اور انکے تلامذہ گویا بساط شعراء آرکاٹ کے آخری مہرے تھے۔

دیوان کے معاصر حیدر یار خان، حیدر علیخان، میر مرتضٰی منزوی، امین اسرائیلی، منشی جسونت رائے، غلام علی آزاد، شفیق مہربان، ناصر علی سرہندی، وغیرہ ہیں ۔ اور دیوان فارسی کے بلند پایہ شاعر ہیں ناصر علی سرہندی کو اپنا ہمسر اور خود کو حافظ شیرازی کا متبع مانتے ہیں چنانچہ دیوان نے اسکا اسطرح ادّعا کیا ہے ؎

نگین در لالہ کاری شد برنگ مصرع دیوان
مضامین نہان ناصر علی کرد انتخاب اینجا

---

(۱) بیاض قلمی کتبخانہ سعیدیہ حیدر آباد ۔

چو پر شد عالم ز آواز عقیدتہاے من دیوان
مرید حافظ غیب‌اللسان فکر جوان من

غرض دیوان نہ صرف ایک بلند پایہ شاعر تھے بلکہ ایک جید نثر نگار نیز ایک نہایت بار باش ہر دلعزیز با مروت اور خلیق تھے چنانچہ انکی مروت ضرب‌المثل تھی - رایق مؤلف گلدستہ کرناٹک لکھتے ہیں :-

''مردے رنگین طبیعت پاکیزہ طینت عالی ہمت بود بارباب ہنر ذوی الاختصاص مراعات شایان و تواضع نمایان می نمود،،

ارباب علم و ہنر کا بڑا احترام ملحوظ رکھتے تھے اور مروت کی یہ حالت تھی کہ آپ جن اشیاے نفیسہ کو اپنے لئے فراہم کرتے اور وہ چیز خواہ وہ کوئی شخص ہو پسند آ جاتی تو یہ آپکی مروت سے بہت بعید تھا کہ وہ شخص خالی ہاتھ چلا جاے مجبوراً اسکو قبول ہی کرنا پڑتا چنانچہ رائق فرماتے ہیں :

''این مرد عجیب ذی ہمت و حاتم خصلت بود کہ ہر کسے از خویش و بیگانہ بخانہ‌اش وا رسید اقسام اشیاے نفیسہ کہ آن را فراہم می نمود براے ملاحظہ پیش آن مردم می‌کشید بعد دیدنش ہر کسے کہ تعریف چیزے نفیس از آن بعادت معہود می ساخت آن ہر شئے را باو مرحمت میکرد اگر کسے ابا میکرد ناخوش می شد و باغراق در قبولیت آن الحاح می ساخت آخر آنکس چار و ناچار قبولیت آن می پرداخت،،

بہر حال بیش قیمت سے بیش قیمت چیز کا اسطرح دیدینا کوئی معمولی بات نہیں بڑی عالی ہمتی پر دال ہے اور ایسے لوگ شاذ و نادر پیدا

ہوتے ہیں یہ اسوقت کے عالی ہمت امراء کی داد و دہش کا ایک ادنیٰ نمونہ تھا گویا وہ حسن سلوک کے لئے ایک بہانہ ڈھونڈا کرتے تھے بقول عرفی شیرازی ؎

''اقبال کرم میگزد ارباب ہمم را''

نواب سعادت‌اللہ خان نائطی، نواب آرکاٹ وفات (۱۱۳۶ھ) سے دیوان کی خط و کتابت رہی ہے ۔ جسکے اشارے اس انشاء میں ملتے ہیں ۔ چنانچہ نواب صاحب مغفور کے مختلف علمی و سیاسی اور ذاتی استفسارات کے جوابات کا مختصر اقتباس یہ ہے :۔

نواب صاحب نے ایک مکتوب میں لکھا تھا :۔

'' کوایف مقدمہ مراد خان مفصل بر نگارند ،،

جسکا دیوان نے جوابدیا کہ :۔

''حقیقت مقدمہ خان مذکور کما حقہ بر خاطر تجلی مآثر ظاہر است احتیاج اظہار کردن ندارد ،،

دوسرا مکتوب دیوان :۔ورود عنایت نامہ مکرمت لطیفہ در باغ کرم گستر دوستان حیدر علی خان در آنے کہ دل اخلاص منزل منتظر ظہور نیز مقصود می بود برتو ورود فیض آمود افگندہ مورث بیکران جمیعت و فرحت گردیدہ الخ ۔

تیسرے مکتوب میں نواب صاحب کے آرکاٹ پہنچنے کی اس طرح مسرت ظاہر کرتے ہیں :۔

''تا از سرف وصل نو ماندم محروم
در دست غمت سوختم از باد سموم
دردا کہ پریشانی جمعیت ما
از سیر سیارہ بود تا سیر نجوم

رسیدن آرکاٹ پرتو ورود مسرت باعث اهتزاز و انبساط گردید۔

چوتھے مکتوب استفسار علمی :۔

''نگار شده نسخه رمل از میر محمد اعظم گرفته ارسال دارند،،

جسکا جواب دیا گیا که :۔

''میر مذکور بارادهٔ مجارت عازم تفرج بندر چنیاپٹن شدند همینکه میرسند نسخه مذکور طلبیده ابلاغ خواهد نمود،،

پانچویں مکتوب میں نواب صاحب کی اولیاء اللہ وقت سے کمال عقیدت ظاہر ہوتی ہے ایک بزرگ حضرت امین الدین علی ؒ آرکاٹی، مرشد فقیر علی شاہ چشتی کو جنکے مرید اورنگ آباد کے ایک جید اردو شاعرساہ قاسم علی بھی تھے، دیوان کے ذریعہ آم کا تحفہ بھجوایا تھا، یوں جواب دیتے ہیں :۔

''در ماده ارسال ڈالی انبه بجناب قبله صورت و معنی حضرت امین الدین علی صاحب مرقوم قلم مهربانی رقم شده بود مهربانا حسب الارشاد ڈالی انبه سعه عریضه از طرف آن مهربان با محمد غالب ارسال نموده آید،،

اسکے علاوہ دوست احباب بھی دیوان کو تحفہ و تحایف بھی ارسال فرماتے تھے چنانچہ کسی دوست کو لکھتے ہیں :۔

''مطابق فرمودهٔ سامی عظامی دو طاقه مخمل خرید کرده فرستاده شد،،

ایک مرتبہ لکھا گیا که کتاب اعجاز خسروی نو رائے خوب چند کی سرکار میں موجود ہے اور عظیم الدین طالب علم سے آپکے روابط ہیں منگوا لیجئے۔ ایک خط میں غالباً نواب علی دوست خان کو صدارت آرکاٹ

کی مبارکباد لکھ بھیجی، اور دیوان شوکت (بخاری ؟) کی فرمایش کے جواب میں لکھا کہ حیدر علی کلوہ گئے ہوئے ہیں آنے کے بعد بھیجدونگا۔ اور کسی کو لکھا کہ نسخہ جہان الرمل کا نسخہ عاشور بیگ رمال کے پاس آرکاٹ میں تھا۔ بوجہ تنگی معاش سعادت پٹن کی بندرگاہ کے راستے بنگال گیا ہوا ہے سنا ہے کہ نسخہ سرخاب کتبخانہ سرکار میں ہے جو آپکو مرغوب ہے۔ مجھے بھی ایک ہفتہ کے لئے بھیجدیجے۔

وفات:۔دیوان نے نواب سعادت اللہ خان (۱۱۲۲ - ۱۱۴۶ھ) و نواب علی دوست خان ۱۱۴۶ھ و نواب صفدر علیخان (۱۱۵۳ - ۱۱۷۵ھ) کا زمانہ دیکھا اور نہایت آن بان سے زندگی گذاری مگر معلوم ہوتا ہے کہ نواب علی دوست خان اور نواب صفدر علیخان کی شہادت نے اور بعض خاص دوست احباب کی وفات اور دنیا کی بے ثباتی نے انکا دل سرد کر دیا اور اس وجہ سے انہوں نے گوشہ نشینی کو ترجیع دی ہو چنانچہ مؤلف گلدستہ کرناٹک(۱) نے اسطرح اشارہ کیا ہے۔

''دامن از ارتباط دنیا برچید و همچو وا رسته مزاجان در گوشهٔ خلوت انزوا گزید،،

دیوان کی زیادہ تر بود و باش ویلور(۲) میں تھی جہاں انکے اعزاء موجود تھے اور یہیں انکا انتقال ہوا تاریخ وفات کا پتہ نہیں چلا اور نہ

---

(۱) گلدستۂ کرناٹک مؤلفہ رایق (باقر حسین خان حکیم) مخطوطہ کتبخانہ عمر یافعی۔

(۲) ویلور متصل (آرکاٹ) یہاں کا تاریخی قلعہ مشہور ہے۔ جہاں ٹیپو سلطان شہید کے شہزادے قید تھے، موطن و مسکن اقطاب ویلوری مولانا قربی و ذوقی، و علامہ غلام محی الدین ویلوری، جن کا مدرسہ و و خانقاہ و کتبخانہ بہت مشہور ہے۔

کسی تذکرہ نویس نے اسکا ذکر کیا ہے مگر انکا مقبرہ کوہ ویلور کے دامن میں ہے جسکی رایق نے اسطرح نشان دھی کی ہے :-

''مقبرہ اش در دامن کوہ دارالسرور ویلور واقع است،،

چونکہ دیوان نے نواب محمد علی والا جاہ ۱۱۶۲ - ۱۲۱۰ھ کی تعریف کی ہے اسطرح دیوان محمد لی خان والا جاہ کے عہد میں بقید حیات تھے -

تصنیفات :- دیوان کی تصنیفات میں ہم کو صرف انشاے دیوان کتب خانہ آصفیہ میں دستیاب ہوئی جو دیوان کے منشآت کا اعلیٰ نمونہ ہے -

انشاے دیوان کے اسوقت چار نسخے ہمارے پیش نظر ہیں —

پہلا نسخہ کتب خانہ آصفیہ (فن انشاے فارسی) نمبر ۹۶ بخط شفیعا نفیس - مکتوبہ سنہ ۱۲۲۸ھ -

دوسرا نسخہ کتبخانہ آصفیہ (فن سلسلہ جدید) نمبر ۲۱۴ ناقص الاخر، سنہ کتابت ندارد -

تیسرا نسخہ کتب خانہ دفتر ملکی و مال حیدرآباد مکتوبہ سنہ ۱۲۵۸-

چوتھا سب سے قدیم نسخہ انڈیاآفس، مکتوبہ سنہ ۱۱۵۰ھ

جو ضمیمہ فہرست مخطوطات فارسی مرتبہ ایتھے میں درج ہے بلکہ دیوان کے کلیات کا نایاب مجموعہ نظم و نثر بھی انڈیا آفس میں ہماری ناقدری کیوجہ سے منتقل ہوگیا جو وہاں محفوظ ہے ڈاکٹر اقبال نے کیا خوب کہا ہے

مگر وہ علم کی دولت کتابیں اپنے آبا کی
جو دیکھو انکو یورپ میں تو دل ہوتا ہے سی پارہ

شاید ہی ہندوستان کے کسی کتب خانہ میں اس کا کوئی نسخہ ہو اسلئے ہم یہاں فہرست مرتبہ ایتھے سے تفصیل درج کرتے ہیں - جس سے واضح ہوگا کہ دیوان کو مختلف علوم میں بڑی مہارت تھی - ایتھے لکھتا ہے :-

کلیات دیوان ۱۷۰۰ء :-

"Complete works in Prose and Verse"
"By a Hither to unknown Auther Zainulabidin"
"Brader—(see folio 114 B. 1-9) with"
"Takhallus Diwan".

جس کی فہرست بھی ورق نمبر ا ب اور نمبر ۲ الف پر موجود ہے - جس میں دیوان کی ۳۸ فارسی و اردو تصانیف کا ذکر ہے -

نوعیت و تفصیل کلیات :- بزبان نثر شروح مختلف مصنفات مثلاً تصوف ، ادبی و تحقیقی ، مباحث ، تفسیر و حدیث وغیرہ پر مشتمل ہے - جس میں حسب ذیل کتب و رسالہ جات موجود ہیں :-

(۱) - رسالہ فیوضات الفاتحہ کہ تفسیر سورۂ الحمد است بجامعیت علوم اجمالیہ فیض یابان فیوضات غیبی را بہوائے الخ (ورق نمبر ۳ ب) -

(۲) - حاشیہ رسالہ فیوضات الفاتحہ از مصنف (دیوان) ورق نمبر ۳۵ ب -

ابتداً : الہی آفتاب صبح عزت کن زبانم را الخ -

(۳) - حل معنی حدیث نبوی صہیبیہ (ورق ۹۲ ب) -

(۴) - اظہار اسرار فاطمویہ (ورق ۹۶ ب) -

(۵) - رسالہ شمۃالاسرار مرتضویہ (ورق ۹۹ ب) -

(۶) - رساله اتفاقیه مذهبیه (ورق ۱۱۶ ب) -

(۷) - نسخه دائرهٔ وجود و هیئة (ورق ۱۱۲ ب) -

(۸) - نسخه اجوبه خمسه عربیه (ورق ۱۳۰ ب) -

(۹) - تحقیق گردش آفتاب (ورق ۱۳۶ ب) -

(۱۰)- نسخه شرح بیت اول مثنوی مولوی روم (ورق ۱۴۰ ب) -

(۱۱) نسخه شرح غزل اول دیوان حافظ شیرازی (ورق ۱۴۷ ب) -

(۱۲) نسخه شرح ابیات مثنوی مولوی روم (ورق ۱۵۴ ب) -

(۱۳) کتاب شرح سلم العلوم (منطق) مصنفه قاضی محب‌الله بن عبدالشکور بهاری وفات ۱۱۱۹ھ/۸-۱۷۰۷ء - (تالیف ۱۱۵۰ھ) -

(دیکھو فہرست کتب عربی لوتھیان صفحه ۱۵۳) -

(۱۴) حل مستزاد مرزا بیدل (ورق ۲۹۸ب) -

(۱۵) حل معنی رباعی زن شاعره (ورق ۳۰۱ ب) -

(۱۶) رساله شرح ربع مجیبه اسطرلاب (ورق ۳۰۴ ب) -

(۱۷) سوال و جواب پیر و مرید هنگام ملاقات (ورق ۳۱۴ ب) -

(۱۸) رساله رد منافق (ورق ۳۲۰ ب) -

(۱۹) استفسار شبه المتار بین بادایه ورق ۳۴۶ ب) -

(۲۰) نسخه رد غیریت حقیقی -(ورق ۳۴۹ ب) -

(۲۱) حل معنی هر سه بیت مشهوره (ورق ۳۵۶ ب) -

(۲۲) تحقیق حدوث و قدم کلام مجید (ورق ۳۵۹ ب) -

(۲۳) رساله کلید سندر سنگار (۱)-

---

(۱) سندر سنگار کا ایک نسخه قلمی ٹیپو سلطان شہید کے کتبخانه میں موجود تھا ، دیکھو فہرست مرتبهٔ اسٹوارٹ ، کتبخانه ٹیپو سلطان -

بزبان هندی مصنفه سندر مهاکوی، معنون به مغل شهنشاه، شاه جهان، (۱۶۳۲ء) جسکے دو نسخے فهرست کتبخانه بوڈلین کے ۲۳۵۳—۲۳۵۴ پر محفوظ هیں، اسکا تیسرا نسخه انڈیا آفس کی فهرست میں ۱۹۴۷ پر مخزون هے - اور گارسان دتاسی نے اپنی تاریخ ادب هندستانی وغیره کے صفحه ۱۷۷، اور ورق ۳۶۲ ب حصه سوم میں ذکر کیا هے۔

(۲۴) حل معنی نغزان شیخان آملی (ورق ۳۷۵ ب) -

(۲۵) حل معنی نغز بدر چاچ (ورق ۳۷۹ ب) -

(۲۶) کتاب شرح ابیات غوامض مرزا جلال، اسیر وغیره (۳۸۲ ب) -

(۲۷) سراپاے دیوان (ورق ۴۱۵ ب) -

(۲۸) حسن دیوان، ورق ۴۱۹) ب) -

(۲۹) شرح اسرارخمر[1] از ابیات دکھنی حضرت شمس؟ شمس ولی‌الله دکھنی شاعر معاصر عالمگیر، دکھنی کا صاحب دیوان شاعر (ورق ۴۲۴ ب) -

(۳۰) دستورالعمل و اختراعات تازه (ورق ۴۲۸ ب) -

(۳۱) کتاب[2] انشاے دیوان (ورق ۴۳۱ب/۴۶۳الف -

(۳۲) ترتیب مجلس جشن (ورق ۴۶۴ب) -

---

(۱) گویا دیوان ولی دکھنی سے خمریه اشعار کی شرح کی هے - جو نایاب معلوم هوتی هے - جس کا اب تک کسی مصنف و مؤلف نے ذکر نهیں کیا هے -

(۲) انشاٴ دیوان، یه وهی نسخه هے، جس پر همارا یه مضمون مشتمل هے - انڈیا آفس کا یه نایاب مخطوط هے جو دیوان کے زمانه حیات کا نسخه هے -

(۳۳) عرس حضرت امام علیہ‌السلام (ورق ۴۶۸ب—۴۷۲)
(تصنیف ۱۱۴۵ھ) -

(۳۴) آمد(۱) ابیات دکھنی، (ورق ۴۷۳ب—۴۷۶)

(۳۵) روبہ ردیہ ..... (ورق ۴۷۷ب) -

(۳۶) سبب قصیدہ دکھنی (ورق ۴۸۳ب) -

(۳۷) دیوان دیوان - دیوان غزلیات ردیف‌وار، آخر میں طویل نظم ہے -

ابتداء : الہی آفتاب صبح عزت کن زبانم‌را
تجلی رنگ بست بزم معنی کن بیانم را

اور یہ بیت کتاب نمبر ۲ متذکرہ صدر پر بھی درج ہے - صرف درج نہیں البتہ خود مصنف کا قلمی معلوم ہوتا ہے -

مخطوطہ نمبر ۲۲۱، جملہ اوراق ۵۲۰ - بخطہ شکستہ، عنوانات، جلی قلم سے - تقطیع ۵ ۱/۸ اور ۲ ۱/۲ گویا اس مجموعہ میں اسطرح ۳۷ مختصر و طویل تالیفات تصنیفات شامل ہیں جو تقریباً ہزار صفحات پر مشتمل ہے -

انشاء دیوان :— مخطوطہ کتبخانہ آصفیہ نمبر ۹۶، صفحات (۸۵) سطر (۱۵) تقطیع تقریباً (۶"×۸") - نستعلیق معمولی -

آغاز :—شعر

افتتاح سخن آں بہ کہ کند اہل کمال
بہ ثنائے ملک‌العرش خدائے متعال

---

(۱) غالباً، یہ جزو، انشاء دیوان سے متعلق ہے - جس کا ذکر انشاء میں موجود ہے، اور دیوان کے فی البدیہہ دکھنی کلام سے متعلق ہے -

سپاس بیقیاس مر مبدعی را سزاست که مذهب صفحات مجدوله صحایف سمٰوات مرتفعه نقش پذیر قلم اختراع رقم قدرت اوست الخ ـــــ

تمهید ''پوشیده نماند که این جرعه نوش صهبائے خمخانه ارباب معنی ایجادان سخنور زین‌العابدین برادر المتخلص به دیوان میگوید که شبے از شبها که نظرات کواکب سیار چون انظار دوستان الفت شکار دوستی گلکار بو دیاران همدم و دلدار دوستان رفیق و و انست شعار.....

که شبانه روز هنگامه آرائے بزم طرب و نشاط و چراغ افروز کاشانه فرحت و انبساط می بودند از رنگین سخنان دلپذیر برنگ آمیزی خواهش کثیر باعث برآن گشتند که چند لالی گرانبهائے ناسفته مضامین زاده دودهٔ قلم شکسته رقم را بحسن عبارت ذائقه شایقه انگیز که گلدسته بدستان معنی‌هاست زینت طراز عرصه خیابان بساتین صورت رساند.....

در اندک فرصتے مسودات مرقومه قلم بدایع نگار که در حیز تحریر و تسطیر آمده بود جمع نموده ''بعرضه دیوان'' که اعداد حروفش جلوه پرداز سال تحریر نقش راز رنگین مسودات است مسمی کرد .....

بر سه فصل و خاتمه که از فصل اول در مکتوبات مرسله فصل دوم در رقعات مصنوعه و فصل سیوم در محذوفات متنوعه و خاتمه در مسودات مختلفه ترتیب داده آمد الخ''

ترقیمه :ـتمت تمام شد، انشاء دیوان بفضل کریم ایزد سبحان رحیم و رحمان، کاتب الحروف غوری خان ولد حکیم داؤد خان غوری بروز سه شنبه بتاریخ هفدهم ماه ربیع الاخر سنه ۱۲۲۵ھ.....

غوری خان ابن حکیم داؤد خان کون تھے پتہ نہیں چلا جیسا کہ ہم نے اوپر بیان کیا ہے اسکی کتابت سنہ ۱۲۲۵ھ ہے اور اسکا سنہ تصنیف کے متعلق مصنف نے لکھا ہے کہ ''در اندک فرصتی مسودات مرقومہ قلم بدیع نگار کہ در حیز تحریر و نظر آمدہ بود جمع نمودہ .....''۔

'بعرضہ دیوان'' :- ۱۱۴۶ھ کہ اعداد حروفش جلوہ پرداز سال تحریر نقش راز رنگین مسودات است مسمی کرد۔ گویا یہ مخطوطہ سنہ تصنیف سے (۷۹) سال بعد کا ہے اسکا ایک دوسرا مخطوطہ کتبخانہ دفتر دیوانی و مال حیدرآباد میں ہے جسکا سنہ کتابت سنہ ۱۲۵۸ھ ہے گویا یہ اول الذکر مخطوطہ سے ننتیس سال بعد کا ہے البتہ اسکا ایک قریب ترین زمانہ کا یعنی تاریخ تصنیف سے صرف چار ہی سال بعد کا مخطوطہ مکتوبہ سنہ ۱۱۵۰ھ انڈیا آفس لندن میں موجود ہے، جسکا ذکر مسٹر ایتھے نے اپنی ضمیمہ فہرست میں کیا ہے دیوان نے اپنی اس انشاء کو نواب سعادت اللہ خان ناظم آرکاٹ کی وفات اور علی دوست خاں کی جانشینی کے وقت مرتب کیا۔ چنانچہ اسمیں نواب علی دوست خاں کی جانشین کی مبارکباد کا قطعہ بھی موجود ہے جو سنہ ۱۱۴۶ھ میں عمل میں آئی تھی دیوان دکن کے ابوالفضل یعنی آصفجاہ اول (المتوفی ۱۱۶۱ھ) کے میر منشی موسوی خاں جرأت اور شیخ محمد امین اسرائیل منشی، سعادت اللہ خان نواب آرکاٹ کا ہمعصر ہے۔

چونکہ دیوان کا کلام کمیاب ہے اور کلیات دیوان انڈیا آفس لندن میں ہے۔ اور مدراس کے تذکروں میں صرف ایک ہی فارسی شعر درج ہے۔ اور بعض مرثیوں کے اشعار بعض جدید تذکروں میں آگئے ہیں۔ اسلئے ہم انشاے دیوان سے، اس شاعر باکمال کی فارسی و دکھنی فی البدیہہ کہی ہوئی غزلیں اور فارسی انشاء پردازی و صنایع و بدایع کے نمونے نیز بعض تاریخی حالات کے اقتباسات درج ذیل کرتے ہیں۔ کیا اچھا ہو کہ جامعہ مدراس کا شعبہ علوم مشرقیہ، کلیات دیوان کی نقل انڈیا آفس سے حاصل کر کے اسکو مرتب کردے۔ جسطرح اور شعراء کا کلام مثلاً دیوان ابجدی وغیرہ مرتب کیا گیا ہے .....

غالباً حسب ذیل غزل، نواب سعادت اللہ خاں نواب آرکاٹ المتوفی سنہ ۱۱۴۶ھ کی خدمت میں یا نواب علی دوست خاں جلوس سنہ ۱۱۴۶ھ کے ملاحظہ میں بھیجی گئی تھی طرز تحریر و مخاطبت سے اسکی تائید ہوتی ہے۔

"در حین نقش پذیر کردن سطور عریضہ نیاز غزلے نوک ریز خامہ معنی طراز گردیدہ یقین کہ بنظر انور خواھد گذشت"

بہار نشہ بخش صبحدم موج شراب اینجا
برنگ جام میگردد ایاغ ماھتاب اینجا

ازان ساقی گل اندامے پیام آرد بجاسوسی
نسیم صبح جان بخش وھواے جوے آب اینجا

نقاب شرم از خود چون کشد گاه سحر خیزی
پریدن رنگ شبنم میشود دود سحاب اینجا
جنون بخش خیالم میشود طرز نگاه او
برنگ باده لبریز است موج اضطراب اینجا
تجلی جوش بدمستی به هنگامی خرامیدن
کند دلهاے عالم را نمک‌ریز کباب اینجا
صداے ناله بےصوت ناساز طپیدنها
رگ کلکم بمضراب نفس تار رباب اینجا
چه باک‌است اینکه می پرسم ز دامان سیه‌کاری
بفیض سایه‌گستر شد نگاه بونراب اینجا
همینم بس بود دولت بیاد چشم فتانش
که می ریزم بجاے اشک خون لعل ناب اینجا
نگین در لاله کاری شد برنگ مصرع دیوان
مضامین نهان ناصر علی کرد انتخاب اینجا

حسب ذیل غزلین نواب حیدر علی خاں کی محفل میں دیوان نے فی‌البدیہہ کہی تھیں جسکا اشارہ بھی اسطرح کیا ہے :-

"بدیہہ سخن مختصر سخنوران فصاحت فن شبے در جلوہ جوش انجمن فصاحت موطن نغمہ افزاے دلہاے دوستان حیدر علیخان".....

"اکثر صاحبان رموز فہم مخترعات سخن گرم جولان سمند تیزگام خیال معنی نگاریہا بودند بدیہہ دو غزل بخاطر فاتر رسید" و آن اینست (صفحہ ۶۸ انشاے دیوان۔

اے گداز دل نگاه برق رخشان شما
مرغ جان را دیدهٔ دام است چشمان شما

تا بکے دارم نفس در قید محمل چون پری
رخنه ساز شیشه دل تیر مژگان شما

عالم از تیغ تغافلهاے برق جانگداز
همچو مرغ نیم بسمل گشته حیران شما

بر لقاے مطلعش خمیازه گرد و چون نقاب
آفتاب و مه بوند هر لحظه قربان شما

چون تحمل میشواند کرد جان مضطرب
محرق قلب است جانان سوز هجران شما

جان برنگ دیده تصویر شد محو خیال
میکند تسلیم خود بر وصول فرمان شما

توتیاے دیدهٔ حیران نگاه خود کنم
گر بیابم خاک را و کوے ایوان شما

از خجالت هاے عصیان ما بفرق غفلت است
جرم بخشیهاے ما امید غفران شما

کلک تقدیر من سر مست دیوان ازل
میطرازد دام ما زلف پریشان شما

قصبه کلوه (علاقه آرکاٹ کی شکار گاه میں حیدر علیخان اور دوسرے احباب کے ساتھ دو تین غزلیں فی البدیهه کہی تھیں جنکے منجمله دو غزلیں یه هیں انشاے دیوان صفحه ٦٨ مخطوطه -

تا که دیدم بچمن روے دل آراے را
عشق پرداخت ز من صبر و شکیبائی را
محتسب گر کند هرچند نصحیت اے دل
اثر پند نگیرد دل شیدائی را
هر کرا وصل دلارام چو یوسف گردد
گر کشد کسب ز دل عشق زلیخائی را
بهر ممنونی عالم بروم سرگردان
تا که حاصل کنم آن یار دل افزائی را
دار مژگان تو اے قاتل جانم بنگر
دل مستور مرا داد برسوائی را
دود آه هر خسته بیمار یها
بسته کاری من کرد هیولائی را
بر هر کس مرو از محفل خود اے دیوان
فکر محنت نشود هر دل تنهائی را

---

(۲)

ایکه حسن لایزالت نیست محتاج نقاب
آفتاب از پیش رویت همچو رنگ ماهتاب
گرمی تیغ نگاه برق هستی سوز او
میگدازد دل چو شبنم پیش چشم آفتاب
جان به هجرت میرود زین بسان بوے گل
اشک سیلاب دو چشمم می وزد چون موج آب
همچون گردون چرخ دارد دل بگرد عارضت
اے خدا را از من مشتاق سرو خود متاب

جان بگرداب تحیر شد چو سیماب از فراق
دل بسوز آتش شوقت بسوزد چون کباب
در بیابان جنون اشتیاق روے تو
اوفتادم همچون مجنون نیست تاب خورد و خواب

هنگام وصول فیض شمول رقعه مسرت مرقعه نقشبند تصور غزل بود از فیض مطالعش صورت پذیر گردیده همراه عریضه نیاز مرسول است (انشاء دیوان صفحه ۱۲) -

---

از بسکه قد سرو ترا غمزه و ناز است
قمری صفت عالم همه در طوق نیاز است
در سینه حیران من خسته هجرت
از باد خیال تو دلم گلشن راز است
هر صوت درین بادیه از عین حقیقت
آواز دف و چنگ همه نغمه نواز است
از دیده نگار رخ آن شمع شبستان
چون شعله پروانه دل آغوش گداز است
اے برق آن خرمن صبرم که بیادت
هوشم ز نگاهے تو که چون برق طراز است
اے دیده ز ابروے بتان چشم بگردان
کین خامه عشقست حقیقت نه مجاز است
کے رم کند از دام سیه زلف تو دیوان
چون خاطر محمود که در زلف ایاز است

علاقہ کرناٹک کی سیاحت کے موقعہ پر بندرگاہ چیناپٹن کے مقامات مین حسن اتفاق سے دیوان کو شہر کنچن نگر میں رات کے وقت قیام کا اتفاق ہوا تو وہاں کے ایک سرسبز و شاداب باغ میں صبح کے وقت وہاں کے دلاویز آبشاروں اور بلبلوں اور پرندوں کی نغمہ سرائی اور چہچہاہٹ کا شاعر کے دلپر بے حد اثر ہوا اولاً یہ مناجات فی البدیہہ کہی چنانچہ کہتا ہے :-

''صبحی کہ مطابق مضمون دم صحبت کزان فیض بدلہا بخشید بر دل گمشدگان نور تجلی بخشید بوے نسیم سحری پژمردگان شداید محبت الہی را تازہ جان بخشید و صمیم بادصبا شیفتہ دلان لذایذ سحرگاہی پیام فیوضات نمایان میداد و از خواب بیدار شدیم.... جواذب محبت آشفتگان اسرار الہی نقش ریز قوت منجلہ برین وجہ گردید کہ چند ابیات متضمن مناجات بجناب حضرت قاضی الحاجات گفتہ شود ہموں وقت بمدد ناطقہ معنی طراز مخمسے بدیہہ صورت پذیر گردید''۔

مناجات

خداے من کریم است و رحیم است
جنابش داور ملک قدیم است

بہر جا دست فیاضش نعیم است
نگاہش بر ہمہ عالم عمیم است

بامر داور خلاق عادل
بیک جا گشت آب و آتش و گل

نگاہش برق ریز خرمن دل
زہے نامش کلید حل مشکل

کہ دادش برزبان یار و ندیم است

خدائے خالق دنیا و دین است
توانائی ده عرش برین است
صفائے بخش هر جان حزین است
بملک داوری مسند نشین است
عدیلش ز هر دوستت عدیم است (؟)

فروغ نیر صبح جلالش
طلوع لمعه مهر کمالش
دمد هر غنچه‌ها سور نوالش
منور گشت عالم از جمالش
که بر هر ذره دمساز سلیم است

خداوندا نگر بر حال دیوان
که باشد جمله مشکلهاش آسان
رهان از دام حیرانی و نسیان
رسان او را بملک امن و امان
که بیشک دست احسانت کریم است

یه غزل بهی حیدر علیخان وغیره احباب کی محفل میں فی البدیهه کهی تهی ملاحظه هو انشاء دیوان صفحه ۶۸ مخطوطه -

سه

دلم محو خیال رخ آن شاه بتان شد
جان در گره سلسله موے میان شد
هر نوک خدنگ مژه چشم بر نقش
ناسور کن توده خاکستر جان شد

دیدم بچمن گل ز ادب لب نکشاید
تا در صحن هر چمن آن سرو چمان شد

چشمت نزند غیر رخت همچو سنججل
هر کس که بیک دید تو فارغ ز جهان شد

مینای دل من ز می ؟ صبر و خرد را
بیداری هجر تو چو سنگ یرقان شد

کے پاک شود گر ز تنم جان بدر افتد
کز نغمه منصور سرم پر ز عیان شد

پیوسته به زنجیر سیه کاکل مشکین
دیوان چو سر فاخته آن سرو جوان شد

غزل ـــه

دلم کاشانهٔ عشرت بدام جان جان دارد
ز عشق عارضش مارا بخیل عاشقان دارد

بهار گلشن جنس جهان سوزے نگار من
چها لبریز گلزارے که حسن جاویدان دارد

مپرس از خاطر حیرت پرستم بسکه بیتاب است
خیال جلوه حسنش بدرد خود نهان دارد

چه صیادے که دلها دام زلفش جاے خود سازند
پریروے بدام خود چه صیدے بیکران دارد

بطرز غمزهٔ جادو نگاهے دلرباے من
غزال ازرم طرازیهاست در صحرا مکان دارد

دلم از اضطراییهاے هجر گل رخ ساقی
برنگ بلبل شیدا بسا شور و فغان دارد

بلا انگیز من دیوان ز استغناے حسن خود
به میل عاشق مسکین نه پرواے جهان دارد

مندرجۂ بالا غزل اور ردیف واو کی غزل جسکا مطلع یہ ہے

لبریز جلوہ گشت رخ گلعذار تو

نواب حیدر یار خان کے باغ میں فی البدیہہ کہی گئی تھیں اور اسوقت دیوان کے اکثر خاص دوست احباب جمع تھے چنانچہ دیوان نے اسکی طرف اشارہ کیا ہے۔

,,روزے در باغ بہارآباد چمن آرائے حدیقہ محبت دوستان حیدر یار خان ہنگام عشوہ خیزی نورستگان کشت زار لالہ آذری از لالہ کاران چمنستان معانی کہ ہر یک غازہ طراز چہرہ عرائس حسن و یکرنگیہا بودند تمام روز بغزل خوانی و شعر پردازی جلوہ آرائے شاہد عشق و نشاط می بودند ہر یکے موافق استعداد رسائی طبع خود غزل در آوردند این شانہ کش مسلسل کاکل مرغولہ بندان نزاکت آباد معانی دو غزل بیداہت نفس طراز تسطر نمود،،۔

دیوان نے نثر میں ایک اشتیاق نامہ محبوب مجازی کے نام نہایت آب و تاب کے ساتھ زیب قرطاس کیا ہے جو نظم و نثر کا مجموعہ ہے اور ان مکتوبات میں ایک شاہکار کی حیثیت رکھتا ہے آخر میں ایک غزل لکھکر معشوق کے ملاحظہ میں پیش کی ہے چنانچہ لکھا ہے :-

''حسب حال غزل تیار کردہ بجناب محبوب مطلوب مرغوب نوشتہ شد و آن اینست،،

یار دل افزائے ما دیدہ بہ میخانہ دوش
از رہ لطف و عطا گفت مرا می بنوش

گفتش اے جان فزا از نگه گرم خویش
چهره جان سوختی نے بدلم صبر و هوش
گفتمش از درد خویش اے صنم بے وفا
جز که به عشق رخت در دل من کرده جوش
دیدنی روے تو محو دل عاشق است
اے ملک جان به لطف بر سخنم دار گوش
وصل تو اے گلبدن کے کند از بخت شاد
بلبل دل خسته را چند بر آرم خروش
غمزه ادا اسنج تو زد بدلم اضطراب
چند کشم از فراق بار غمت را بدوش
دلبرم از عین ناز از مدد فیض حسن
گفت بمن از کرم رو تو بر مے فروش
رفته بر ساقیم گفتمش این نقد جان
بر تو نثارش کنم داد بمن می که نوش
یافتم آن فوت جان از مدد بخت خویش
گفتم اے دیوان کنون وصل بت از جان بکوش

کسی نواب آرکاٹ غالباً نواب سعادت علی خان یا علی دوست خان کو یہ غزل روانہ کی تھی، اپنی کسر نفسی و ہیچمدانی کے مد نظر اصلاح کی بھی استدعاء کی ہے :-

''دیروز غزلے تازہ نقش پذیر قلم شکستہ رقم گردید، ارسال گرامی خدمت نمودہ شد البتہ نظر اصلاح خواہد فرمود،،
(انشاء دیوان صفحہ ۲۱)

مطلع :- بدل چون مهر عشق دلفروز گلبدن دارم
ز افعال زیان کاری چه باك از اهرمن دارم
دلم روشن شد از یاد بهار گلعذار او
بسیر گلشن حسنش چه پروائے عدن دارم
به بزم دل ز حال اضطراب جان من یارب
تمنائے وصال گل فروش انجمن دارم
شدم گم گشته هستی ز بیدادی مژگانت
بسا درد پریشانی درین پیر کهن دارم
مقطع : فراق دلبرم درد نفس در سینه ام بسمل
ز تاب بیخودی دیوان چه حال است این که من دارم

"وقت رسیدن رقیمهٔ کریمه مطابق فرموده صاحبے در فکر غزلے بود همون وقت بخاطر فاتر رسید در عریضه ملفوف نمود ابلاغ خدمت تو دد منزلت داشته البته بنظر اصلاح زینت پذیر خواهد فرمود" (انشاء دیوان صفحه ۱۶)

اے دهانت مبدائے عنوان حسن
وائے لبت. درج در دوکان حسن
زیب بخش حسن بیت ابرویت
خط سبزت جدول دیوان حسن
قطره خوے رخ گلفام تو
آب حیوان بلبل بستان حسن
منشاء راز نهانی کاکلت
خال رویت نقطه قرآن حسن

تیر مژگان در کمان ابرویت
بهر خونریز دل قربان حسن
یک نگاه تیز تیغ آهوبت
قاتل هر سالک میدان حسن
گر شود فضل تو اے سلطان حسن
گفته دیوان بود با شان حسن

مندرجه ذیل غزل نواب علی دوست خان ناظم آرکاٹ کو بھیجی گئی تھی جسمیں اظہار عقیدت اور دعا گوئی کا ذکر ہے چنانچہ لکھتے ہیں :-

''حق سبحانه تعالی ریاض دولت و اقبال و گلشن ابهت اجلال از قطرات مطرات ازلی و رشحات سحاب لم‌یزلی سر سبز و خندان دارد مطابق ارشاد کرامت بنیاد غزلے تازه ابلاغ گرامی خدمت نموده شد یقین که بنظر انور خواهد گذشت،، - (صفحه ۲۸ انشاء دیوان)

مطلع :- دلم سوزد به هجران تپ نامهربان من
برنگ شعله جوالهٔ باشد استخوان من
دل مجروح تیغ چشم او ما جلوه حسنش
چو نور مه شود ناسور این داغ کتان من
بصحراے خیالش چون کنم پرواز صیادم
کشد در دام زلف خود شکار مرغ جان من
چو قمری طوق گردن میکنم حبیب قبایم را
بدرد هجر آن رشک بتان سرو چمان من
چنان بر آتش هجر جمال یار میسوزم
که جز بوے کباب دل نه بیند کس نشان من

شدم محو خیال آن لب میگون گلفامش
چنان باشد فرار از دل که برد از کف عنان من
ز انعام تو یارب ساز مقصود دلم حاصل
ز انوار معانی زیب ده رنگین بیان من
بریزم گوهر معنی ز دربائے دلم یا رب
برنگ ابر نیسان کن ز فیض خود زبان من
مقطع :- چون پر شد (عالم) ز آواز عقیدتہاے من دیوان
مرید حافظ غیب‌اللسان فکر جوان من

مندرجہ ذیل غزل بھی حیدر یار خان کے باغ میں دوسرے معاصرین شعراء کے ساتھ فی‌البدیہہ لکھی گئی تھی جسکا اشارہ ہمنے تفصیل سے اسکے ساتھ کی غزل ع
"دلم کاشانہ عشرت بدام جان جان دارد" میں سطور بالا میں کیا ہے-

مطلع :- لبریز جلوہ گشت رخ گلعذار تو
گلشن بخواں نشست ز چشم ز خمار تو
نرگس بصحن ہر چمن از انفعال خود
حیرت پرست گشت ز چشم خمار تو
از عشوہ ہاے خندہ لعل برنگ گل
پژمردہ شد دلم برہ انتظار تو
مرغ دلم بدام دو زلفت فتادہ است
آئینہ وار گشتہ ام حیران و زار تو
دیوان ز بار ہجر کمان گشت قامتم
سیماب رنگ گشتہ دلم ز انتظار تو

این نامه چه نامه است که چون طره خوبان
صد جلوه خوبی ست بهر پیچ و خم او
و این تازه رقم از قلم کیست که بادا
صد جان گرانمایه فدائے قلم او

از چه رو یار دگر عشوه طراز آمدهٔ
مایهٔ ناز چرا گرد نیاز آمدهٔ
خیر باشد که چنین بنده نواز آمدهٔ
مگر از کرده پشیمان شده باز آمدهٔ

یه وهی غزل ہے جو شکار گاہ کلوہ کی تفریح کے موقعه پر حیدر علیخان کی محفل میں فی البدیهه دیوان نے کہی تھی اسکی سابقه غزل ردیف ب کا همنے سطور بالا میں ذکر کیا ہے جسکا مطلع یه ہے ۔

''ایکه حسن لایزالت نیست محتاج نقاب''

اسکے ساتھ کی غزل درج ذیل ہے ۔

مطلع :۔ ز دید یک نگاه آن غزال شوخ صحرائی
شکست خاطرم باشد برنگ چرخ مینائی
بسیر غمزهائے جلوه حسن سراپایش
بحیرت گشت چون اینها دل من در تماشائی
ز نادیده رخ آن زینت بخش دلها
دلم چون ماهی هجرت پرست آب دریائی
در آن محفل که گردد یک فروغ روئے زیبایش
بدم چون برق باشد رم طراز صبر و دانائی

تصور بے حجابیہاے حسنش چون کنم در دل
شرار جلوہ اش دارد دلم در دام سودائی
تجلی بخش بزمم را ز اقدام خود اے ساقی
منور ساز دلہا را ز جام بادہ پیمائی
مقطع :- طپیدنہاے دل دیوان نیارد تاب حسرتہا
خوش آن وقتیکہ می بینم جمالش راز پینائی

یہ غزل بھی خوب کہی ہے :-

قمر رخسار جانانے ادا فہمی سخندانے
بقد سرو گلستانے برفتار آب حیوانے
بلب لعل بدخشانے چو طوطی شکر افشانے
بصورت ماہ نابانے بمعنی دین و ایمانے
بت غارتگر جانے کہ دل بردن بود کارش
سہی سرو قد افرازے ہماے اوج پروازے
حریفے شوخ طنازے سمن بوے خوش آوازے
سرا پا مایہ نازے گل اندامے غلط بازے
ثمر کان ناوك اندازے کمان ابرو چپ اندازے
پئے صید دل میگشت من گشتم گرفتارش

مخمس :- ناتمام :-

پس تازہ و تری چمن آراے کیستی
در ملک حسن سلسلہ جنبان کیستی
اے سرو خوش خرام ز بستان کیستی
اے کافر فرنگ تو ایمان کیستی

مسدس :- نانمام : - ایضاً :-

روزکارے هدف تیر بلاے تو شدم
مبتلاے شکن زلف سیاه تو شدم

هم چنان دشمن ناموس براے نو شدم
گردے گشتم و صد بار فداے نو شدم

نو ستمگر نفسی مرهم داغم نشدی
شمع اغیار شدی لاله باغم نشدی

دیوان کی صنایع بدایع میں ۱۶ رباعیات درج هیں جو هدیه قارئین کی جاتی هیں ـــه

رباعی

۱ - رباعی :-

چون عزم سفر کرد دل آگاه است
خواهم دو رفیق مونس و دلخواه است
هم سابقه فیض ازل هم سفرت
هم بدرقه لطف ازل همراه است

---

۲ - رباعی :-

اے سرمه اهل دل غبار قدمت
یاقوت بجان و پر نقش قلمت

شد دیده من سفینه همچو کاغذ
در آرزوے خامه مشکین رقمت .

قطعه یا رباعی

۳ ـ محذوف الثاء :-

یا رب بتو چشم بخت روشن بادا
بزم طربت همیشه گلشن بادا
کاشانهٔ دولتت نشیمن بادا
و آن جمله نصیب دیدهٔ من بادا

غالباً نواب آرکاٹ سعادت اللہ خان کی سفر کی واپسی کے بعد :-

رباعی

۴ ـ محذوف الحاء :-

بختم به مراد خویش دمساز آمد
کان مه ز سفر سوئے وطن باز آمد
بخت چمن از قدوم گل عشرت یافت
برج شرف از مهر سرافراز آمد

---

۵ ـ محذوف الجیم :-

آنروز که بودم نفسے دم سازت
در حیرت آنم که به بینم بازت
زارم ز پئے نظارهٔ رخسارت
مردم ز غم شنیدن آوازت

---

۶ ـ محذوف الذال :ـ

اے یافته سروری بر افراد بشر
از بهر وجود تست ایجاد بشر
کافی ست همین ترا که از روے نسب
هستی خلف سید اولاد بشر

---

۷ ـ محذوف السین :ـ

تا یافته در مشام جان بوے وصال
شد عمر تمام در رنگ و بوے وصال
از زهر فراق تلخ کامیم ولے
داریم امید نوش داروے وصال

---

۸ ـ محذوف الصاد :ـ

اے نور چشم من غبار قدمت
آمد سوے من نامه مشکین رقمت
شد بر دل من موجب تسکین غمت
هر حرف وفا که نقش بست قلمت

رباعی

۹ ـ محذوف الغین :ـ

اے آنکه بره خاك درت تاج سر است
گردی از ره تو توتیاے بصر است
جز تو حمایت بشر چون به کند
که این قاعده میراث خیرالبشر است

---

۱۰ ـ محذوف الفاء :-

خوش آنکه بکوے تو گذر میکردم
وز خاك درت کحل بصر میکردم
چون نامه گر سوے توی بردم بے
مانند قلم پاے ز سر میکردم

---

۱۱ ـ محذوف القاف :-

تا از شرف وصل تو ماندم محروم
در دست غمت سوختم ارباب سموم
دردا که پریشانی جمعیت ما
از سیر سیاره بود تا سیر نجوم

---

۱۲ ـ محذوف اللام :-

اے خود چه مے حیات از جام آید
موقوف بحکم نو سرانجام آید
هر شام تو شام قدر تا روز جزاء
هر روز تو روز عید تا شام آید

---

۱۳ ـ محذوف المیم :-

یارب که حسودت از جهان فانی باد
کلک هنرت بگوهر افشانی باد
تا نرخ گهر از خطت ارزان گردد
توقیع صدارت بتو ارزانی باد

---

۱۴ - محذوف النون :-

بودیم بکوے همدمی جا کرده
در درس وفاق رشد پیدا کرده
افسوس ز یکدیگر جدا افتادیم
چون هر ورق از کتاب اجزاء کرده

---

۱۵ - محذوف النون :-

بخوابم آمدی نشسته قد افراختی رفتی
گرفتی و بے برداشتی برخاستی رفتی
بنازم رخ نما گشتی و شیدا ساختی رفتی
زدی بر دل شکستی سوختی انداختی رفتی

- ۱۶

من و پیچاك آن زلف بت و بیداری شبها
چنان چند کے کش میخلد در سینه عقرب
چو رشک خویش غلطم درجان خاك وخون شبها
زر اشک آنکه بینم جام مے را لب برآن لبها

فردیات :

تعریف سخن :-

سخن دریست از درج دهان سنجیده بیرون کن
که از هر سو خریدارش به استقبال می آید

مغرور شاه :-

ز چشمت چشم اندازم که از چشمم نیندازد
بچشمانت که چشمانم به چشمان تو میسازد

محذوف الحاء :- فرد :-

ز شرح شوقم آتش در پر روح الامین افتد
اگر غمنامهٔ هجر تو بربندم ببال او

محذوف الدال :- ایضا :-

چو آفتاب زبانهاے آتشین خواهم
که الامان زنم از تیغ بے زبان فراق

محذوف الواء :-

بسکه باشم اسیر دام وفاق
طاقتم طاق شد ز بار فراق

آمد آشفته بخوابم شبے آن مایهٔ ناز
بروش مهر فزائی و بنگه مهر گداز

اے نور چشم من سخنے هست گوش کن
چون ساغرے بدست بنوشان و نوش کن

توبه کردی گر از صحبت اغیاربیار
جلوه گر عشوه کنان عربده سرشار

حدیث عشق شنیدم که پیر کنعان گفت
فراق یار نه آن میکند که نتوان گفت

خواب را خواب مرده است مگر
که ندارد بچشم من گذرے

چشم دل چو باز شد معشوق را در خویش دید
عین دریا گشته چون بیدار شد چشم حیات

آنها که داغ عشق ندارند و سوز یار
در روز حشر نعره واحسرتا زنند

نظم در توشیح :-

محبت گسترا پاینده باشی
چو خورشید از کرم تابنده باشی

حدیث شوق تو از حد فزون است
زقیه جامه و تبیان برون است

مؤدت نامه بهجت علامه
رسید از تو درین فرخ زمانه

دلم از دیدن رنگین بیانش
معطر گشت از عنبر فشانش

عجائب نامه کر طرز دل آرد
بیک دیدن کند تسخیر ذلها

لزوم دوستی ارقام کرده
دل خلت پرستان رام کرده

یراغ نادرت شکر فشان کرد
لب خواننده را رطب‌اللسان کرد

صفائی بیاض عرصه او
بخونی اشک رخسار پریرو

اساطیرے درو باشد مدلل
چو دام دیده زلف مسلسل

صداقت پیشگان را کرد مسرور
خطش در روے که از رسم دوئی دور

باین الفت سر وحشت رمیده
بوقت عشرت اندیش رسیده

گرازهر بیت یک حرف دو خود بچینی
درو اسم شریف خود به بینی

چو گفت از چارده ابیات اتمام
ز نامت کردم این راحتم ارقام

همیشه تا که باشد مرغ و ماهی
سزت نا شد ز هر مقصد مباهی

دیوان :-فارسی کے بلند پایہ شاعر تھے انکے کلام میں حافظ شیرازی و ناصر علی سرهندی وغیره کی سی شیرینی و نازکخیالی موجود ہے چند اشعار بطور موازنه درج ذیل هیں :-

حافظ :-

اے فروغ ماہ حسن از روے رخشان شما
آبروئے خوبی از چاہ زنخدان شما

دیوان :-

اے گداز دل نگاہ برق رخشان شما
مرغ جاں را دیدۂ دام است چشمان شما

حافظ :-

المنۃ للہ کہ در میکدہ باز است
زاں رو کہ بر در او روے نیاز است

دیوان :-

از بسکہ قد سرو نرا غمزہ و ناز است
قمری صفت عالم ہمہ در طوق نیاز است

حافظ :-

بار دل مجنون و خم طرۂ لیلی است
رخسارۂ محمود و کف پاے ایاز است

دیوان :-

کے رم کند از دام سیہ زلف تو دیوان
چون خاطر محمود کہ در زلف ایاز است

حافظ :-

چو دام طرہ افشاند ز گرد خاطر عاشق
بغماز صبا گوید کہ راز من نہان دارد

دیوان :-

مپرس از خاطر حیرت پرستم بسکه بیتاب است
خیال جلوهٔ حسنش بدرد خود نهان دارد

حافظ :-

اے که با سلسلهٔ زلف دراز آمدهٔ
فرصتت باد که دیوانه نواز آمدهٔ

دیوان :-

خیر باشد که چنین بنده نواز آمدهٔ
مگر از کرده پشیمان شده باز آمدهٔ

کمال خجند :-

این چه منزل چه بهشت این چه مقام است اینجا
عیش باقی، لب ساقی، مے و جام است اینجا

دیوان :-

بهار نشه بخش صبحدم موج شراب اینجا
برنگ جام میگردد ایاغ ماهتاب اینجا

جامی :-

گفتی، بگوی عاشق و بیمار کیستی
من عاشق نو ام نو بگو یار کیستی

بابا فغانی :-

بس تازه و تری چمن آرائے کیستی
نخل امید و شاخ تمنائے کیستی

ناصر علی سرہندی :-

اے ماہتاب عارض تابان کیستی
اے لالہ برگ چہرۂ جانان کیستی

دیوان :-

اے سرو خوش خرام ز بستان کیستی
اے کافر فرنگ تو ایمان کیستی

دیوان کی فارسی نثر فصیح و بلیغ اور مرصع ہے ہندستان کے مشہور انشا پردازوں مین انکا شمار کیا جا سکتا ہے سوسوی خان جرأت اور اور امین اسرائیلی معاصر بیدل انکے ہمعصر تھے -

بعض صنایع بدایع اور جولانئی طبع نثر میں انکے کمال فن پر دلالت کرتی ہے - جن میں ہندی دوہروں کی چاشنی بھی موجود ہے - ہم نمونۃً یہاں چند اقتباسات درج کرتے ہیں :-

آنچہ کہ نوک ریز قلم الطاف رقم شستہ کہ جواب رقعہ را اصلاح فرمایند ـــہ

چہ یارا کیانرا کہ از روے دانش
نصحیت بخورشید انور نویسد

''ابن جرعہ کش ساغر صاف نوشان خمخانہ معانی و این ابجد آموز دبستان شناسان نکتہ دانی را چہ یارا کہ بمعارضت شیوۂ گستاخی باصلاح پردازد، بلک بمطالعہ سامی ملاطفہ کنزالمعاطفہ کہ ہر سطرش چون زلف مسلسل محبوبان قمر رخسار را دل شیفتگان میدان سخندانی را

بفنون دلربائی و سحر سازی مفتون میگرداند و هر حرفش مانند شب چراغ گوهر سراپا انوار بضیاے بروق اوراق معنی طرازی شبستان خاطر تیره دلان را روشن میسازد، استفاده اندوز معنی آفرینها گردیده بترنم جان ترانت بیت میسر آید ـــه

کتابخانه عالم ورق ورق جستم،
خط تو دیدم و گفتم که مدعا اینجا ست

دهره :- اوه صورت بسرت ناهیں جب تک تن میں پران
بهونت پریت مجه ملن کے سبو مرشجان

''خالق دفاتر ابجاد نشه انسانی و مفیض صورت مادهٔ هیولانی شاهد حال است که در برابر عبارت رنگینش هرچه گوید چون نسبت سها پیش مهتاب و در مقابله الفاظ نمکیش هرچه نویسد چون شب پره در جنب آفتاب باشد لاچار اشهب خامه ازین وادی متعطف ساخته بدعا اختصار نمود تا دایرهٔ فلک اعلی پیرامون کره ثری دائریست ذات ملکی صفات آن مطلع کواکب کمال و اقبال از مشرق عاطفت افضال ساطع ولامع باد،،-

بعض تاریخی واقعات : **پهلا واقعه** :-(۱) - نواب سعادت الله خان نے اپنی برادرزاده نواب علی روست خان ابن غلام علی خان جاگیردار ویلور کو حکم دیا تها که وه نواب نظام الملک آصفجاه اول (۱۱۶۱ھ) کی فوج میں شریک هوجائیں یعنی کمک پهنچائیں - اس مصروفیت کی وجه سے دیوان نواب صاحب کی خدمت مین آرکاٹ حاضر هونے سے قاصر رهے-

(۳) دوسرا واقعہ:- شیخ محمد امین (غالباً اسرائیلی؟ دبیر دارالانشاء) اور مخدوم خان سردار سے قلعہ ویلور میں جھگڑا ہوگیا تھا، جسکی مفصل کیفیت، دیوان نے حسب ایماء نواب صاحب کو لکھی - اور یہ لکھا کہ محمد امین کی جوش جوانی اور مخدوم خان کی غصہ پسنہ طبیعت کیوجہ سے یہ فساد برپا ہوا تھا، تاہم غالباً قلعدار ویلور باقر علی خان نے اس فتنہ کو ایک حد تک فرو کردیا ہے، مفصل کیفیت متعاقب گزرانی جاتی ہے -

البتہ تیسرا اہم واقعہ (۳) - جنوبی ہند کے مشہور قلعے پونکنور اور کرنپات کے راجہ کے مظالم، میر رضا علی خان کی شہادت، راجہ کی فراری، اور تسخیر قلعہ کرنپات کے متعلق دیوان نے صحیح واقعات لکھے تھے جو یہ ہیں -:

کوایف ظہور پونکنور مطابق نوشتہ کلک عنبر سلک کوایف مقدمہ پونکنور می نگارد کہ کافر جہنم مسکن بقصد توطّن در قلعہ پونکنور کہ حصن حصین و ملجاے کفرہ فجرہ واقع شدہ درکمال وسعت و سعویت در سایر قلعجات بے مثل و عدیل بود، عمارات عالی ساختہ آن کافر نکوھید، سیر گلشن خاطر را از مہیب نسیم کامیابی سر سبز کردہ بکمال لھو و لعب و مزید عیش و عشرت بفراغبالی و بیباکی نشستہ دست تطاول بمال و ناموس باشندہ ھاے اقصاے آن ضلع دراز کردہ بود ازانجا کہ مست‌بادہ تمرّدی و بیخود از جام بیخودی بود بنا بر معارضت ادنیٰ قصہ از غایت استیلاے قوت مال و غرور گل گزار سیادت

و صفا و شمع شبستان انجمن کاتب وفا میر محمد رضا که
درین عالم یگانه عصر و ز آئین مردی و مردانگی کامل
عیار بود شهید نمود شرحش اینکه آن کافر شقاوت اثر
چند هزار پیاده اعتباری جهت تسخیر قلعه کرنپات فرستاد
دو سه روز هنگامه حرب تیر و تفنگ برپا بود، اقلی از
طرفین بکار آمد و اکثر بجراحت تفنگ و سنان و بلم
مجروح گردانید، میر مسطور اگرچه درکار جوانمردی و
جانبازی کوتاهی نکرده لیکن بسبب عوارض بے سرانجامی
و عدم رسیدن کمک خیلے عاجز آمده لاعلاج از
پاس ابرو بنا بر پیشدستی کشان معاند مقهور خود معه
پسر شمشیر جواهر دار و خونریز و خونخوار برنگ گلبرگ
در دست گرفته خود را در میدان محاربه انداخته بکوته
عراق پیوسته داد شجاعت و مردانگی داد اما یک با هزار
چه توان کرد، پیاده‌هاے کافر مسطور از سنان و تفنگ
عرصهٔ حیات برو تنگ نمود پسرش بکار آمد میر مذکور
را سخت مجروح ساخته زنده بقید آورده پیش نا سردار کلفت
آثار بردند بیت فراوان بر تن آن شیر نر زد.....سنان و بلم
و تیر و تبر زد، کافر مردود آن زخم خورده سیف حلول‌المرا
چند زخمها بزخمهاے تازه زده بقتل رسانیده، بسرپنجه
غرور و مستی چند هزار پیاده براے تسخیر کرنپات فرستاده
خواست که در تصرّف خود بیاورد، در این اثنا از واقعه
این قضیه خوانین بلند مکان، چنانچه صفدر علی خان
و حسین دوست خان و صفدر حسین خان، و دیگر صاحبان

ظفر پناه آتش افروز شعله سر جوش خرمن خشم و غضب شده، لشکر دریا موج و ستاره فوج را همراه گرفته با کمانداران دل دوز و تیر اندازان ظفراندوز و جوان عدوبند و بهادران فروزمند که بای فرار بجادهٔ انقیاد استوار داشته چنانچه ابیات ـــه

گروهے همه پردل و پهلوان
مخالف شکار و ممالک ستان
توانا و تن و زورمند و دلیر
بهیکل چو پیل و به نیرو چو شیر
دلیران نامی پرخاش کیش
بجولان در آورد اسپان خویش
بر افواج دشمن چنان تاختند
که یکبار طوفان اندوختند

در هنگامیکه غبار انگیز سحاب بمرتبه آبریز گردید که مرغ و ماهی از آب و دانه باز مانده و سیه نقاب ابر بر عالم امکان بحدی پیچیده که امتیاز روز و شب از میان برخاسته، بتعجیل رفته بسرجنگ محاصره در اندک فرصتے آن صلح کافر بچه را منجم سرادقات فتح ظفر و منزل و آرام و مقر سپاه نصرت اثر نمود خواسته بودند که آن بیحیاے شقاوت پیرا را لقمه شمشیر خون‌ریز ساخته تمام ملک پونکنور را تاراج نموده بدستیاری تیغ آبدار دستان آتشبار بفضل واهب‌العطایا که دعوت پذیر تضرّع کنان حاجتمندان است باد نخوت و غرور از دماغ کافر خاکسار بیرون آورده لواے دین احمدی، و کوس شرع محمدی

سرفراز و بلند آوازه سازند چند روز همین تردد و تلاش هنگامه محاربه بود چنانچه حراست خان، و قادرحسین خان و طاهر خان، وغیره، عمده کسان با عساکر نصرت اثر از هر طرف جمع شدند و اسباب قلعه کشائی و لوازم معرکه آرائی الزام مخالفت کلفت انتما آوازه لشکر قیامت اثر شنیده عظیم پر خطر و بسیار پر حذر کشنه خود بخود عاجز و مغلوب آمده مانند کونه حوصله تنگ ظرف شیشه ناموس و ننگ را بر سنگ بیحیائی زده و صهباے آبرو بر خاک بیعزتی ریخته و هزیمت را غنیمت شمرده شباشب رو بفرار نهاده، چون آفتاب عالمتاب سر از افق صبح برداشته چهرهٔ جهانیان را روشن نمود، خوانین فتح آثار از تجمل بسیار با یاران همدم و دلدار در زبان خونتر از صبح نوروز جوانی و فرح افزا تر از سعید شادمانی داخل قلعه مذکور شده، همه مال و مالیت و اجناس آن کافر کلفت اثر شقاوت متمرّد را در راه خدا تصرّف کرد از فضل کار ساز بنده نواز بخیریت که و مه مراجعت دارالسرور شادمانی شدند، چون این فتح ارجمند بفضل خداوند عز و شانه دست داد ایزد جل و علا برهمه یاران و دوستان مبارک و همایون ساخته همیشه فتح و نصرت نصیب ایشان گرداناد بحق محمد و آله الامجاد ـ

ملخص ترجمه

حسب ایماء جناب، پونکنور کے واقعات یہ ہیں، کہ کافر "جہنم نصیب،، قلعہ پونکنور جو ایک نہایت مضبوط

اور مستحکم قلعہ ہے، اور بیدینوں اور کافروں کا ملجا
اور جائے پناہ بنگیا ہے ۔ اپنی وسعت اور مضبوطی کے
لحاظ سے تمام قلعوں میں بےمثل اور بینظیر تھا اوس میں
عالیشان عمارتیں بنوآئیں، اور کامیابی اور کامرانی حاصل
کر کے نہایت فارغ البالی کیساتھ عیش و عشرت میں
مشغول ہوگیا، اور نہایت بیباکی سے اس ضلع کے رعایا،
کی جان و مال و عزت کو پامال کر رہا تھا، کیونکہ
اسکا غرور اور تمرّد سر سے اونچا ہوگیا تھا ایک معمولی
بات میں اعتراض کیوجہ سے، اپنی دولت و قوت کے
گھمنڈ مین سیدالسادات، میر محمد رضا کو، جو یکتائے
زمانہ اور اپنی فن سپہگری و بہادری مین جواب
نہ رکھتے تھے، شہید کر دیا، اسکی تفصیل یہ ہے
کہ اس سنگدل کافر نے اپنی چند ہزار پیدل سپاہیوں
کو قلعہ کرنپات کی تسخیر کے لئے بھیجا، دو تین
روز تک خوب جنگ ہوتی رہی، فریقین میں سے کچھ
لوگ کام آئے اور اکثر تیر و بلم اور بندوق کی ضربات سے
زخمی ہوئے ۔ میر صاحب مذکور نے اگرچہ اپنی بہادری
کے جوہر دکھانے میں کوئی کوتاہی نہ کی، لیکن
بے سر و سامانی اور وقت پر کمک نہ پہنچنے کی وجہ سے
بہت مجبور ہوگئے ناچار اپنی عزت و ناموس کی خاطر
دشمن کی زیادتی اور پیشدستی کیوجہ سے خود معہ اپنے
صاحبزادہ کے، تلوار آبدار میان سے کھینچکر، میدان میں
کود پڑے، اور اپنے عراقی گھوڑے پر سوار ہوکر

بہادری کے جوہر دکھائے لیکن ہزار آدمیوں کے مقابلہ میں ایک شخص تن تنہا کیا کر سکتا تھا ۔ اس کافر کے پیادوں نے نیزہ بازی اور بندوق کی گولیوں کی بوچھاڑ کردی ، اور سخت مجبور کر دیا ، نتیجہ یہ ہوا کہ انکا لڑکا تو کام آگیا ۔ مگر میر صاحب کو سخت زخمی کر کے زندہ قید کر لیا گیا ، اور اس کافر راجہ کے پاس لیگئے میر صاحب جیسے شیر نر کا جسم برچھیوں اور بلم و تیر و تبر کے زخموں سے چھلنی تھا اسپر بھی اس کافر مردود نے اور تازہ زخم لگائے اور آپکو شہید کردیا ۔ اور قلعہ کرنپات کی تسخیر کے لئے کئی ہزار پیدل سپاہی روانہ کئے تاکہ اسپر بھی اسکا قبضہ ہوجائے اس عرصہ میں اس واقعہ کی نواب صفدر علی خان و حسین دوست خان (چندا صاحب) اور صفدر حسین خان نیز دوسرے سرداروں کو اطلاع ہوئی اور وہ بڑے غصہ اور جوش میں ایک بڑی فوج لیکرجو بڑے بہادر فاتح جنگجو کمانداروں اور تیراندازوں پر مشتمل تھی فوراً پہنچے اور قلعہ کا محاصرہ کر لیا اور اسپر غالب آگئے، اور چاہتے تھے کہ اس کافر کے دو ٹکڑے کردیں اور تمام ملک پونکنور کی اینٹ سے اینٹ بجا دیں اور مظلوموں کی غصہ کی پیاس بجھے، اور اس ظالم کے غرور و تکبر کو توڑ دیں اور اسلام کا جھنڈا بلند کریں، غرض چند روز تک خوب ہنگامہ آرائی رہی، چنانچہ حراست خان، قادر حسین خان اور طاہر خان وغیرہ بہترین سپہ سالار ہر طرف سے جمع ہوگئے

اور قلعه کا دروازه کھولنے اور جنگ کی فکر مین تھے
که اوس کافر بےحیا نے خود بخود هیبت اور خوف سے
گھبرا کر اس موقعه کو غنیمت جانا اور رات هی کو
قلعه سے فرار هو گیا، اور صبح کو جب آفتاب طلوع هوا
تو همارے سب سردار نہایت شان و شوکت کیساتھ
قلعه مین داخل هو گئے اور اسکے تمام مال و متاع
اور رسد پر قبضه کر لیا اور اس مال غنیمت کو الله کی
راه مین لٹا کر خیر و عافیت کیساتھ سب چھوٹے بڑے
هنسی خوشی دارالسرور (ویلور؟) لوٹ آئے ۔ چونکه یه
فتح الله کے فضل و کرم سے حاصل هوئی هے ۔ اسلئے
تمام دوست و احباب کے لئے قابل مبارک باد هے ۔
دعا هے که آینده بھی ایسی فتح و کامرانی نصیب هو
بحق محمد و آله الامجاد ۔

فصل دویم رقعات مصنوعه :۔اس صنعت مین تو دیوان نے
قلم توڑ دیا هے :۔

''چشمه لزوم چشم :۔ سیه‌چشمان شوخی چشمت اشاره
اداے غمزه چشم در چشم هم چشمان چشم براه برنگ
چشم نرگس صد چشم حسرت کشاده و از گردش چشم
ادا سنج مانند چشم سجنجل سرچشم چشمک زدگان سراپا
چشم، هزار چشمه حیرت نهاده، زهے شوخ چشمے که
از عزت چشم سرمه ناکس سرمه چشم نرگس سحری
چشمه ساز مسیحائیست، وجهی جادو نگهی ؟ که بیک

گردش چشم مست بے باکش چشم روشن چشمان افلاک
چشم زار بیتابی است، بدیدۂ چشم که آئینه چشم چشم
بازان والا دید است، قسم که تا چشم از تماشائے چشم کرشمه
طرازت چون آئینه حیرانیهاست چشم دل از چشمه سیلاب
چشم اشکریزیستان چشم طوفان دید محو سرگردانیهاست،
بهر حال ازان مردمک چشم انسانیت و چشم مردم
آدمیت چشم آن دارد، که اگر از گوشه چشم کرم
یک نظر برچشم این چشمک دیده، سیه چشمها چار چشم
شوند دو چار شواهد چشم داشت تواندشد بیت ؎

ز چشمت چشم اندازم که از چشمم نیندازد
بچشمانت که چشمانم به چشمان تو میسازد

آفرینندۂ چشم و تو ز چشم آن چشم نور مردم و نور چشم
عالم را از چشم زخم حوادث اوان محروس داشته
به چشم خوبها ملحوظ دارد،، -

اسیطرح حسب ذیل مکتوبات صنایع و بدایع پر مشتمل
هیں - مثلاً :-

(۱) خط لزوم دوستی، گویا سب الفاظ دوست سے مشتق
هیں -

(۲) تحریر مسودۂ نظم و نثر که چون دو حرف از فقرۂ اولیٰ
بفقرۂ ثانی ضم کرده شود نظم درست گردد،

(۳) بے نقط :- چه سطر،

(۴) مصرعه تزئین یک نقطه نقطه بالا یک نقطه نقطه پائین،
تسوید رقعه توشیح که چون حروفے بسرخی خوانده شود
ناد علی بحصول پیوندد (۶ سطر) ۔
کتابت لازم الالف، ۸ سطر۔
تحریر مکتوب واسع شفتین، ۸ سطر۔
صرح مرصوص صراحی، ۱۴ سطر۔
در محذوفات متنوعه محذوف الالف، ۷ سطر۔
محذوف الباء، محذوف التاء، محذوف الثاء، محذوف الجیم وغیره
محذوف الیاء تک موجود هیں، هم نے اس قسم کی رباعیات
بغرض ضیافت طبع کلام کے ساتھ درج کر دی هیں،

سب سے آخر میں هم یہاں آپکی نثر نگاری کے ایک شاهکار کا کچھ اقتباس درج ذیل کرتے هیں، جس سے واضح هوگا که گویا ظهوری گل افشانی کر رها هے :۔

شبے که از همه شبها چون فروغ اختر ماه برنگ دیباچه
صبح صادق پرتو انداز عالم امکان منیمود، و نقاب مشکین
شب چون طرهٔ زلف مسلسل مهوشان دلاویز و پریرویان
ستم کیش بر خود پیچیده، گویا شب قدرے بود که مشاطه
افلاکیان عظام بر سپهر مینا فام چهرهٔ انور نوعروسان
کواکب انجم نواقب راز را نور محبوب برحق آراسته
جلوه افروز چار حد کائینات مینموده بودند، سه

شب نبود انجم کزین فیروزه گون منظر نمود
دست قدرت بیضها از ریز خاکستر نمود

شب که بود انجم نمایان بر سپهر لاجورد
در نظر آن نوجه خاکسترا اخگر نمود

نے غلط گفتم که در بازار شب یا مشتری
تا کند سودا سپهر جوهری گوهر نمود

این مدهوش بادهٔ غفلت سراپا بیهوش بادبان زورق بیداری را بگرداب خواب غفلت پے هشیاری انداخته قرابه کش صهباے مستی شده بود ناگاه از کمال عروج بیداری بخت مسعود از طلوع کوکب نیّر مقصود جوانے پریروے که دیدهٔ خورشید جهان تاب از مشاهدهٔ دیدار انوار جمال تجلی رازش چون چشم شپره تاریکتر از زلف محبوبان غازه طراز است الخ

نوابان آرکاٹ کی اردو نوازی

آرکاٹ (مدراس) کے نوابون اور امراء نے بھی سلاطین دکن کی طرح زبان اردو کی نه صرف بڑی قدر کی بلکه انکی دکھنی تصانیف اور دوادین بھی موجود هیں - یون نو کڑپه اور کرنول (علاقه مدراس) میں اوایل بارهوں صدی هجری میں بزمانه آصفجاه اول (۱۱۶۱ھ) و ولی (۱) ویلوری وجدی کرنولی (۲) شاه میر و شاه کمال (۳) بہت مشہور تھے، مگر نوابان آرکاٹ نے بھی اردو کی بڑی سرپرستی کی ہے، ان میں اولیت کا سہرا آپکو، تعجب هوگا ، نواب سعادت الله خان بہادر متوفی

---

(۱) ولی ویلوری مصنف ده مجلس ۱۱۳۷ھ معاصر نواب حراست خان

(۲) وجدی کرنولی مترجم منطق‌الطیر از عطار الموسوم به پنچھی باچھا (اردوے قدیم شمس الله قادری مطبوعه) -

(۳) جسونت راؤ منشی مصنف گلدسته عشق قصه لعل و هیرا دکھنی (سعید نامه مخطوطه آصفیه) -

(۱۱۴۶ھ) کے سر ہے - نواب صاحب مرحوم نہ صرف قدیم مصنفین اردو کا کلام شوق سے پڑھتے تھے بلکہ مرثیے بھی کہا کرتے تھے اور آپ ہی کے ایماء سے مثنوی سیف الملوک و بدیع الجمال مصنفہ غواصی گولکنڈوی کا ترجمہ فارسی میں جسونت رائے منشی(۱) نے کیا نیز آپ ہی کے حکم سے منشی نے مثنوی گلشن عشق مصنفہ ملک الشعراء نصرتی کی جواب میں ایک مثنوی لعل و ہیرا الموسوم بہ گلدستہ عشق دکھنی اردو میں کہی، اور افضل خان(۲) لذتی دھلوی، (نوائط) نے مثنوی چندر بدن مہیار (دکھنی) کا ترجمہ فارسی میں کیا، عبداللہ ذاکر بیجاپوری نواب صاحب کے خاص مصاحب تھے، جن سے نواب صاحب دکھنی غزلیں بڑے شوق سے سنا کرتے تھے، ایک اور شاعر حافظ محمد کمال(۳) ابن محمد مہدوی تھے، جنکی ایک نایاب بیاض ارگجہ چھ سو صفحات پر مشتمل ہے عبداللہ ذاکر نے اس کی تعریف میں بتیس بیت کا ایک قصیدہ لکھا تھا، منشی نے نواب صاحب مذکور کو دو دکھنی غزلیں سنائی تھیں جنکے مطلع و مقطع یہ ہیں :-

مطلع منشی

چاند شرماں تے گیا گل کو تیرے رو کے اگل
خون ہوا نافہ کا دل نکہت گیسو کے اگل

مقطع

کیا ہے منشی جو کہتے سحر اچھے کیا وو طلسم
ہے فسون کیا وو تری طبع سخنور کے اگل

---

(۳) افضل خان لذتی دھلری معاصر نواب سعادت اللہ خان ، (گلدستہ کرناٹک قلمی کتبخانہ ابو محمد عمر ہاشمی حیدر آباد) -

(۵) حافظ محمد کمال ، مؤلف ارگجہ ، (رسالہ معارف نومبر ۱۹۳۹ء) -

(۶) شاہ میر سید محمد حسینی (رائے چوٹوی (نوائے ادب بمبئی سنہ ۵۳) شاہ کمال برادر شاہ میر - رسالہ اردو اپریل ۱۹۳۹ء -

غزل دیگر مطلع

نین وو مکھ جو پڑیا زلف کے بالان تے نکل
گل پڑیا باغ منے سنبل و ریحان تے نکل
ھے یو سب بات غلط بل کہ لوبھانے کون دلان
ناگہان چاند پر یا بھار ابھالان تے نکل
منشی یو شعرا ھے یا ھین اچھر سحر کے یو
یا کے موتیان ھین پرے چشمہ حیوان تے نکل

غرض پانچ چھ سال تک یہ صحبت جاری رہی ، ممکن ھے کہ نواب صاحب ممدوح کا آخری زمانہ ھو۔

چونکہ دیوان نے بھی زیادہ تر سعادت اللہ خان کا زمانہ پایا ھے اور اپنی یہ انشاء ۱۱۴۶ھ میں مرتب کی ھے جو سابقہ واقعات کی تصویر ھے، بہر حال نہ صرف دیوان فارسی اور اردو دونوں کہا کرتے تھے، بلکہ آپکے ھمعصر شعراء فارسی بھی، اس میں حصہ لیتے تھے، اور دن دن بھر مجلس مشاعرہ گرم رہا کرتی تھی، چنانچہ دیوان اپنے ایک مکتوب میں اسطرح رقمطراز ھیں :۔

آمد سخن دکھنی وقتے در قصبہ ایلور یاران دوستی نشان در کلبہ ابجد آموز دبستان ارباب نکتہ پردازی گرم کن طرب ایجاد ھنگامہ ھم بزمی بود، اتفاقاً بر زبان معنی ترجمان این مصرعہ دکھنی گذشت، مصرعہ

"جو کچھ کئیے سو خوب کیے تم بھلا کیے"

چنانچہ مصرعہ مسطورہ ھر کسے را پسند خاطر افتاد، ھمہ ھا در فکر مخمس این مصرعہ شدند، چون باعث بمن حرف

خوان نسخه نیاز گشته بودند، همون وقت بدیهه نوک ریز قلم شکسته رقم گردید جسکو هم انکے مراثی کے کے ساتھ سطور مابعد میں نقل کرینگے، دیوان کا اس بیان سے پتہ چلتا ہے، کہ اسکے معاصرین میر اور بھی بہت سے دکھنی شعراء موجود تھے۔

آپ کا اہم کارنامہ اردو و ہندی

منشی دیوان کا ایک اہم کارنامہ انتخاب خمریات ولی دکھنی (بابائے ریختہ) کی تدوین ہے اور آٹھ (۸) صفحات پر مشتمل ہے جو اغلب ہے کہ ولی کی وفات سے پچیس تیس سال بعد کیا گیا۔ جو ولی کے کلام کا سب سے بہلا انتخاب ہے۔ انکا دوسرا اہم کارنامہ ہندی زبان سے متعلق ''کلید سندر سنگھار'' یعنی ایک مشہور کتاب سندر سنگھار، سہاکوی سندر معاصر شاہجہان کی فارسی شرح ہے۔

شاعری کے متعلق رائے :- دیوان فارسی کے بلند پایہ شاعر تھے، اردو کا کوئی معتدبہ کلام دستیاب نہیں ہوا، جسکے منجملہ ہمارے پاس اسوقت دیوان کے پانچ مرثیے، ایک مخمس اسی انشاے دیوان میں موجود ہیں، کوئی غزل ہمدست نہیں ہوئی، اور نہ کسی تذکرہ میں اسکا ذکر ہے کہ دیوان اردو میں بھی کہا کرتے تھے اور نہ کسی دیوان کا حوالہ دیا گیا ہے، ہاشمی صاحب مؤلف ''مدراس میں اردو'' نے بھی انکو بحثیت مرثیہ گو روشناس کرایا ہے۔ مگر مرثیوں کی تعداد درج نہیں ہے۔

مخمس کے پڑھنے سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ دیوان کی اردو قدیم دکھنی ہے طبیعت میں جولانی، جدت، اور کلام میں روانی پائی

جاتی ہے ۔ شان تغزل بھی ہے ۔ مگر لالہ جسونت رائے منشی کے دکھنی سے بہت صاف ہے ۔ مگر بہ نسبت منشی کے کلام پست ہے ۔مرثیہ گوئی میں بھی دیوان نے قدیم دکھنی شعراء کی تتبع کی ہے، انکے پانچ مرثیے ہیں، جنمیں ایک سلام شامل ہے، جسکا رنگ شاہ کمال گرم کندوی المتوفی سنہ ۱۲۲۴ھ کا ہے، جو زیادہ‌تر منقبت ہے ۔ الفاظ پر شکوہ ہیں ۔ اپنی مرثیہ گوئی کی وجہ تسمیہ دیوان نے یہ بیان کی ہے، کہ سنہ ۱۱۲۸ھ میں قلعہ ویلور میں علم مبارک کی سواری نکلنے والی تھی، عاشور خانہ نہایت درجہ آراستہ و پیراستہ کیا گیا تھا، ہزارہا رنگ برنگ کے فانوس آویزان تھے عاشور خانہ بقعۂ نور بنا ہوا تھا میں بھی احباب کیساتھ زیارت کیلئے وہاں گیا، مرثیہ خوانی ہو رہی تھی، مرثیہ جانسوز کے سننے سے بہت متاثر ہوا، اور چند مرثیے بغرض ایصال ثواب لکھے چنانچہ فرماتے ہیں :-

''از غایت بیتابی محض بارادۂ تحصیل ثواب مرثیہ چند متضمن منقبت آنجناب تسطرمآب ؟ قلم من درد پروردۂ پردۂ سیماب گشت از تفضلات حضرات عالیات امیدوار زیور حسن قبول است آمین ،،

اسکے سوا دیوان کا ایک مدحیہ قصیدہ، دکھنی میں لکھا تھا، جسکا ذکر ایتھے نے اپنی مرتبہ ضمیمہ فہرست مخطوطات فارسی کے صفحہ ۲۴۲ پر کیا ہے، یہ فہرست صرف ایک انڈکس ہے توضیحی فہرست نہیں ہے، اسلئے قصیدہ کا نمونہ یا نام جسکی مدح میں کہا گیا تھا درج نہیں ہے ۔ البتہ انکا نام و تخلص و سنہ کتابت درج ہے مگر اسکے عنوان سے یہ واضح ہے کہ دیوان نے اس قصیدہ لکھنے کی وجہ بھی

ظاہر کی ہے ایتھے کا اردو عنوان یہ ہے ''سبب قصیدۂ دکھنی'' نام مصنف وکتابت انگریزی میں یہ لکھی ہے''مصنفہ زین العابدین برادر،، ''دیوان (تقریباً سنہ ۱۱۵۰ھ)۔ ۱۷۰۰ ب ۳۶''۔ سنہ کتابت سے یہ مترشح ہوتا ہے کہ دیوان نے یہ قصیدہ بہت ممکن ہے کہ نواب سعادت اللہ خان کی مدح میں لکھا ہو، اگر یہ صحیح نہیں ہے تو نواب علی دوست خان کی مدح میں لکھا ہوگا جو اسی زمانہ میں فرمانروائے آرکاٹ تھے۔

دیوان کا اردو کلام ہدیۂ ناظرین ہے جو نایاب ہے اور سوائے چند مرثیوں کے نہیں ملتا اور یہ ترتیب انشائے دیوان سنہ ۱۱۴۶ھ سے قبل کا یعنی آج سے سوا دو سو سال قبل کا ہے مخمس جسکے (۱۲ بند) ہیں یہ ہے جو دوسرے معاصر شعراء آرکاٹ کی محفل میں فی البدیہہ کہا گیا تھا گویا اسکو مدراس کا ایک قدیم ترین مشاعرہ تصور فرمائیے، دیوان کے الفاظ یہ ہیں :-

''آمد سخن دکھنی وقتے در قصبۂ ایلور یاران دوستی نشان در کلبۂ این ابجد آموز دبستان ارباب نکتہ پردازی گرم کن طرب ایجاد ہنگامہ ہم بزمی بود، اتفاقاً بر زبان معنی ترجمان این مصرعہ دکھنی گذشت مصرعہ :-

جو کچھ کیے سو خوب کیے تم بھلا کیے

چنانچہ مصرعہ مسطورہ ہر کسے را پسند خاطر افتاد ہمہ در فکر مخمس این مصرعہ شدند، چون باعث بمن حرف خوان نسخۂ نیاز گشتہ بودند ہمون وقت بدیہہ نوك ریز قلم شکستہ رقم گردید و آن این است :-

مخمس اردو :-

جاناں نے مجھ سوں آج دیکھو کیا ادا کیے
یکبار دل کوں صید بقید بلا کیے
دے جام دلبری کا مجھے مبتلا کیے
مجکوں تدرو سرو قد دلربا کیے

جو کچھ کیے سو خوب کیے تم بھلا کیے

کے فن سوں دلفریب کے حیران کیے مجھے
کل مکھ دیکھا کو بلبل نالاں کیے مجھے
مانند زلف خویش پریشان کیے مجھے
پر تیز کوے غربت ھجران کیے مجھے

جو کچھ کیے سو خوب کیے تم بھلا کیے

لالن نے تیغ ابروے خود جب علم کیے
پیچاں دے زلف سنبل پر خم کوں خم کیے
آہ کی بھٹی کوں اخگر الفت سوں دم کیے
سب عاشقاں کے دل کوں جلا کر بھسم کیے

جو کچھ کیے سو خوب کیے تم بھلا کیے

انوار خوش لقا کوں تیرے دیک آفتاب
موں پر اپس کے ابر کا شرموں لیا نقاب
کل دیکھ ھر چمن منے اشکوں ھوئے گلاب
منگنے میں دان حسن کا ھم سوں کیے عتاب

جو کچھ کیے سو خوب کیے تم بھلا کیے

رخسار با صفا پہ بایں حسن با جمال
زلفاں کے چھوڑ بال لگا دلبری کا خال
چلتی لٹکتی چال اپنے ہو کو با کمال
بازار سب بتاں کا کیے ہم سوں پایمال

جو کچھ کیے سو خوب کیے تم بھلا کیے

کرنے کوں سیر باغ چلی آج گلبدن
خوبان کو لے سنگات پھری باغ و ہر چمن
کَے ناز ہور ادا سوں کرین بات خوش دھن
غازہ لگا کہ موں کوں کیے شمع انجمن

جو کچھ کیے سو خوب کیے تم بھلا کیے

لے ہات نقد دل کا مج آوارہ کر گئے
کھا کر قسم میرے سوں وفائی کا پھر گئے
مج دل پو داغ آج جدائی کا دھر گئے
شرط وفا کوں چھوڑ اتا کر مکر گئے

جو کچھ کیے سو خوب کیے تم بھلا کیے

ہم سوں کبھی نہوی جلا کر کہیں سجن
اب صحبت رقیب سوں مل کر رہی سجن
مجھ با وفا سوں کچھ بی وفائیں کئی سجن
آخر مین بیراتیا لیون تم سوں ای سجن

جو کچھ کیے سو خوب کیے تم بھلا کیے

لازم نتھا تمنکوں ھمنسوں نفاق کر
جا کر رھے رقیب سوں مل اتفاق کر
اوروں سوں مل رھے ھیں دیکھو کیا وفاق کر
کیوں چھوڑ کر ھمنکوں لیے تم فراق کر
جو کچھ کیے سو خوب کیے تم بھلا کیے

دھر عشق دلمیں جیو کوں تم پر فدا کیا
کیونکر کے مجھ سے عاشق یکرنگ سوں دغا
ھو کر رھے ھیں آج دیکھ مجسوں بیوفا
کچھ لے انکھیاں میں شرم خدا نین رکھے ذرا
جو کچھ کیے سو خوب کیے تم بھلا کیے

اے بادشاہ حسن ذرا بی دیا کرو
بھر خدا کرم کی نظر بر گدا کرو
دیکھلا ھمن کوں درس سدا تم میا کرو
پیوستہ عاشقاں کی دعا سوں جیا کرو
جو کچھ کیے سو خوب کیے تم بھلا کیے

سنکر بچن فراق کے مجھ پر کرم کیے
اوروں کا سنگ چھوڑ ھمن سوں دھرم کیے
دے جام وصل دلکوں میرے جام جم کیے
دیوان پر سجن نے رحم سب ختم کیے
جو کچھ کیے سو خوب کیے تم بھلا کیے

مرثیہ ردیف الف :-

(۱) ہوا خم بار غم سوں سرو بستان نبوت کا
ہوا باد ظلم سوں گل شمع بزم ولایت کا

سدا غمگین دو عالم کوں کیا ہے چاند ماتم کا
سکایا ہے نہال عیش کوں باد خزاں غم کا

دھلیا تخت امامت جب ستی سرسوں دو عالم کے
کہرے کے سات انپر تن پہ اپنے خرقہ ماتم کا

ہوا ختم شہادت قتل خاک کربلا جب سوں
خوشی کا نام جگ سوں گم ہوا ہے جام جوں جم کا

الم سوں شہ کے نالیا تاب لے و نیاک اس غم سوں
فلک چوتھے اوپر عیسلی قبر گئی چھوڑ مریم کا

ہلاکی العطش کی سوس فرمائے شہ رحلت
ہوا ہے تب ستی شو آب غم سوں چشمۂ یم کا

ہوا ہے روز روشن جوں شب دیجور اس غم سوں
چھپا جب ابر میں غم کے جگر سلطان عالم کا

فلک خرقہ رنگیا ہے نیل میں غم سوں شہیداں کے
دیا بدبخت ظالم جب حسن کوں جام بھر سم کا

سموم ہجر سوں شہ کے ہوئے برہم ملایک سب
ہوا ویران باغ زندگی سب جن و آدم کا

یہی ہے بس مجھے دولت اچھوں میں غم میں سرور کے
کہوں میں صدق سوں ہر دم صفت فرزند خاتم کا

شفاعت مجھسے عاصی کوں کرینگے ساقی کوثر
رکھیا ہوں آسرا محشر میں اوس شاہ مکرم کا
سدا دیوان روتا حیف کھا غم سوں شہیداں کے
چھتر ہے سر پہ اوسکے گرد اہل بیت اکرم کا

ولہ :-

(۲) کربلا جب مقتل شہزادۂ اکمل ہوا
خاک اوسکا بر زمیں و آسماں افضل ہوا
ظلمت غم کیوں نہووے ہر دو عالم کوں محیط
آفتاب دیں کو مغرب عرصۂ کرپل ہوا
زخم غم ہر شے اوپر جاری اچھیگا حشر لگ
زخم خنجر اوس گلے نازک پہ جب ہیکل ہوا
ہر دو عالم کے انکھیاں سوں لہو بھرے نالے چلے
دل گل اس ماتم سوں آ ہر یک نین میں جل ہوا
نین رہا طاقت انکھیاں میں روکے شہ کے غم بدل
سوز غم سوں ہر نین میں نیر جل کاجل ہوا
دوزخ عصیاں نصیب ظالماں کون تھا ککر
یک تن شہدا پہ دشمن کافران کا دل ہوا
تیر باراں کا گھٹا چھا شہکوں ظالم گھیر لی
اوسکے بہتر تن پہ سارا کفر جوں بادل ہوا
روئے جن رنجور ہو ہردم شہاں کے درد سوں
زنگ عصیاں پاک کرنے اوسکوں غم صیقل ہوا
ہر بن مو زخم غم ہے تن اوپر دیوان کے
اس زخم کے درد سوں ہر دمبدم بیکل ہوا

ولہ :-

(۳) کیا کربلا میں آل عبا پر ستم ہوا
جب او امام ہر دو سرا پر الم ہوا
آل رسول حق کے تظلم کا حال دیکھ
ہر شے کے دل سوں عیش بکتم عدم ہوا
مانند گور غم سوں بگرداب ششدری
عالم پڑا ہے جب ستی ایجاد غم ہوا
پھرتا ہے تب سوں خاك پوں لیکہ جب ستی
طوفان غم میں ذورق شاہ عجم ہوا
حیرت زدا ہو غم سوں پریشاں رہا ہے خلق
ہر شی سوں عقل و ہوش بصر اے رم ہوا
یاراں سدا حسین کے ماتم میں رو رہے
جسپر مدام فضل و خدا کا کرم ہوا
محشر بیں خوش اچھیگا شفاعت سو شہ کے او
جسکے جگر پو درد سوں غم کا زخم ہوا
کوثر سوں شاہ اسکوں کریں حشر میں غنی
رو رو کے شہ کے غم سوں جو انجواں میں نم ہوا
افسوس کہا کے غم سوں کہے رو کے زار زار
دیوان پر شہاں کا یو ماتم جنم ہوا

ردیف (م) :-

ولہ :-

(۴) آج سلطان پیمبر پر ہے غم
شاہ مرداں شیر اکبر پر ہے غم

سخت ہیں خاتون جنت غم منے
جب سوں اوس شاہ دلاور پر ہے غم

اے محباں ظالماں کے تیر سوں
حلق پیاسے طفل اصغر پر ہے غم

دیک کر سب حال اہل بیت کا
بے نہایت شاہ سرور پر ہے غم

مرغ دل پھاندے میں غم کے صید ہے
شاہ دیں شبیر و شبر پر ہے غم

ورطہ ماتم میں عالم غرق ہے
جب سوں نور چشم صفدر پر ہے غم

اے محبّان غم شہاں کا کیا کہوں
ہر زلف کے تار عنبر پر ہے غم

کیا کہے دیوان توں غم کا بیان
بیشمار اس دین پرور پر ہے غم

سلام :-

ولہ :-

اے شہنشاہ جہاں ختم نبوت السلام
باعث ایجاد و امکاں فخر امت السلام

اے معظم شیر اکبر بادشاہ اولیاء
بدر تابان ولائے پر فتوت السلام

اے وجود اصل پاك و کعبۂ ہر دو سرا
دختر خیرالبشر خاتون جنت السلام

صاحب میزان عدل و مہبط نور الٰہ
قبلۂ عالم حسن بحر ہدایت السلام

شہسوار عرصۂ کرب و بلا حضرت حسین
صابر غم خسرو ملک شہادت السلام

در تاج ہر دو عالم شاہ زین العابدین
مبداء حلم و عمل کان مروت السلام

قرۃ العین پیمبر سرو باغ فاطمہ
باقر نور علی در شرافت السلام

رازدار ذوالجلال و ثابت دین نبی
جعفر صدق و صفا شاہ سخاوت السلام

آسماں جاہ و عزت موسیٰ کاظم امام
آفتاب مشرق اصل و نجابت السلام

قبلۂ کون و مکاں سلطان علی موسیٰ رضا
اے شہ مشکل کشا میر کرامت السلام

مقتدائے اہل فطرت خواجۂ ملک ہدیٰ
صاحب تقویٰ تقی کان شفاعت السلام

مورد فضل الٰہی شمع بزم احمدی
سرور عالم نقی رکن امامت السلام

محسن ہر مستمند و رہنمائے گمرہاں
اے امام عسکری دریائے رحمت السلام

نائب حق مہدی سلطان دور آخرین
حاکم روز جزا سامی امت السلام

اے شہید بہترین کربلائے پر بلا
بادشاۂ کشور جاہ و جلالت السلام

اے محبان صدق سوں آل نبی کے غم رہو
جو رہا سو پائیگا محشر میں حرمت السلام

کمترین دیوان کوں ہے سایا تمارا یا امام
حشر کوں بخشو تمیں تشریف عزت السلام

مطبوعہ
پنجاب یونیورسٹی پریس
لاہور

JAMIA LIBRARY
1 AUG 1959
Jamia Millia Islamia
DELHI

اورینٹل کالج میگزین

مئی
۱۹۵۹ء

اورینٹل کالج

میگزین

مئی ۱۹۵۹ء

جلد ۳۵ عدد ۳ عدد مسلسل ۱۳۷

ایڈیٹر :—

ڈاکٹر سیّد عبداللہ

*

باہتمام مسٹر احسان الحق، ہیڈ کلرک، یونیورسٹی اورینٹل کالج، لاہور
پرنٹر و پبلشر اورینٹل کالج میگزین، پنجاب یونیورسٹی پریس، لاہور
میں طبع ہو کر اورینٹل کالج لاہور سے شائع ہوا۔

سالانہ چندہ : چار روپے

ترتیب

نمبر شمار	مضمون	مضمون نگار	صفحہ
۱ -	لطف اللہ مہندس بن نادرالعصر استاد احمد معمار ..	ڈاکٹر مولوی محمد شفیع	۱ — ع
۲ -	عمرخیام کی بعض کمیاب تحریریں ..	ڈاکٹر نذیر احمد	۱ — ۲۴
۳ -	خواجہ میر درد کے کلام میں نظام تصوّف کی تلاش	ا - د نسیم	۲۵ — ۸۸
۴ -	Finality of Prophethood and The Evolution of Mind. ..	Lt. Col. K. A. Rashid,	1 — 8

سی - ۳۳ پنجاب یونیورسٹی پریس — ۳۰۰ — ۵۹-۷-۱۳

لطف اللہ مہندس بن نادرالعصر استاد احمد

معمار لاہوری کے متعلق کچھ مزید معلومات

ادارۂ معارف اسلامیہ کے اجلاس لاہور (سنہ ۱۹۳۳ء) میں (ملاحظہ ہو روئداد طبع لاہور سنہ ۱۹۳۵ء ص ۱ تا ۵۰) مرحوم و مغفور سید سلیمان ندوی نے نادرالعصر استاد احمد معمار لاہوری اور اسکے خاندان کے حالات پر سر سید احمد خان(۱) کے بعد غالباً سب سے پہلے روشنی ڈالی اور دیوان مہندس کی بنا پر دنیا کو بتایا کہ تاج اور لال قلعے کا معمار یہ مہندس خاندان تھا، سنہ ۱۹۳۳ء کے بعد اس سلسلے میں اور مضامین بھی لکھے گئے اور بعض اور اطلاعات بھی سامنے آئیں۔ اس خاندان کے متعدد افراد کے مختصر حالات اور انکے مصنفات کا مفید ذکر سٹوری نے پرشین لٹریچر جلد اول ص ۵۰۱، جلد دوم ص ۱۵ (احمد و عطاءاللہ رشدی پسر احمد)؛ ج ۱ : ۷۸۸، ج ۲ : ۱۵، ۱۶، ۴۱، ۹۲ (لطف‌اللہ بن احمد)؛ ج ۱ : ۲۷، ۵۴، ۹۴، ۹۵ (خیراللہ بن لطف‌اللہ)؛ ج ۲ : ۱۵، ۳۷ (محمد علی بن خیراللہ) میں کیا ہے۔

اسی مجلّے کے گذشتہ شمارے میں بھی اس خاندان کے متعلق بعض مزید معلومات دیے گئے تھے، ذیل کی سطور میں لطف‌اللہ مہندس بن استاد احمد کے متعلق دو ایک تازہ نکتے بیان کیے جاتے ہیں :-

(۱)

قرآن مجید بخط لطف‌اللہ مہندس

تقسیم سے پہلے پانی پت کے ایک عزیزالقدر دوست کے توسط سے راقم‌الحروف اس نسخے کے حصول سے مشرف ہوا۔ مہندس نے قرآن مجید

---

(۱) ملاحظہ ہو آثار الصنادید لکھنئو ۱۹۰۰ء، باب ۲ ص ۳،

کی کتابت بڑے اچھے خط میں کی ہے اور اختلافات قراءت حاشیے پر دیے ہیں - نفیس ریشمی کاغذ کتابت کے لیے استعمال کیا ہے -

اوراق ۳۹۷؛ سطور ۱۱، تقطیع ۱۰ × ۷ انچ -

سورتوں کی تمام سرخیاں، مدّات متن اور بعض علامات اوقاف شنجرف سے لکھے گئے ہیں اور اسماے سُوَر کے ارد گرد اور بعض علاماتِ اوقاف پر سنہری کام ہوا ہے - علامات رکوع اور اختلافات قراءت بھی شنجرفی ہیں اور انکی حرکت نبلگون، سیپاروں کے عددوں پر آرائش کا کام پرانی طرز کا ہے جیسے مغلوں کے دور سے پہلے اس ملک میں مروج تھا -

متن قرآنی ورق ۳۹۰ ب پر ختم ہوا ہے - ۳۹۱ الف سے ۳۹۴ ب تک دعاے ختم قرآن ہے - ۳۹۵ الف پر ''علامات القرّاء و رواتهم'' درج ہیں، ۳۹۵ ب تا ۳۹۶ الف پر فہرست سُوَر دی ہے بعنوان : کتبت هذا لمعرفة مواضع السور - اس فہرست کے آخر میں ہے : کاتبه لطف‌الله بن احمد المعمار اللاهوری، مگر سواے اللاهوری کے باقی الفاظ گو مرمت کے کاغذ کے نیچے آ گئے ہیں، پھر بھی پشت کاغذ پر روشنی ڈالنے سے پڑھے جاتے ہیں - ۳۹۶ ب اور ۳۹۷ الف پر سیپاروں کی فہرست مع اعداد درج ہے، اس فہرست کا عنوان ہے :

کتبت هذا لمعرفة مواضع اجزاء القرآن العظیم و الفرقان الکریم، کاتب نے آخری دو صفحوں پر اپنا اور اپنے باپ کا نام دوبارہ دیا ہے باین صورت :

و انا العبد لطف‌الله المتخلص بالمهندس ابن الاستاد احمد المعمار اللاهوری -

قرآن مجید بخط لطف اللہ مہندس بن الاستاد احمد المعمار

لطف اللہ مہندس کے دستخط اسی نسخے کے آخر میں

سوء اتفاق سے اسکے والد کا نام جہاں لکھا تھا وہاں کاغذ کمزور ہو گیا تھا اور اس پر کسی نے ایک چپپی لگا دی، مگر روشنی ڈالنے سے یہ نام بھی پڑھا جا سکتا ہے۔ اور میں نے یہ نام پڑھ کر اپنے خط میں لکھ بھی دیا ہے۔ متن قرآنی کی بعض سطور اور مہندس کے نام و نسب والی دوسری تحریر کا عکس مقابل کے لوحے پر ملاحظہ ہو۔ اس عکس سے ثابت ہوتا ہے کہ فضائل علمی، معماری اور شاعری کے ساتھ ساتھ لطف اللہ خطاطی کے ہنر سے بھی بہرہ ور تھا، نہ صرف وہ خود بلکہ **آثار الصنادید**(۱) کی روایت کے مطابق اس کا بھائی نور اللہ معمار ابن احمد بھی ایک با کمال خطاط تھا، چنانچہ اس کا لکھا ہوا کتبہ، جس پر اسکے دستخط بھی ہیں، جامع مسجد دہلی میں موجود ہے۔

(۲)

مرحوم سید سلیمان اور شوری نے مہندس کی متعدد کتابوں کا حال بیان کیا ہے۔ میرے کتابخانے میں اسکے دو نہایت مختصر سے رسالوں کا مجموعہ ہے جو فارسی میں ہیں، اور کہیں انکا ذکر نہیں دیکھا، ان میں سے پہلا ۸ ورق کا ہے اور دوسرا ۷ ورق کا، تقطیع ۱۷ × ۳۱ انچ، سطور ۱۰، خط نستعلیق، مجدول، عنوانات وغیرہ شنجرفی۔ اشکال واضح اور صحیح، کاتب کا نام محمد نعیم ہے ''ساکن قصبہ لونی،، (اس نام کا مشہور مقام جودھپور (راجپوتانہ) کے جنوب مشرق میں تیس چالیس میل پر واقع ہے) کاتب مذکور نے اپنا نام صرف پہلے رسالے کے آخر میں دیا ہے مگر دوسرے کا کاتب بھی یقیناً وہی ہے۔ سنۂ کتابت درج نہیں۔

رسالۂ اول

یہ رسالہ لطف اللہ نے ''افادت و افاضت پناہ، فتوت و اخوت دستگاہ،

---

(۱) دیکھیے طبع مذکور باب ۳، ص ۹، کتبہ دریازدھم از ''نوراللہ احمد''۔

استادنا و اعتضادنا، اولٰنا و مولٰنا عطاء اللہ سلمہ و ابقاہ ولد الاستاد احمد المذکور، کے سوال کے جواب میں لکھا ہے اور دو مقدموں اور دو فصلوں پر مشتمل ہے ۔

''مقدمہ' اول(۱)۔ ایک ایسا مربع بنانا جس کا رقبہ ایک دیے ہوے مربع کا نصف، تہائی چوتھائی وغیرہ ہو ۔

مقدمہ' دوم ۔ ایک ایسا مربع بنانا جسکا رقبہ دیے ہوے مربع کا دو چند، سہ چند، چہار چند وغیرہ ہو ۔

فصل اول ۔ ایک دیے ہوے بڑے مستطیل میں ایک ایسا چھوٹا مستطیل بنانا جسکا رقبہ بڑے مستطیل کا نصف، تہائی، چوتھائی وغیرہ ہو اس طرح پر کہ جب چھوٹا مستطیل بڑے مستطیل کے اندر رکھا جائے تو اسکے چاروں طرف حاشیہ برابر رہے ۔

فصل دوم ۔ ایک ایسا بڑا مستطیل بنانا جو دیے ہوے چھوٹے مستطیل کا دگنا، تگنا، چارگنا وغیرہ ہو اسطرح کہ اگر چھوٹا مستطیل بڑے مستطیل کے اندر رکھا جائے تو اسکے گردا گرد حاشیہ برابر رہے ۔''

آغاز رسالہ : اما بعد این رسالہ مرقوم خامہ' لطف‌اللہ بن استاد احمد معمار لاہوری میگردد در جواب سوال افادت و افاضت الخ

انجام رسالہ : وھو المطلوب . الاتمام و علی نبیہ الصلوۃ و السلام ۔

---

(۱) مقدموں اور فصلوں کا حاصل جو یہاں گیارہ سطر میں بیان ہوا ہے پروفیسر فضل‌الدین صاحب قریشی لاہوری نے میری درخواست پر تحریر فرمایا ۔

رسالۂ دوم

در معرفت سمت قبلہ(۱)

یہ رسالہ میرے نسخہ میں قدرے ناقص الاول ہے اور شروع کی چند سطریں جو پہلے ورق پر تھیں اسمیں اب موجود نہیں ہیں ۔ پروفیسر فضل الدین قریشی لاھوری کے پاس اتفاقاً اس رسالہ کا نسخہ ایک مجموعہ(۲) میں موجود ہے جو ہیئت ھی کے رسالوں پر مشتمل ہے ۔ موصوف کی عنایت سے اس نسخہ سے بھی استفادہ کیا گیا اور جو سطور غائب تھیں وہ درج کی گئیں اور متن حاضر کا مقابلہ بھی موصوف کے نسخہ سے کیا گیا، مؤلف نے دو شکلوں کے ذریعہ سے سمجھایا ہے کہ سمت قبلہ کیونکر

---

(۱) معرفت سمت قبلہ سے متعلق قواعد اور اس سلسلے میں مسلمان ہیئت دانوں مثلاً الفضل بن حاتم نیریزی (متوفی ۹۲۲-۹۲۳ع)، ابوالوفاء (م ۹۹۸ع)، ابن یونس (م ۱۰۰۹ع)، البیرونی (م ۱۰۴۸ع)، ابن ہیثم (م ۱۰۹۰ع)، چغمینی (م بحدود ۱۳۴۵ع) وغیرہ نے جو کوششیں کی ہیں ان کے لئے ملاحظہ ہو انسائیکلوپیڈیا آف اسلام جلد ۲ ص ۹۸۷ ببعد ۔

(۲) اس مجموعہ میں مہندس کے رسالہ در معرفت سمت قبلہ اور چند جداول (مثلاً جدول تقویم الشمس، جدول الروز نامہ وغیرہ) کے علاوہ ذیل کے رسالے بھی شامل ہیں :

۱ - سبط الماردینی الشافعی (بدرالدین محمد بن محمد بن احمد بن محمد سبط الماردینی) : کفایۃ القنوع فی العمل بالربع المقطوع (عربی) ۔

۲ - یحیٰی بن محمد بن محمد الخطاب : فی معرفۃ استخراج اعمال اللیل والنہار من ربع الدائرۃ المسمی بربع المجیب، و ذیل آن (ہر دو در عربی) ۔

۳ - ابوالخیر محمد بن محمد الفارسی : [فی معرفۃ سمت القبلہ] (عربی) ۔ "اختصر تہا من رسائل . . . . ابی عبداللہ محمد الماردینی . . . . وغیرہ" ۔

۴ - رسالہ مشتملہ علی فصول یعلم بہا التواریخ الثلث اعنی العربی والقبطی والرومی و معرفۃ استخراج درجۃ الشمس و انتقال الشمس الی البروج الاثنی عشر وما یتعلق بذلک (عربی) ۔

۵ - طیب ابراہیم دہلوی : رسالہ در معرفت تقویم (فارسی) تحریر ۱۱۲۹ھ ۔

۶ - رسالہ سی فصل در معرفت تقویم (عربی) ۔

دریافت کی جاتی ہے ۔ اس مطلب کیلیے اسکے معاصر حکیم عبدالرحیم نے شاہ جہان بادشاہ کے عہد میں دو جدول بنائے ۔ جدول اول میں چند ایسے مشہور شہروں اور علاقوں کی سمت قبلہ بیان کی جو نقطۂ مغرب سے مائل بشمال ہیں، اور جدول دوم میں ان شہروں اور علاقوں کے سمت قبلہ بیان کئے جو نقطۂ مغرب سے مائل بجنوب ہیں ۔ حکیم موصوف کی فرمائش سے لطف اللہ مہندس نے ان جدولوں کے مطالب کو حفظ کی آسانی کے لیے بحر وافر میں نظم کر دیا ۔ یہ نظم چالیس ابیات پر مشتمل ہے (قریشی صاحب کے نسخے میں ایک زائد بیت بھی ہے[1]، اسے ملا لیں تو کل ابیات ۴۱ ہیں) ؛ مہندس نے یہ نظم ۱۰۵۸ھ / ۱۶۴۸ء میں تیار کی ۔ جن شہروں کا انحراف بیان ہوا ہے وہ اکثر ہند و پاکستان کے شہر ہیں ۔

ذیل میں اس رسالہ کا متن درج کیا جاتا ہے :

مصنف نے دو توضیحی شکلیں بنائی ہیں اور ان میں حروف جُمّل کو استعمال کیا ہے ۔ طیب ابراہیم دہلوی[2] کے رسالہ برای حل تقویم کے اقتباس ذیل سے واضح ہوتا ہے کہ ان حروف کے لکھنے کا قاعدہ کیا تھا ۔ (یہ رسالہ "میرزا ایرج بہادر ابن نواب مستطاب قدسی القاب خان خانان میرزا خان بہادر سپہ سالار" کے لیے تصنیف کیا گیا) رسالہ مذکور مقدمہ، اصل کے بیس (۲۰) باب اور خاتمہ پر مشتمل ہے ۔ مقدمہ میں اصل اول یہ ہے : "در بیان تعریف حساب جُمّل"، اس میں حساب جُمّل دے کر مصنف نے لکھا ہے : و رقم دیگر را ازین حروف ترکیب کنند چنانچہ بیشتر را اول نویسند تا ہزار، مثل (مثلاً) ہفدہ را چنین نویسند یز و رقم سی و پنج این (طور) : له، و رقم صد و سی و پنج این (طور) : قله،

---

(۱) اور ایک کم بھی ، دیکھیں ص ۱۵، ح ۵ ۔

(۲) دیکھیں ص ۵، حاشیہ ۲، عدد ۵ ۔

و بعد ازان عدد کمتر را مقدم دارند از عدد بیشتر، چنانچه دو هزار چنین : بغ، و باقی بدین قیاس، منجمان بجهت رفع اشتباه جیم را بی دامن می نویسند - چنین: ح و دال را همزه طور می نویسند برین وجه ء، و اگر کاف تنها می نویسندچنین: ک و یا معکوس نویسند چنین: ـــــ، و نون را تنها چنین نـ، اما نون را بنقطه می نویسند؛ و با و جیم و زا را بی نقطه، و در مرتبهٔ که عدد نباشد آنجا صفر نشند برین صورت ٥

اب هم متن رساله در معرفت سمت قبله درج ذیل کرتے ہیں :

(رساله در معرفت سمت قبله)

(۱) الحمد لله رب العالمین و الصلوة و السلام علی رسوله محمد و علی آله و اصحابه اجمعین -

بدان اسعدك الله تعالی فی الدارین که این رساله ایست مختصر در معرفت سمت قبله مشتمل بر دو باب :

باب اول

در معرفت شمال و جنوب و مغرب و مشرق

بدانکه اول زمین را مسطح و مستوی و هموار باید کرد چنانکه اگر آب بریزند هر چهار طرف علی السویّه روان شود، چون زمین مستوی و هموار شد در وسط آن نقطهٔ رسم کنیم و نقطهٔ مذکور را آ نام نهیم پس نقطهٔ آ را مرکز قرار دهیم و بر نقطهٔ آ دائرهٔ عظیم رسم نماییم، آنگاه بر نقطه آ مقیاس را قائم سازیم چنانکه نقطهٔ قاعدهٔ مقیاس منطبق شود بر نقطهٔ آ (۲) ، و مخفی نماند که مقیاس بر صورت مخروطی می باشد

---

(۱) این سطور (از الحمد لله تا نقطهٔ قاعدهٔ) از نسخه ام افتاده است، از روی قَ (نسخهٔ پرفسور فضل الدین قریشی)ثبت نموده شد - در حواشی سطور آینده آ علامت نسخهٔ کتابخانهٔ اینجانب است، وقَ علامت نسخهٔ پرفسور مذکور، -

(۲) د رق آ سطح (بجای آ) -

که قاعدهٔ آن مدور باشد و رأس آن نقطه، هکذا ، و ضابطهٔ منطبق ساختن نقطهٔ قاعدهٔ مقیاس بر نقطهٔ آ آنست که بقدر قاعدهٔ مقیاس دائرهٔ صغیره بر مرکز آ رسم نماییم و قاعدهٔ مقیاس را منطبق سازیم بر دائره صغیره، درین صورت نقطهٔ قاعدهٔ مقیاس منطبق خواهد شد بر نقطه آ۔

آن که بدانکه اول روز ظلّ مقیاس قاطع محیط دائرهٔ عظیمه خواهد بود جانب مغرب (۱) و آناً فآناً ظلّ مقیاس کوتاه خواهد شد تا آنکه سر ظلّ
ب مقیاس منتهی شود بر محیط دائرهٔ (ورق ا ب) عظیمه جایی که بر محیط دائره سر ظلّ مقیاس (۲) منطبق شود نقطهٔ رسم کنیم، و نقطهٔ مذکور را نقطه ب نام نهیم، پس آنکه سر ظل مقیاس داخل محیط دائرهٔ عظیمه خواهد شد و آناً فآناً ظل مقیاس کوتاه خواهد گشت تا وقت زوال، و هنگام زوال مقیاس را جز ظل اصلی نخواهد ماند، بعده آناً فآناً ظل مقیاس دراز خواهد شد جانب مشرق تا آنک سر ظل مقیاس منتهی شود بمحیط دائرهٔ عصیمه، جایی که بر محیط دائره سر ظل مقیاس منتهی شود نقطهٔ رسم کنیم و نقطهٔ مذکور را نقطهٔ (۳) ح نام نهیم، آنگاه نقطه ب و نقطهٔ ح را وصل کنیم بخط مستقیم و آن خط مستقیم را خط ب ح گوییم،
ف آنگاه خطی دیگر بکشیم که مرور کند (ورق ۲ الف) بر نقطهٔ آ که موازی باشد با خط ب ح و بمحیط دائره عظیمه برسد در جهت ب بر نقطهء و در جهت ح بر نقطه ه، پس ء ه خط مغرب و مشرق اعتدال باشد و ء نقطهٔ مغرب اعتدال، و ه نقطهٔ مشرق اعتدال، آنگاه خطی دیگر بکشیم که

---

(۱) ق : انکه (بجای و)۔
(۲) قَ بجایش : منتهی ۔
(۳) قَ : ج (اینجا و در سطور آینده) ۔

مرور کند بر نقطه ا و قطع کند خط ء ه را بر نهجی که حاصل شود [از آن — قّ] زوایای اربعه قائمه و بمحیط دائرهٔ عظیمه برسد جانب خط (۱)ب حـ* بر نقطه (۲)ر و جانب دیگر بر نقطه (۳)ح پس (۴)رح خط شمال وجنوب باشد، و ر نقطهٔ شمال، و ح نقطهٔ جنوب، پس بضابطهٔ مذکور مشرق و مغرب اعتدال و شمال وجنوب حقیقی معلوم شده؛ و مولانا علی قوشجی ضابطهٔ مذکور را در رسالهٔ خود مسطور کرده است(قّ + :نقل دائره این ست) :



باب دوم

در معرفت مَیل قبله از نقطهٔ مغرب اعتدال بجانب شمال یا بجانب جنوب

بدانکه هرگاه در دائرهٔ عظیمه ء ه که خط مغرب و مشرق

(۱) ق : آ،
(۲) ق : ز
(۳) ق : ح
(۴) ق : زح

است و خط (۱) ر ح که خط شمال و جنوب است مرتسم شده خطوط دیگر محونماییم



ب (ورق ۳ الف) و نظر کنیم که قبلهٔ بلدهٔ مطلوبه از نقطهٔ مغرب اعتدال بجانب شمال مائل است یا بجانب جنوب، اگر بجانب شمال مائل باشد قوس ع ر را بر نود درجه منقسم سازیم، باز نظر کنیم که چند درجه [قَ : و چند] دقیقه مائل است، فرض کردیم ده درجه و بیست دقیقه میل

ب دارد (۳ب) پس از قوس ع ر جانب ع ده درجه فصل کرده درجهٔ یازدهم را بر شصت دقیقه قسمت کنیم و از جمله شصت دقیقه بیست دقیقه فصل نمائیم تا مجموع ده درجه و بیست(۲) دقیقه فصل شده باشد، فرض کنیم که قوس ده درجه و بیست دقیقه قوس ع ط است پس نقطهٔ ط و نقطهٔ آ را

---

(۱) ق : ز (بهر موضع)،

(۲) قَ : شصت (بجای بیست)،

(۳) ق : ز

وصلِ نموده بکشیم تا آنکه بآن سر محیط برسد بر نقطه ے پس خط ط ی سمت قبله بلده مذکوره است۔

و اگر بجانب جنوب مائل باشد قوس ع ح را بر نود درجه منقسم سازیم باز نظر کنیم که چند درجه و چند دقیقه مائل است، فرض کردیم که پنج درجه و چهل دقیقه میل دارد و پس از قوس ع ح جانب ع (۴الف) ۱۴ پنج دقیقه فصل کرده درجه ششم بر شصت دقیقه قسمت کنیم و از جمله شصت دقیقه چهل دقیقه فصل نمائیم تا مجموع پنج درجه و چهل دقیقه فصل شده باشد فرض کنیم که قوس پنج درجه و چهل دقیقه قوس ع ک است پس نقطه ک ونقطه ا را وصل نموده بکشیم تا آنکه بآن سیر محیط برسد بر نقطهٔ ل پس خط ک ل خط سمت قبله بلده مذکوره است،

بر ضمیر اصحاب فراست و خاطر ارباب کیاست مخفی نماند که علماء و فضلاء از روی هندسه و حساب تحقیق نموده‌اند که قبلهٔ هر بلده از نقطهٔ مغرب اعتدال یا مشرق اعتدال چه قدر مائل است بجانب شمال یا بجانب جنوب و درین زمان (ورق ۴ب) سعادت عنوان که سریر ۴ خلافت بوجود باجود ابوالمظفر شهاب‌الدین محمد صاحب قران ثانی شاه جهان بادشاه غازی مزین و محلی است نیّر برج علم و حال و محور سماء فضل و کمال حکیم عبدالرحیم سلمه‌الله [ق + : تعالی] دو جدول رسم نموده، در جدول اول بلادی که قبلهٔ آن بلاد از نقطهٔ مغرب مائل است بشمال ذکر کرده و در جدول دوم بلادی که قبله آن بلاد از نقطهٔ مغرب مائل است بجنوب مذکور ساخته، آن گاه حکیم مذکور بکمترین

عبادالله لطف‌الله مهندس ابن استاد احمد معمار لاهوری اشاره نموده که چون نظم قریب بحفظ است مطلب آن هر دو جدول را پیرایهٔ نظم بپوشاند، این فقیر حقیر امتثالاً لامره (ورق ۵ب) العالی [آن هر)] دو جدول را منظوم ساخت، امید که اگر خطایی واقع شده باشد اصلاح فرمایند، و آن نظم اینست :

بسم الله الرحمٰن الرحیم

بنام او دنم آغاز نامه
که نورانی ز نامش گشت خامه
درود آنکه فرستم بر پیمبر
که بیت الله را شمعیست انور
درود آنکه بروح چار یارش
بود هر یک جداری بهر دارش
تو سمت قبله را ای صاحب هوش
ز لطف الله احمد گوش کن گوش
کلامم نظم قول آن حکیم است
که نام نامیش عبدالرحیم است
دو جدول کرد استاد سخن سنج
که تا یابی جهت بی محنت و رنج

(۱)[جدول اول کو بلاد مایله شمال از نقطهٔ اعتدال در آنست]*

در آن جدول که در اول مقالست
ز مغرب منحرف سوی شمالست

---

(۱) فقط در قَ

چنان استاد دین پر [ور خبر] داد
که باشد یک[ـ دقیقه]* اکبرآباد (۱)

دقایق بیست و پنج ار (۲) گوالیار است
بنارس سی و پنج اندر شمار است

مقرر کرده حکم خالق اوج
چل و پنج از دقایق (۳) بهر قنوج

بود در جونپور (۴) ای دوست* بی شک
دقایق پنجه و نه وز دَرَج یک

شوی از احمد آباد ار سخن ران
(۵) دَرَج سه و *دقایق یازده دان

کنم از (۶) نهلواڑه تبز تقریر
درج چار و دقایق بیست و نُه گیر

شوی از میل (۷) منڈو چون سخن ران
درج پنج و دقایق سی و سه دان

ز برهانپور (۸) میگردم سخن گو
درج شش دان، دقایق دان چل و دو

---

(۱) قَ مثل متن،
(۲) قَ : کولیار،
(۳) قَ : شهر،
(۴) قَ : این راست،
(۵) قَ (بجایش) : تو از روی،
(۶) آقَ : نهلواره،
(۷) آقَ : مندو،
(۸) قَ : می باشم،

نوشت از بهر میل **دولت آباد**

درج هشت و دقایق پنج استاد

ترا از [1]**گول کنده*** سازم آگه

درج تسع و دقایق چست پنجاه

۶ الف اگر خواهی شوی از [2]**بیدر** آگه

دقایق سی و شش باشد، درج ده

بگویم تا چه در **چیول**[3] بیان گشت

درج دان ده دقایق دان چل و هشت

دهم آگهی از **گلبرگه** در دم

دقایق سیزده دو زآن درج کم

ز **بیجاپور** گفت اهل حقیقه

سه و ده درج پنج و چل دقیقه

مقرر در **سراندیپ**[4] آنچنین گشت

درج [5]بط دان دقایق دان چل و هشت

[6][جدول دویم در بلادی که مائل بجنوب است]*

هرآن شهری که مائل از غروب است

دربن جدول محاذی با جنوب است

---

(۱) آ قَ : کول کنده،

(۲) قَ : بندر،

(۳) قَ : چلول،

(۴) قَ : این چنین،

(۵) آ : بط، تصحیح از روی قَ،

(۶) فقط در قَ ،

در اجمیر ای سخن‌دان سخن گو
درج یک دان، دقایق پنجه و دو
کنم شاه جهان آباد تحریر
درج سه، و دقایق سی و شش گیر
(۱)[سفید و] ن ا و لیاء را جای گشت است
درج سه و دقایق سی و هشت است
ز ملتان مدفن اهل حقایق
(۲)[بود نه از] درج ده تا دقایق
(۳)و گر پرسی چه در هرموز عیان گشت ۶ ب
درج دان ده دقایق دان چل و هشت*
ز مغرب منحرف لاهور بی‌شک
دقیقه بیست و یک، درجه ده و یک
بیان قندهار از من تو بر سنج
درج نبود درو الّا (۴)ده و پنج
بگفت آن دو سوی کشمیر می رفت
درج هفده، دقایق پنجه و هفت
ز مغرب میل کابل گویمت چیست
دقایق پنجه و شش دان، درج بیست
اگر پرسی ده تبت منحرف چیست
دقیقه سی و شش، درجه سه و بیست

---

(۱) آ : ... ن که اولیا، تصحیح از روی قَ'
(۲) از روی قَ نوشته شد ، از آ افتاده است'
(۳) در قَ ندارد این بیت را'
(۴) ق : دو (بجای ده)'

و اگر پرسی بدخشان منحرف چیست،

(۱)دقیقه سی و نه، درجه شش و بیست

ز مغرب بلخ گویم منحرف چیست*

دقیقه بیست و سه، درجه نه و بیست

کنون میل هرات از غرب بر سنج

دقیقه پنجه و درجه سی وپنج

سمرقند است ماوای (۲)[حقایق]

سی و هفت از درج هشت از دقایق

اگر پرسی بخارا چیست مائل

دقایق (۳)بیا[ست] وسه باسد، درج چل

و اگر پرسی صفاهان چیست مائل

دقیقه پنج و سی، درجه نه و چل

(۴)[هر آن شهری که کرد استاد مذکور

بحمدالله که شد مرقوم و مسطور]*

بسال یک هزار و پنجه و هشت

بچل بیت این لآلی[۱۰۵۸] منتظم گشت

تمام گشت رساله، صاحب تصنیف این مراسله لطف‌الله ابن احمد معمار غفرالله ذنبه ـ محمد شفیع

---

(۱) در قَ ندارد و مصراع اول را راجع به بدخشان با مصراع ثانی راجع به بلخ چسپانیده است،

(۲) از روی قَ، در آ زیر کاغذ مرمت آمده است

(۳) ناقص است در آ تکمیل کلمه از روی قَ،

(۴) از روی قَ، در آ این بیت را ندارد، عدد ابیات بشمول این بیت زاید در آ چهل و یک است، اما در ق فقط ۳۸،

ڈاکٹر نذیر احمد، مسلم یونیورسٹی علی گڑھ ۔

عمر خیام کی بعض کمیاب تحریریں

عمر خیام ان خوش نصیب مصنفین میں ہے جس کے متعلق مشرق و مغرب دونوں جگہوں پر بہت کافی لکھا جا چکا ہے اور ہنوز لکھنے کا سلسلہ جاری ہے ۔ اردو میں سب سے زیادہ عمیق تحقیقات علامہ سید سلیمان ندوی مرحوم نے کی، جسکی زندہ مثال انکی یادگار تصنیف ''خیام''[1] ہے ۔ ایران میں حال ہی میں ڈاکٹر محمد معین استاد دانشگاہ تہران نے تعلیقات چہار مقالہ[2] میں عمر خیام پر نہایت جامع مضمون شامل کیا ہے ۔ اس مضمون کا بہترین حصہ وہ ہے جس میں خیام کے مآخذ تاریخی ترتیب سے پیش ہوئے ہیں[3] ۔ ڈاکٹر صاحب نے خیام کے معاصرین سے لیکر دسویں صدی ہجری تک کی کتابوں کے حوالے مع ضروری اقتباسات کے درج کئے ہیں، اس کے باوجود آثار خیام کے ذیل میں جو کتابیں اور رسالے درج ہیں وہ خیام کی تمام تصانیف کو حاوی نہیں ۔ ذیل میں بعض ایسی تحریروں کا تعارف کرایا جاتا ہے جو کتاب ''خیام'' میں شامل نہیں اور بعض ڈاکٹر معین کی تعلیقات میں بھی نہیں آسکی[4] ہیں ۔

۱- مطبع معارف اعظم گڑھ ۱۹۳۳

۲- کتابفروشی زوار' تہران ۱۳۳۳-۱۳۳۴ شمسی

۳- ص ۲۹۴-۳۲۶

۴- دانار صاحب حیدر آبادی نے جو بعد میں سوامی رام تیرتھ ہو گئے رباعیات خیام کا انگریزی ترجمہ ۱۹۰۱ء میں شائع کیا اور اس پر جو محققانہ و فاضلانہ مقدمہ لکھا اس میں خیام کے متعدد رسالے مع انگریزی ترجمے کے شامل کر دئے ۔ اگر یہ کتاب پہلے مل گئی ہوتی تو بعض نہایت مفید باتوں کا اضافہ ہو گیا ہوتا ۔

(۱) رسالۃٌ کتبھا عمرالخیام جواباً لثلث مسائل۔ خیام نے ایک شخص کے تین سوالوں کے جواب میں یہ رسالہ لکھا تھا اس رسالے کے دو نسخے آقائے مجتبیٰ مینوی کو ترکی کے کتابخانوں میں دستیاب ہوئے۔ پہلا روان کوشکو کے مجموعے (شمارہ ۲۰۴۲) میں آ تیسواں[1] حصہ ہے۔ دوسرا نسخہ کتابخانۂ اسعد آفندی کے ایک مجموعے (شمارہ ۱۹۳۳) میں آٹھواں[2] جز ہے۔ یہ مجموعہ پروفیسر رتر کے مطالعے میں بھی رہ چکا تھا اور اس نے اس کے مندرجات پر رسالہ Der-Islam (سال ۲۵، شمارہ ۱، ص ۶۱ ببعد) میں[3] بحث کی ہے۔ پروفیسر بروکلمن نے تاریخ ادبیات عرب میں اس کا ذکر کیا ہے۔ ان کے نزدیک یہ وہی رسالہ ہے جو جامع البدایع[4] (چاپ مصر[5] ۱۳۳۰ص ۱۷۵—۱۸۵) اور ''خیام'' (ص ۳۸۵—۳۹۲) میں چھپ چکا ہے۔ مگر پروفیسر موصوف کا یہ قیاس

۱- ملاحظہ ہو مجلۂ دانشکدۂ ادبیات تہران سال ۴، شمارہ ۲ ص ۷۲-۷۳

۲- ایضاً شمارۂ ۳ ص ۸۶

۳- عنوان اس طرح لکھا ہے: رسالہ کتبھا عمر الخیام جواباً ثلث مسائل اطلع علی عزیز خطاب سید شیخ الرئیس امین الحضرۃ''۔ رتر نے صرف بروکلمن کا حوالہ دیا ہے، اس سے ظاہر ہے کہ وہ بھی اسکو چھپے ہوئے رسالے کا مترادف خیال کرتا ہے

۴- بروکلمن تتمہ اول ص ۸۵۵ پر اس نسخے کے ضمن میں یہ الفاظ لکھے ہیں: Drei metaphysische Traktata, - اگرچہ جامع کا حوالہ نہیں البتہ خیام میں چھپا ہوا رسالہ Nadvi 373/411. ein 4. Asad 1933 f. 167/a 171/a جامع میں بھی چھپا ہے۔

۵- مینوی (مجلہ ۴، ۳ ص ۸۷) معین (تعلیقات ص ۳۲۷ ح) فہرست مجلس ۲ ص ۳۹۸ پر سال طباعت ۱۳۳۵ درج ہے۔ یہی بروکلمن میں ہے۔ لیکن کتاب خیام ص ۱۵۹، ۱۸۳، ۳۷۳، ۳۹۳ پر ۱۳۳۰ مگر ص ۱۵۹، ۱۸۳ پر مقابل عیسوی سنہ ۱۹۱۷ دیا ہے جو ۱۳۳۰ کے بجائے ۱۳۳۵ کے برابر ہے مجلہ شرق ص ۳۶۹، ۳۸۲ پر بھی ۱۳۳۰ ہی ہے۔ یہ مجموعہ سامنے نہیں ہے اس لیے اختلاف کی وجہ سمجھ میں نہیں آئی۔

صحیح نہیں معلوم ہوتا۔ یہ رسالہ چھپے ہوئے رسالے سے بالکل مختلف ہے۔ بظاہر التباس کی وجہ یہ ہوئی ہوگی کہ جامع البدایع اور ''خیام،، میں چھپے ہوئے رسالے کا موضوع زیر بحث رسالے سے بالکل ملتا جلتا ہے اور وہ بھی تین سوالوں کے جواب پر مشتمل ہے۔ روانؔ کوشکو کے مجموعے والے نسخے سے معلوم ہوا کہ خیام سے جس شخص نے تین سوال دریافت کئے تھے اس کا نام جمال‌الدین عبدالجبار بن محمد المشکوی تھا۔ لیکن آفندی کے مجموعے میں ابتدا میں سائل کا صرف لقب ''امین الحضرت،، لکھا ہے البتہ آخر میں ''الشیخ جمال الزمان،، کا فقرہ ملتا ہے جو بظاہر جمال‌الدین کے لیے آیا ہوگا۔ اس سے زیادہ جمال‌الدین بن محمد المشکوی کے متعلق اور کچھ نہیں معلوم ہے۔ رسالے کی ابتدا اس طرح[1] ہوتی ہے۔

''طلع علی عزیز خطاب سیدنا الشیخ الرئیس امین الحضرة مبشراً بسعادة ایامه و انتظام احواله.... اما المسائل التی شرفنی سیدنا بالمباحثه فیها فلعمری انها مسائل غامضته حسنه ولکن الشکوک اکثر (کذا) مما لایقف علیها الا الذکی الفطن البالغ فی الحکمة۔ ولکن لم‌اجد بداً من أن اخوض فی شرح الاهم من بعضها قبل الملاقات،،

تینوں[2] مسئلے یہ ہیں۔

(۱) ان کانت النفوس الناطقه باقیة بعد الموت۔ فلابد من أن یکون لکل واحد منها (منهما) وجودٌ خاص، باشخاصها۔

۱- مجلہ دانشکدہ سال ۳،۴ ص ۸۶

۲- ایضاً۔

(۲) اذ کانت الحوادث الممکنة التی تحدث واحدة باسبابها و کذلک علی التسلسل ۔

(۳) قد أثبت وجودالزمان بالحرکة و حد بانه مقدار حرکة الفلک ثم قرر ان الحرکة غیر قائمة بذاتها ۔

دوسرے مسئلے کے جواب کے ضمن میں خیام نے لکھا ہے کہ ۴۷۳ ہجری میں جب میں فارس میں مقیم تھا تو ایک رسالہ اسی موضوع پر قاضی القضاۃ ابوطاہر کے لیے لکھا تھا ۔ اس کے نسخے فارس، اصفہان اور بغداد میں تو ہیں، لیکن میرے پاس کوئی نسخہ موجود نہیں، ورنہ بھیج دیتا ۔ فی الحال ان امور کے تکرار کی تاب نہیں، کیونکہ وہ بہت زیادہ ہیں ..... دوبارہ لکھنے سے قاصر ہوں، اس لیے کہ سخت بیمار رہ چکا ہوں ۔ خود اسکے الفاظ[1] ملاحظہ ہوں ۔

''و قد استوفیت الکلام علی هذا المعنی و بعض کلام المخالفین فیه فی رسالة کتبتها الی قاضی قضاة فارس ابی‌طاهر رحمة الله ابان مقامی بارض فارس سنة ثلث و سبعین و لتلک الرسالة باصفهان و فارس و بغداد نسخ و لیست عندی نسخة منها و الا أنفذتها الی حضرته و الوقت لایتحمل اعاده تلک المعانی و المعلومات لکثرتها.....

خیام نے اس عبارت میں جس رسالے کی طرف اشارہ کیا ہے بظن غالب وہ وہی ہے، جو جامع البدائع اور کتاب خیام میں چھپ چکا ہے اور جس کا عنوان ''الجواب عن ثلاث مسائل'' ہے ۔ لیکن علامہ ندوی مرحوم نے اسکو ابونصر محمد بن عبدالرحیم نسوی کے تین سوالات کا

---

۱ ۔ مجلۂ دانشکدۂ ادبیات تہران سال چہارم شمارہ ۲ ص ۷۲ ۔

جواب فرض کیا ہے۔ علامہ موصوف کے نزدیک رسالہ مذکور رسالہ "کون و تکلیف"[1] کا تتمہ ہے اور چونکہ "کون و تکلیف" ابونصر محمد نسوی کے دو سوالوں کے جواب پر مشتمل ہے اس لئے یہ تینوں جواب بھی ابونصر ہی کے سوال سے متعلق ہوں گے چنانچہ کتاب "خیام"[2] میں ہے۔

"تین سوالات"

رسالہ کون و تکلیف کا تتمہ

"اسکے بعد اس مجموعے میں خیام کا دوسرا رسالہ ہے جسکو مصری ناشر[3] نے ایک دوسرا مستقل رسالہ سمجھکر اس کے سائل کے نام و نشان نہ ملنے پر افسوس کیا ہے حالانکہ عبارت اور مطالب سے ظاہر ہے کہ اس کا سائل بھی وہی ہے جس نے کون و تکلیف کا پہلا سوال کیا تھا اور اسی نے خیام کے مذکورۃالصدر جواب پر تین سوالات کئے اور خیام نے اس نتیجے میں ان تینوں کا جواب دیا ہے اس لیے اس رسالے کو

---

۱ - یہ رسالہ جامع البدائع میں چھپا تھا - سید سلیمان ندوی مرحوم نے کتاب خیام میں دوبارہ چھاپا ملاحظہ ہو ص ۳۷۳ - ۳۸۴ -

۲ - ص ۱۹۱ - ۱۹۲

۳ - علمائے مصر میں سے ایک صاحب محی الدین جری کردی نے ۱۳۳۰-۱۳۳۵ میں مطبع سعادت مصر سے ابن سینا اور خیام کے چند رسائل کا مجموعہ جامع البدائع کے عنوان سے شائع کیا تھا - اس میں خیام کے تین رسالے رسالہ کون و تکلیف ، الجواب عن ثلاث مسائل اور رسالۃالوجود شامل تھے - یہ رسالے نورالدین بک مصری کے ایک مجموعے سے حاصل کئے گئے تھے جسکی کتابت ۶۹۹ ہجری میں ہوئی تھی -

مستقل سمجھنے کے بجائے اسی رسالۂ کون و تکلیف کا
تتمہ سمجھنا چاہیے اور اس جوابی رسالے کی تاریخ بھی وہی
۴۷۳ھ یا اس کے بعد کا سال ہوگا،،

مگر زیر بحث رسالے میں مسئلہ دوم کے جواب کے سلسلے میں جو عبارت نقل ہوئی ہے اس میں جس رسالے کی طرف اشارہ ہے اس کی حسب ذیل چار خصوصیات قابل ذکر ہیں ۔

۱ ۔ وہ ۴۷۳ ہجری میں لکھا گیا ۔
۲ ۔ سائل فارس کا قاضی قضاۃ تھا ۔
۳ ۔ اس کے مطالب زیر نظر رسالے کی طرح کائنات کے وجود وغیرہ سے متعلق تھے ۔
۴ ۔ قاضی قضاۃ کا نام ابوطاہر تھا ۔

ان میں سے پہلی تین باتیں رسالۂ کون و تکلیف میں موجود ہیں ۔ اس کا سنہ تالیف ۴۷۳ھ ہے ۔ وہ قاضی قضاہ فارس کے سوالات کے جواب میں تھا ۔ اس کے مطالب زیر غور رسالے سے مشابہ ہیں ۔ لیکن رسالۂ کون و تکلیف کا سائل ابونصر محمد بن عبدالرحیم نسوی ابوعلی سینا کا شاگرد تھا ۔ جبکہ منقولہ بالا عبارت سے صاف ظاہر ہے کہ اشارہ کردہ رسالے کے سائل کا نام ابو طاہر تھا ۔ ایسی حالت میں یہ فرض کرنا یقینی ہے کہ رسالہ کون و تکلیف کے مشابہ مطالب پر مشتمل خیام کا کوئی اور رسالہ یقیناً ہوگا جو قاضی قضاۃ ابوطاہر کے سوالات کے جواب میں لکھا گیا ہوگا ۔ چونکہ ''الجواب عن ثلاث مسائل،، کے مطالب رسالۂ کون و تکلیف سے اتنے ملتے ہیں کہ علامہ سید سلیمان ندوی نے اسے آخرالذکر کا تتمہ سمجھکر اسکے سائل کا نام بھی

محمد نسوی فرض کرلیا ہے۔ (حالانکہ اس رسالے کے سائل کا نام مذکور نہیں اور مصری ناشر نے اسکے نام و نشان کے نہ ملنے پر اظہار تاسف کیا ہے) اس لیے ظن غالب یہی ہے کہ اس کے سائل کا نام ابوطاہر ہی ہوگا اور اس بنا پر اسکو رسالہ کون و تکلیف کا تتمہ سمجھنے کے بجائے الگ رسالہ سمجھنا چاہیے البتہ ایک ہی زمانے میں ایک ہی اطراف میں دو قاضی القضاۃ کی موجودگی کھٹکتی ضرور ہے۔

خیام کی مشہور کتاب ''جبر و مقابلہ''[1] قاضی قضاۃ ابوطاہر کے نام منسوب تھی۔ علامہ ندوی مرحوم نے اسکی شخصیت کے تعین میں بڑی کوشش کی اور بالآخر وہ اس نتیجے پر پہنچے کہ :-

''قاضی القضاۃ ابوطاہر سے خیام کی مراد امام ابوطاہر ساری سمرقندی شافعی سے ہے یہ اصل میں مازندران کے ایک مقام ساریہ کے رہنے والے تھے مگر ولادت اصفہان میں ہوئی اور پرورش، نشو و نما، تعلیم و تربیت سمرقند میں پائی تھی اور وہاں کے رئیس شافعیہ ہوگئے تھے[2]....یہ غالباً ترکستان میں ایلکخانی سلطنت کے قاضی‌القضاۃ تھے یا خیام نے اعزازی طور سے قاضی‌القضاۃ کہدیا[3] ہے''

اس کے ساتھ سید صاحب نے مزید یہ بھی قیاس کیا ہے[4] کہ :-

''سلجوقی رصد خانے میں پہنچنے کے پہلے (۴۶۷ھ) خیام ابوطاہر

۱- ف- ویپکے کے توسط سے ۱۸۵۱ ع میں فرنچ ترجمے کیساتھ پیرس سے شائع ہو گیا ہے۔

۲- ملاحظہ ہو کتاب خیام ص ۱۰۰-۱۰۱ -

۳- ص ۱۰۳ -

۴- ص ۹۹ -

سے ترکستان میں روشناس ہوا اور شاید ابوطاہر ہی کے واسطے سے شمس‌الملک ۱ خاقان بخارا تک پہنچا ۔

ظاہر ہے کہ جو عبارت مسئلہ دوم سے اوپر نقل ہوئی ہے اس سے ابوطاہر کی شخصیت کا تقریباً تعین ہوگیا ۔ ترکستان کے بجاے وہ فارس کا قاضی القضاۃ تھا ۔ بظاہر خیام اس سے ابتدا میں متعلق نہیں ہوا تھا بلکہ سلجوقی رصدخانے میں پہنچنے کے مدتوں بعد اس سے فارس میں منسلک تھا ۔ اس سے ایک بات یہ بھی تقریباً صاف ہوجاتی ہے کہ جبر و مقابلہ خیام کی ابتدائی تصانیف میں نہیں ہوگی ۔ وہ ۴۶۷ کے قبل کے بجاے ۴۷۳ کے قریب سمرقند میں نہیں بلکہ فارس میں لکھی گئی ہوگی ۔

جمال‌الدین عبدالجبار بن محمد المشکوی کے سوالات کے جواب میں جو رسالہ لکھا گیا اور جسکی صراحت اس وقت کی جاری ہے وہ ۴۷۳ ہجری کے کافی بعد مرتب ہوا ہوگا اس لیے کہ مسئلہ ثانی کی جو عبارت نقل ہوئی ہے اس میں قاضی القضاۃ ابوطاہر کے نام کے ساتھ ''رحمۃ‌اللہ،، کا فقرہ اس حقیقت پر دلالت کرتا ہے کہ اس وقت قاضی القضاۃ کا انتقال

۱- یہ ایلک‌خانی خاندان کا کل سرسبد تھا ۔ اس خاندان نے ۳۸۰ سے ۶۰۹ تک حکومت کی ہے ' کبھی خود مختار حیثیت سے اور کبھی غزنویہ' سلجوقیہ' قراحطائیہ' خوارزم شاہیہ کے باجگزار کی حیثیت سے، شمس‌الملک اپنے باپ طمغاج خان ابراہیم کی وفات پر ۴۶۰ میں تخت نشین ہوا اور ۴۷۲ھ میں وفات پائی ۔ اس نے الپ ارسلان سلجوقی کی لڑکی سے شادی کی تھی اور خود اپنی چچازاد بہن ترکان خاتون کی شادی ملک شاہ سے کی ۔ وہ بڑا علم دوست تھا ۔ عوفی نے جوامع‌الحکایات میں خصوصیت کے ساتھ یہ صفت ظاہر کی ہے ۔ (ملاحظہ ہو خیام ص ۱۰۶-۱۰۸ اور تاریخ بیہقی مرتبہ پروفیسر نفیسی مجلد سوم ص ۱۱۵۶ ببعد)

ہو چکا تھا اور اس وقت تک ابوطاہر کے نام کا رسالہ (جسکو سید سلیمان ندوی مرحوم نے تتمۂ کون و تکلیف قیاس کیا ہے) تمام بلاد فارس، اصفہان اور بغداد میں عام ہوچکا تھا۔

(۲) رسالۂ در حل یک مسئلۂ جبری۔ یہ عربی رسالہ جو پانچ ورق پر مشتمل ہے اس میں الجبرا کے ایک مسئلہ کا حل قطوع مخروطی (علم مثلثات) کے وسیلے سے پیش کیا گیا ہے۔ در اصل یہ ایک سوال کا جواب ہے جو عمر خیام سے کسی شخص نے اس موضوع پر کیا تھا۔ اس کا ایک خطی نسخہ ڈاکٹر عباس اقبال آشتیانی مرحوم استاد دانشگاہ تہران کے ملک میں تھا۔ اس کا تعارف انہوں نے مجلۂ شرق شمارہ[1] ہشتم میں کرایا تھا۔ اگرچہ اس کا موضوع ریاضی ہے، مگر اس میں بعض تاریخی و حکمی مسائل بھی آگئے ہیں۔ ڈاکٹر آشتیانی موصوف نے اس کے مطالب کا خلاصہ ان الفاظ میں[2] پیش کیا تھا۔

''امّا ریاضیون قدیم غیر عربی زبان بچیزے ازیں مقولہ (جبر و مقابلہ) پے نہ بردند و از اطلاعات ایشان در این باب چیزے بما نہ رسیدہ و بہ زبان ما نقل نہ شدہ ولے از متاخرین آشنا بہ زبان ما اول کسیکہ بنوع ثلاثی از ایں چہاردہ قسم (یعنی چہاردہ قسم معادلہ جبری کہ خیام آنہا را تعداد کردہ) برخوردہ ماھانی[3] مہندس است کہ در حل مقدمۂ کہ ارشمیدس در کتاب خود آوردہ بہ مسئلۂ مواجہ شدہ و آن را خواستہ

۱- ص ۳۸۰-۳۸۱

۲- ایضاً

۳- ابوعبداللہ محمد عیسیٰ ماھانی تیسری صدی ھجری کا مشہور ریاضی داں- (لغت نامہ ج اول ص ۶۰۳)

است با استعمال اصطلاحات علماے جبر حل کند و چون استخراج آن با قطوع مخروطات ممکن نه شده آن را ممتنع شمرده و فاضل مزبور باوجود مقام فضل و تقدم او در این فن در حل این مسئله عاجز ماند تا آنکه ابوجعفر[۱] خازن ظهور کرد و راه آن را یافت و رساله‌ٔ در آن خصوص نگشت و ابونصر[۲] بن عراق مولی[۳] امیرالمومنین از مردم خوارزم در حل مقدمه‌ٔ که ارشمیدس براے استخراج ضلع مسبع در دایره بکار برده نیز اصطلاحات جبریون را استعمال نموده و معادله[۴] را که ترتیب داده با قطوع[۵] مخروطات حل کرده و این مرد از بزرگان طبقه‌ٔ علماے ریاضی بوده است و مسئله‌ٔ که ابوسهل کوهی[۶] و ابوالوفا بوزجانی[۷] و ابوحامد صغانی[۸] و جماعتے از رفقاے ایشان که در بغداد مقیم دربار عضدالدوله[۹] بودند از حل آن عاجز آمدند این بود که عدد ده را چنان بدو جزء

۱- ابو جعفر خازن خراسانی وفات درمیان ۳۵۰، ۳۶۰ھ کارنامے کے لیے ملاحظہ ہو لغت نامہ ج ۱ ص ۳۹۰-۳۹۱

۲- مقتول ۴۰۸ھ، ملاحظہ ہو چہار مقالہ متن ص ۱۱۸، ۱۲۰ تعلیقات ص ۳۱۹-۳۲۲ (مرتبہ ڈاکٹر معین)

۳- کذا در آثارالباقیہ (مقدمہ)

۴- مساوات

۵- Trigonometry یا علم مثلثات

۶- متوفی ۴۵ھ، عضدالاولہ اور شرف‌الدولہ کا درباری منجم - اس کا پورا نام ابو سہیل بیژن کوہی پسر رستم طبری تھا

۷- پیدائش ۳۲۸، وفات ۳۷۶، اس کے کارناموں کی تفصیل کے لیے ملاحظۂ ہو لغت نامہ دہخدا ج اول ص ۹۲۱ -

۸- متوفی ۳۷۹ھ -

۹- ۳۳۸ - ۳۷۲ھ -

تقسیم کنید که مجموع مربع آن دو جزء با خارج قسمت جزء بزرگ‌تر بر جزء کوچکتر معادل[1] ۲۷ شود حل این مسئله بمعادلهٔ منجر شود که مجهول[2] درجهٔ اول یا مجهول درجهٔ سوم و دوم و عدد معلوم برابر میگردد و این فضلاء مدتهاے مدید درحل آن مسئله متحیر بر ماندند تا ابوالجرز آن را استخراج کرد و آن را در کتابخانهٔ ملوک سامانی مخزون نمودند،،

رسالهٔ مذکور سے مزید یہ معلوم ہوتا ہے کہ مساوات جبری کی ۲۱ قسموں میں سے صرف گیارہ قسمیں خیام کے پہلے کے ریاضی دانوں کو معلوم تھیں باقی دس قسموں کو خیام نے قطوع مخروطی کے وسیلے سے حل کیا ہے۔ خیام اس رسالے میں وعدہ کرتا ہے کہ اگر فرصت ملے گی تو وہ ایک کتاب انواع معادلات کی تفصیلات میں لکھے گا۔

ڈاکٹر عباس اقبال آشتیانی کا خیال[3] ہے کہ خیام نے جس رسالے کا ذکر کیا ہے وہ غالباً اس کا مشہور رسالہ جبر و مقابلہ ہے، جو وپکے کے توسط سے ۱۸۵۱ء میں فرنچ ترجمے کے ساتھ پریس میں طبع ہوچکا ہے۔

مولانا ندوی مرحوم نے رسالهٔ جبر و مقابلہ کی بعض عبارتوں سے استدلال کیا ہے کہ خیام نے جبر و مقابلہ کے پہلے ایک رسالہ بعنوان ''رسالهٔ استخراج اضلاع مربعات و مکعبات،، لکھا تھا۔ ملاحظہ ہو[4]:-

''مربع اور مکعب چیزوں کے اضلاع دریافت کرنے کے چند طریقے اہل ہند کو معلوم تھے، جو معمولی استقراء پر مبنی ہیں

۱- اس کا جواب ۸ اور ۲ ہو -

۲- مثلاً ا یا انگریزی کا x جو الجبرے میں عدد مجہول کے لیے علامت فرض کر لیتے ہیں -

۳- رسالۂ شرق ص ۳۸۲

۴- ص ۱۶۵ - ۱۶۷

اور وہ ایک سے لیکر ۹ تک کے مربعات ہیں یعنی ایک دو تین کے مربعات اور اسی طرح ان کے مضروبات جیسے دو کو تین میں ضرب دیکر حاصل ضرب نکالا جائے .... ہماری ایک کتاب اس طریقۂ حساب کے صحیح ہونے اور اس سے مطلوب حاصل کرنے کی دلیلوں پر ہے اور ہم نے اسکی بہت سی قسمیں اور اضافہ کی ہیں ....

یہ تفصیل ڈاکٹر آشتیانی کے مخطوطے پر پوری نہیں اترتی۔ البتہ سید سلیمان[1] مرحوم کا خیال ہے کہ مؤلف گنج دانش نے ایک کتاب ''علم المساحۃ و المکعبات،، کا ذکر کیا ہے ممکن ہے یہ ''رسالۂ استخراج اضلاع مربعات مکعبات، ہی ہو۔

اس سلسلے میں ایک قابل ذکر بات یہ ہے کہ ڈاکٹر آشتیانی نے جو اقتباس درج کیا ہے اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ اس کے مطالب مقدمۂ ''جبر و مقابلہ،، کے مطابق ہیں۔ کتاب ''خیام[2]،، کے حوالے سے ہم اس مقدمے کا اردو ترجمہ نقل کرتے ہیں :

اگلے محققین کی کوئی تصنیف اس بارے میں (مشکل مقدمات جبری) مجھکو نہیں ملی معلوم نہیں کہ تلاش و تحقیق کے بعد وہ انکو نہیں سمجھ سکے یا ان کو اپنے اثنائے تحقیق میں ان مقدمات کی ضرورت ہی پیش نہ آئی یا ہماری زبان میں ان کی کتاب کا ترجمہ نہیں ہوا.... پچھلے لوگوں میں سے ماہانی اس مقدمے کا حل جبر و مقابلہ سے کر سکا

۱- ایضاً ص ۱۶۷

۲- ایضاً ص ۱۷۰-۱۷۱

ہے جسکو ارشمیدس نے اپنی کتاب ''الکرۃ و الاسطوانہ ،،
کے دوسرے مقالے کی چوتھی شکل میں مسلم مانکر استعمال
کیا ہے، تو ماھانی کو دوسرے چند معادل کعاب اموال اور
اعداد کی ضرورت پیش آئی جنکو غور کے بعد بھی وہ جب حل
نہ کر سکا تو اس نے یقین کر لیا کہ ان کا حل ناممکن
ہے یہاں تک کہ ابوجعفر خازن پیدا ہوا اور اس نے ان
مشکلات کو قطوع مخروطیہ سے حل کیا.....

مطالب کی یکسانیت سے صاف ظاہر ہے کہ یہ رسالہ بھی عمر خیام
ھی کی تراوش خامہ کا نتیجہ ہے، جو جبر و مقابلہ سے الگ ایک رسالہ
ہے اور غالباً اس سے متقدم بھی ہے -

(۳) ترجمۂ خطبۂ تمجیدیۂ ابی سینا - آقاے سعید نفیسی نے
مجلۂ شرق ۸، دورۂ اول [۱] میں لکھا ہے -

در بعضی سفینہاے قدیم خطبۂ بتازی از شیخ الرئیس ابن
سینا ثبت است کہ خطبۂ است در توحید و ظاھراً آن خطبہ
را امام عمر خیام در سال ۴۷۲ بخواھش بعضے از دوستان
خود در اصفہان ترجمہ کردہ است

قاے سعید نفیسی نے اس ترجمے کے دو نسخے اسی(۲) شمارے میں
چھاپے ھیں پہلے نسخے میں جو قدیم ہے یہ عبارت موجود ہے :

ترجمۃ الخطبۃ لعمر بن ابراھیم النیساپوری الخیام الخ

۱- ص ۴۴۹
۲- ص ۴۵۲ تا ۴۵۹

دوسرا نسخہ بھی خیام کی طرف اسطرح منسوب ہے :

فصل فی شرح الحکیم عمر بن الخیام الخ

معلوم نہیں آقاے نفیسی نے کس کتابخانے سے یہ نسخے حاصل کئے - ڈاکٹر عباس اقبال آشتیانی نے مجلۂ شرق[1] کے اسی شمارے میں دو نسخوں کا ذکر ان الفاظ میں کیا ہے :

در سال ۴۷۲ که خیام در اصفهان بوده بدرخواست جماعتے از دوستان یکے از خطابه‌های شیخ‌الرئیس ابو علی سینا را از عربی بفارسی نقل کرده و اصل این خطابه و ترجمهٔ فارسی آن در مجموعهٔ از رسایل در تصرف حضرت آقاے حاج سید نصرالله نقوی مدظله است..... و نسخهٔ از آن نیز در کتابخانهٔ مدرسهٔ ناصری در جزء مجموعهٔ از رسایل هست ...

غالباً آقاے نفیسی نے کسی اور کتابخانے میں یہ نسخہ دریافت کیا ہے کیونکہ مدرسۂ ناصری کے مجموعے والے نسخے کو عباس علی کیوان قزوینی نے سیوۂ زندگی میں ۱۳۴۹ھ میں چھاپ دیا تھا جو بقول آقاے نفیسی[2] ''اندك اختلافے با نسخ ما دارد،، اس اعتبار سے اس ترجمے کے کم از کم تین نسخے ایران میں اور ایک ترکی میں دریافت ہو چکے ہیں - تعلیقات چہار مقالہ[3] سے معلوم ہوا کہ خطبۂ تمجیدیۂ ابن سینا مع ترجمۂ خیام چند اور رسالوں کے ساتھ عبدالباقی گولپیکاری نے کتابخانۂ رمزی استنبول کی طرف سے ۱۳۳۲ھ شمسی میں چھاپ دیا ہے -

---

۱- ص ۴۷۰، ۴۷۱

۲- مجلۂ شرق شمارہ ۱۱ ص ۶۶۰

۳- ص ۶۲۴ - قاضی اختر میاں جوناگڈھی نے اپنے مجموعۂ مقالات انگریزی (طبع ۱۹۴۵) میں ابن سینا کا عربی متن اور خیام کا فارسی ترجمہ چھاپ دیا ہے اور قیاس کیا ہے کہ ان دونوں کا نسخہ کہیں اور نہیں ہے، حالانکہ آقائے نفیسی اور ڈاکٹر آشتیانی ربیع الاول ۱۳۵۰ھ / ۱۹۳۱ء میں ان کے نسخے دریافت کرچکے تھے-

اس ترجمے سے یہ بات پوری طرح واضح ہو جاتی ہے کہ خیام ۴۷۲ھ میں اصفہان میں موجود تھا۔ آقائے مجتبیٰ مینوی اس رائے کی تائید کرتے ہوئے لکھتے ہیں [1] :

خبر از آنکہ خیام در سال ۴۷۲ در اصفہان بودہ از ترجمۂ کہ از خطبۂ تمجیدیۂ ابن سینا نمودہ است الخ

آقائے نفیسی کے دونوں نسخوں میں اتنا اختلاف ہے کہ انھوں نے دونوں کو الگ الگ چھاپ دیا ہے ، نسخہ قدیم طویل اور نسخۂ جدید مختصر ہے ، اول الذکر اسطرح شروع ہوتا ہے :

باکا بادشاہا! دا دار ایزد کامگار خداوندے کہ آغاز ہمہ چیزہا ازوست و باز گشت و انجام ہمہ چیزہا بدوست الخ

دوسرے نسخے کی ابتدا اسطرح ہوتی ہے :

پاك بادشاہی دادار ایزد کامیاب خود ہست کہ آغاز چیزہا ازوست و انجام و باز گشت ہمہ چیزہا بدوست الخ

(۴) قصیدۂ فارسی - خیام کے نام سے گیارہ ابیات کی ایک مختصر نظم رباب نامۂ سلطان ولد فرزند مولانا روم کے آخر میں درج ہے - یہ نسخہ جسکی کتابت ۷۰۴ھ [2] کے قبل ہوئی تھی قونیہ کے

۱- مجلۂ دانشکدۂ ادبیات تہران سال ۴، شمارہ ۲ ص ۷۳

۲- اس لحاظ سے یہ نسخہ کافی اہم ہے کہ اسکی کتابت خود مصنف کی زندگی ہی میں ہوئی تھی، قونیہ کے میوزیم کی موجودگی سے اس کی اہمیت واضح ہوتی ہے- ایسے اہم نسخے کے سارے مندرجات درخور اعتناء ہونگے -

میوزیم (شمارہ ۲۱۴۳) میں محفوظ ہے ۔ آقائے مجتبیٰ مینوی کے توسط سے اسکی اشاعت [۱] ہو گئی ہے ۔ عنوان نظم یہ ہے :

للخیام تجاوز اللہ عن سئیاتہ و رفع درجاتہ

پوری نظم یہ ہے :

رہے نمود مرا راست سوے آبحیات
شبے بہ شہر رے اندر مفلسی ز قضات
نخست گفت کہ از کردگار دانش خواہ
اگر بخوانی بر آسمان بہ شب دعوات
حیات خویش بر آن گونہ بیقرار مکن
کہ بر نو زار بگرید پس از حیات ممات
وگر حیات نبات تو جز بقا باشد
پس از حیات نبات تو بہ حیات نبات
وگر ترا عرصاتی نمودہ اند ز دور
محققان حکایات و صادقان روات
تو در ترزوے محشر نشستۂ و ہنوز
دل تو منتظر حشر و قصۂ عرصات
وگر غرض ز صلات و صیام فرمانست
تو سر مپیچ ز فرمان صوم و ورد صلات
وگر ز حکمت کار صلات بے خبری
تو گر صلات پرستی بود صلات تو لات
براہ حج شتابی و مال صرف کنی
ز راہ دور، ہمی تا بر آوری حاجات

۱۔ مجلۂ دانشکدہ سال دوم شمارہ ۴ ص ۴۷

نخست قاضی حاجات را طلب پس حج
نخست معرفت نفس جوی پس عرفات
تو مایهٔ همه اشیائی گرچه یک چیزی
چنانکه صورت آحاد مایهٔ عشرات

ڈاکٹر محمد معین نے تعلیقات چہار مقالے[1] اور ڈاکٹر صفا نے تاریخ ادبیات ایران[2] میں بھی یہ نظم آقاے مینوی کے حوالے سے نقل کر دی ہے۔

(۵) تقریر مختصر بعربی - میوۂ زندگی تالیف عباس علی کیوان قزوینی میں ایک مختصر سا رسالہ ہے جو بقول پروفیسر سعید نفیسی کے عمر خیام ہی کا رسالہ ہے، ملاحظہ[3] ہو :

پس از آن (ترجمهٔ خطبهٔ ابن سینا بقلم خیام) تقریر دیگر بعربی انتشار داده اند که چون در نسخهٔ متعلق بمدرسهٔ ناصری که آن نسخه را از آن برداشته اند این تقریر بلا فاصله آمده و بنام دیگرے منسوب نیست و حال آنکه تمام مندرجات آن مجموعه که در کتابخانه مدرسهٔ ناصری است نام گوینده و نویسنده دارد، حدس زده اند که آن تقریر نیز از عمر خیام باشد و اگر چنین باشد تقریرے دیگر از عمر خیام است بجز آنچه تاکنون از آثار وے معروف بود

لیکن مجلهٔ شرق، دورۂ اول ہی کے شمارہ ۸[4] میں ڈاکٹر عباس اقبال آشتیانی نے اس کی نسبت ''مسلم نیست،، بتائی ہے۔ ملاحظہ ہو۔

۱- ص ۶۲۳
۲- جلد دوم ص ۵۳۰
۳- مجلۂ شرق دورۂ اول شمارہ ۱۱ ص ۶۶۰
۴- ص ۴۸۲

رسالۂ عربی کوچک دیگرے کہ نسبت آن بہ خیام مسلم نیست ۔

(٦) رسالۂ موسیقی عربی ۔ آقاے مجتبیٰ مینوی نے اس رسالہ کا ذکر مجلۂ دانشکدۂ ادبیات سال ۴، شمارہ ۲ [1] میں اسطرح کیا ہے :

از یک رسالۂ عربی دیگر از خیام دربارۂ موسیقی کہ آن نیز مشہور نیست بعد ازینہا بحث خواہم کرد ،

اگرچہ اس وقت تک مجلۂ مذکور کے تمعدد شمارے نکل چکے ہیں مگر اب تک رسالۂ موسیقی پر بحث نہیں ہو سکی ہے ۔ البتہ ڈاکٹر محمد معین نے چہار مقالے [2] کے آخر میں آقاے مینوی کی یادداشت سے استفادہ کرکے اس رسالے کے متعلق حسب ذیل اطلاع بہم پہنچائی ہے :

"مجموعہ ایست در کتابخانۂ عمومی شہر مغنیسا (ترکیہ) بشمارہ ۱۷۰۵ کہ رسالۂ ششم آن در موسیقی است و در ورقہاے ۹۳ ب تا ۹۵ ب (پنج صفحہ) آن مجموعہ درج شدہ است آقای مینوی از قراین حدس میزنند کہ نسخہ در قرن ہفتم کتابت شدہ این رسالہ چنین آغاز می شود :

بسم اللہ الرحمن الرحیم من کلام لفیلسوف عمر الخیامی القول علی اجناس الذی بالاربعۃ ان نسبۃ المثل و الثلث یقسم بثلاثۃ انساب فیکون ثلثۃ ابعاد و ینحصر فی اربعۃ

۱- ص ۷۵

۲- ص ٦۲۴

نغمات فلذلک سمی المثل و الثلث بالذی بالاربعه" . .

و چنین پایان می پذیرد :

.. و ان کان ایضاً فی نسبه" الزائد جزء الآن النسبه" متئی صغرت لایحس بائتلافها فی المسموع و للّه الحمد و المنّه" نجزت الرساله" بعون الله و حسن توفیقه آقاے مینوی در انتساب این رساله بخیام شکے ندارند ،، [۱]

(۷) رسالة فی کلیات الوجود - اگرچه وجود پر خیال کا یه رساله اتنا کافی مشهور هے نه بروکلمن [۶] نے بهی اس کا ذکر کیا هے مگر اس کے صرف تهوڑے سے نسخے دریافت هوئے هیں ، اس بنا پر اسکو بهی اس مضمون میں شامل کر لیا گیا هے -

یه مختصر سا رساله وجود کی فلسفیانه بحث پر مشتمل هے جس میں الهیات و امور عامه کے مسائل اور عقل، نفس، افلاك و عناصر کی ترتیبی پیدائش بیان هوئی هے - بقول علامه" ندوی مرحوم [۲] کے اس رسالے سے خیام کے دو اصولی عقیدوں کا پتا چلتا هے :

۱ - عقول عشره اور نفوس فلک سے جو کدورت اور مادیت کے غبار سے پاك هیں ایجاد عالم کا آغاز هوا ، واجب الوجود سے عقل اول ، عقل اول سے نفس اول اور عقل دوم علی هذا الترتیب پیدا هوئی - خلق کائنات کی تکمیل انسان پر اور انسان کی انتها عقل و نفس پر هوتی هے - انسان کی عقل و نفس کا کمال یه هے که وه پاکی، طهارت، نزاهت اور

۱- تکمله ۱ ص ۸۵۵

۲- خیام ص ۲۰۱-۲۰۵

مادیت سے بری ہونے میں ان نفوس و عقول کے ساتھ ایسا تشابہ حاصل کرے کہ مادی انسان عالم مجردات کی مثال بن جائے ۔

۲ ۔ عمر خیام متکلمین کے مناظروں، حکماء کی دلیلوں ، اسماعیلیوں کے باطنی طریقوں کو بےاثر سمجھ کر تصوف کے مشاہدات و انوار سے فیض چاہتا ہے ۔ بقول ندوی مرحوم کے خیام نے اختصار کے ساتھ جو کچھ بیان کیا ہے وہی غزالی کی ''منقذ من الضلال ،، میں شرح و تفصیل کے ساتھ مذکور ہے ۔

اس رسالے کے دیباچے میں ہے کہ جب خیام ، فخرالملک کے دربار میں باریاب ہوا تو اس نے حکیم سے علم کلیات کے بارے میں یادگار کی خواہش کی تو یہ مختصر سا رسالہ مرتب ہوا جو ضخیم کتابوں سے زیادہ سودمند ہے ۔

فخرالملک کی شخصیت کے باقاعدہ تعین کے سلسلے میں ایک دشواری اس بنا پر ہے کہ اس شخص کا نام مختلف نسخوں میں مختلف طور پر آیا ہے ، مثلاً

۱ ۔ کتابخانہ ملی پیرس [۱] (مجموعۂ روضۃ القلوب) بحوالۂ کریستنسن فخرالملک بن مؤید الملک

۲ ۔ نسخۂ موزۂ برطانیہ بحوالۂ سید سلیمان ندوی [۲] فخرالملک بن مؤید الملک

۳ ۔ یک صفحہ از نثر فارسی خواجہ امام عمر خیام در سفینۂ بحوالۂ

۱- فہرست بلوشہ ج ۱ ص ۱۰۸ نمرۂ ۷

۲- خیام ص ۲۰۱، ۳۱۴

مجلہٴ شرق دورۂ اول شمارۂ

سوم[1] الملک العادل فخرالملک بن

مؤیدالملک

۴ ۔ نسخہٴ در مجموعہٴ کتابخانہٴ

مجلس شورائے ملی تہران بحوالہٴ

فہرست کتابخانہ [2] و مقالہ

آقائے سعید نفیسی [3] فخرالملک

سب سے پہلے آقائے میرزا محمد بن عبدالوہاب قزوینی نے تعلیقات جہار مقالہ [4] میں عمر خیام کی تصانیف کے ضمن میں اس رسالے پر بحث کرتے ہوئے فخرالملک بن مؤید کو مشتبہ قرار دیا ہے ۔ ڈاکٹر عباس اقبال آشتیانی نے بھی [5] مجلہٴ شرق کے شمارۂ ہفتم میں اسطرح لکھا ہے :

رسالہٴ وجود فارسی کہ آن را خیام برائے فخر الملک بن مؤیدالملک نوشتہ و معلوم نہ شد کہ این فخر الملک کیست ؟ پسر ابوبکر مؤیدالملک بن خواجہ نظام الملک یا فخر الملک ابو الفتح مظفر پسر نظام الملک و وزیر بر کیارق و برادر مؤید الملک کہ باشتباہ او را پسر مؤید الملک

۱- ص ۱۶۷

۲- ج ۲ ص ۴۰۶-۴۰۷

۳- مجلۂ شرق دورۂ اول شمارہ ۱۱ ص ۶۴۱

۴- ص ۳۲۷

۵- ص ۴۸۲

ضبط کردہ اند و یک قسمت از این رسالہ را نگارندہ از جنگی خطی در شمارۂ سوم مجلۂ شرق .... درج کردہ و در عنوان آن قسمت مسطور است :

"قال الحکیم الکامل ابوالفتح بن ابراھیم الخیام فی رسالہ" و ضعھا فی علم الکلیات للملک العادل فخر الملک بن مؤید الملک "

جزء دوم این عبارت مغشوش است معلوم نہ شد کہ چرا فخر الملک را الملک العادل نوشتہ است ۔

گویا اس نام میں دو اشتباہ ہوے، ایک تو فخرالملک کو مؤید الملک کا بیٹا قرار دیا ہے اور پھر اُسے ملک عادل لکھا ہے ۔

سید سلیمان ندوی مرحوم نے بھی کتاب خیام میں اسطرح [1] شبہ کا اظہار کیا ہے ۔

مگر یہ فخرالملک بن مؤید صریح تحریف ہے کیونکہ فخرالملک اور مؤید الملک دونوں باپ بیٹے نہیں بلکہ بھائی بھائی تھے دونوں نظام الملک کے بیٹے تھے اور دونوں وزیر تھے ،

ان عالموں کا اشتباہ بالکل بجا تھا ۔ یہ شبہ مجلس شوراے ملی تہران کے نسخے سے رفع ہو گیا جس میں فخر الملک کے بعد کوئی اور نام نہیں ۔ مجلس کی [2] فہرست میں رسالے کی ابتدائی چند سطریں جلی قلم

۱- ص ۲۰۲

۲- ج ۲ ص ۴۰۶-۴۰۷

سے لکھی ہوئی ہیں اس میں اور آقاے سعید نفیسی کے شائع کردہ متن[1] میں صراحۃً صرف ''فخر الملک'' ہے اس بنا پر بالیقین کہا جا سکتا ہے کہ فخرالملک کے نام میں صریحی تحریف ہوئی ہے۔ وہ نظام الملک کا بیٹا تھا جو پہلے برکیارق کا وزیر مقرر ہوا اور ۵۰۰ ھ میں کسی[2] باطنی کے ہاتھوں قتل کر دیا گیا۔ اسی فخرالملک کے نام پر حکیم مظفر اسفزاری نے رسالۂ آثار علوی لکھا تھا جو بقول[3] آقاے قزوینی

بزبان سادۂ فارسی با بیانے جزل و شیوا و با بہترین اسلوب نگارش جمع و تالیف شدہ است۔

رسالۂ وجود کے جن نسخوں کا ذکر اوپر ہوا ہے، ان میں سے برٹش میوزیم کا نسخہ ناقص ہے۔ چنانچہ سید سلیمان ندوی مرحوم نے اس نسخے کی بنیاد پر اسکو طبع کر دیا ہے[4]۔ تھوڑے سے حصے کا مقابلہ پیرس کے نسخے سے بھی کر لیا ہے۔ لیکن بقیہ حصے میں اکثر جگہ عبارت چھوٹ گئی ہے۔ البتہ سوامی رام تیرتھ صاحب حیدرآبادی نے ۱۹۳۱ میں رباعیات خیام کے انگریزی ترجمے کے محققانہ و عالمانہ

۱- مجلۂ شرق شمارہ ۱۱ ص ۶۴۳

۲- آقاے قزوینی نے تعلیقات چہار مقالہ (راجع بہ ص ۱۰۱) میں سنجر کے ہاتھوں اس کا قتل ہونا بتایا تھا۔ لیکن پھر ایک خط میں اسکی تصحیح کر دی (تعلیقات مذکور مرتبۂ ڈاکٹر معین ص ۳۷۳ ح نمبر ۳

۳- تعلیقات ص ۳۷۳

۴- خیام ص ۳۱۴-۳۲۳

مقدمے میں اسکو مع چند اور رسالوں کے جن میں عربی رسالہ ''الاوصاف والموصوفات'' بھی شامل ہے، متن اور انگریزی ترجمے کے ساتھ شایع کر دیا ہے۔ راقم حروف کا ارادہ ہے کہ ایرانی نسخے سے مقابلہ کرکے اس کو دوبارہ شائع کر دیا جائے ۔ میرے دوست ڈاکٹر مختارالدین احمد (مسلم یونیورسٹی علی گڑھ) خیام کے دوسرے عربی رسالے ''الاوصاف و الموصوفات'' کو ترتیب دے کر شائع کرنا چاہتے ہیں ۔

ا - د - نسیم

خواجہ میر درد کے کلام میں
نظام تصوف کی تلاش

ایک ایسے شاعر کے کلام میں، جس کا سارا سرمایہ (ایک دو چیزوں کو چھوڑ کر) غزل پر مشتمل ہو، کسی خاص پیغام، نظریہ یا نظام کا تسلسل ڈھونڈنا ایک عجیب سی بات معلوم ہوتی ہے اسلئے کہ غزل اپنی روایات اور تقاضوں کے اعتبار سے اس قسم کے بار کی متحمل نہیں ہو سکتی۔ خصوصاً کلاسیکی غزل میں تو یہ بات بہت کم دیکھنے میں آئی ہے۔ لیکن خواجہ میر درد کے متعلق اس جسارت کا خیال مجھے اس وقت آیا جب ان کا یہ شعر میری نظر سے گزرا ؎

پھولے گا اس زباں میں بھی گلزار معرفت
میں یاں زمین شعر میں یہ تخم بو گیا

اس شعر نے مجھے ان کے کلام کو، ایک خاص نقطہ نظر سے پڑھنے پر مجبور کیا اور جب نظر کا یہ نقطہ ایک دفعہ روشن ہوا تو پتہ چلا کہ ہم جنہیں رنگ برنگ موتی سمجھتے ہیں حقیقت میں وہ ایک ہی تسبیح کے بکھرے ہوئے دانے ہیں۔ ضرورت صرف ایسے رشتے کی ہے جس میں انہیں رنگ، شکل اور اوصاف کے لحاظ سے آگے پیچھے پرویا جا سکے۔ یہ رشتہ میری کوشش نے مہیا کیا ہے۔

تصوف کی یوں تو بہت سی تعریفیں کی گئی ہیں لیکن میں ان ان سب میں الجھ کر موضوع سے دور جانا نہیں چاہتا۔ میرے نزدیک

تصوف کی غایت وجدان یا عشق کے ذریعے حقیقت مطلق کے ادراک یا اس زندگی ھی میں ذات سے روح کے امکانی وصال کا نام ھے ۔ ایک صوفی کی ساری جد و جہد دیدار ذات کے لئے ھوتی ھے جس کے حصول کے لئے اسے ھزاروں روحانی تجربات یا صوفیاء کی اصطلاح میں مقامات سے گزرنا پڑتا ھے ۔ اس سفر کا نام سلوك اور اس مسلک کا نام لوگوں نے تصوف رکھا ھے ۔ اس کا نقطہ آغاز حیرت ھے اور منزل مقصود وصال ذات .....خواجہ میر درد کا کلام اس مسلک کے بڑے بڑے مقامات کی شاعرانہ تفصیل ھے ۔

براؤننگ نے ایک خط میں لکھا ھے کہ تمام شاعری ''لا محدود'' کو ''محدود'' میں مقید کرنے کا مسئلہ ھے ۔ یہ قول خواجہ میر درد کی شاعری پر جس بھرپور نوعیت سے صادق آتا ھے اردو شاعری میں اس کی مثال شاذ ھے ؎

شب و روز اے درد درپے ھوں اس کے
کسو نے جسے یاں نہ سمجھا نہ دیکھا

خواجہ میر درد کے شب و روز کی طرح، ان کے خیالات اور ان کا بیان بھی اسی چیز کے لئے وقف ھے ؎

پھولے گا اس زباں میں بھی گلزار معرفت
میں یاں زمین شعر میں یہ تخم بو گیا

حقیقت محض کے ادراك اور اس زندگی میں ذات مطلق سے روح کے امکانی وصال کا خیال، ھر شخص کے دل و دماغ میں نہیں اُبھرتا ۔ اس کے لئے خاص ذھن، قلب، استعداد، اور صلاحیت کے انسان کی ضرورت ھے ۔ ایسا انسان، حیرت، اضطراب، اور تجسّس کی دولت ساتھ

لے کر پیدا ہوتا ہے ۔ یہی وہ دولت ہے جو اسے تصوف جیسی گراں بہا اور کمیاب شئے خریدنے پر مجبور کرتی ہے ۔ ایسا شخص محض اپنے ''پیدا ہو جانے'' پر مطمئن نہیں ہوتا اور اپنی تخلیق کو ایک حادثہ سمجھ کر خاموش نہیں ہو جاتا بلکہ اپنی پیدائش کے مقصد، کائنات کی تخلیق کے سبب اور خالق سے تعلق جیسے سوالات کو اپنے دماغ میں جگہ دیتا ہے اور ان کے حل کی پہلے ذہنی اور پھر عملی کوشش کرتا ہے ۔

استعجاب، تجسّس اور اضطراب کے اس مرحلہ سے، ہر صوفی کی طرح، خواجہ میر درد بھی گزرے ہیں۔ ان کے کلام میں بہت سے ایسے اشعار ملتے ہیں جن سے ہمیں ان کی ابتدائی ذہنی الجھنوں کا اندازہ ہوتا ہے۔ یہ وہ زمانہ ہے جب کائنات کی ہر چیز بلکہ سارا ماحول ان کے لئے حیرت گاہ بنا ہوا ہے ۔ وہ ہر شئے کی حقیقت کو جاننے کے لئے بے تاب نظر آتے ہیں لیکن ان کے لئے سب سے زیادہ اضطراب زا چیز موت ہے یہی وہ مسئلہ ہے جس پر جو انسان جتنا زیادہ غور کرتا ہے اتنا ہی اپنی حیات، کائنات، اور خالق کی حقیقت پانے کے لئے بے چین ہوتا ہے ۔ ذوق نے سچ کہا ہے ؎

موت نے کر دیا لاچار وگرنہ انساں
ہے وہ خودبیں کہ خدا کا بھی نہ قائل ہوتا

موت وہ حادثہ ہے جو حساس طبیعت لوگوں کو بہت کچھ سوچنے پر مجبور کرتا ہے ۔ خواجہ میر درد جیسے انسان کے لئے، جو ایک صوفی اور شاعر کا دماغ لے کر پیدا ہوا ہو، اس بات میں تجسّس اور عبرت کے ہزاروں پہلو پوشیدہ ہیں اسی لئے وہ محض ''کل نفس ذائقة الموت'' کی

اصولی حقیقت سے مطمئن نہیں ہوتے بلکہ اس کی کنہ کو پانے کی کوشش کرتے ہیں اور اضطرابی کیفیت میں پکار اٹھتے ہیں ؎

آہ معلوم نہیں ساتھ سے اپنے شب و روز
لوگ جاتے ہیں چلے سو یہ کدھر جاتے ہیں

لیکن جانے والا واپس آئے تو بتائے ۔ جس نے اس جہان سے ایک دفعہ منہ موڑا دوبارہ اِدھر کا رخ نہ کیا ۔ جگر سے ٹکڑے علیحدہ ہو گئے کلیجے کی بوٹیاں نوچ لی گئیں ۔ سینوں سے دل نکل گئے لیکن جو کچھ زمین کے پردے میں گیا واپس نہ آ سکا ؎

نہ پایا جو گیا اس باغ سے ہرگز سراغ اس کا
نہ پلٹی پھر صبا ایدھر نہ پھر آئی نظر شبنم

دنیا میں کون کون نہ یک بار ہو گیا
پر مونہ پھر اس طرف نہ کیا اس نے جو گیا

شروع میں معلوم نہ تھا کہ یہ لوگ کدھر جاتے ہیں اب اتنا پتہ چل گیا ہے کہ دنیا سے اٹھنے کے بعد اس طرف کوئی منہ نہیں کرتا لیکن اس سے ایک حساس دل انسان کی تسکین نہیں ہوتی وہ اس بھید کو پانا چاہتا ہے ۔ موت انسان کے دل کا ایک چبھتا ہوا کانٹا ہے ۔ اس راز کے معلوم کرنے کی کسے خواہش نہیں لیکن صوفی کی خواہش محض سرِّ موت معلوم کرنے تک محدود نہیں ہوتی بلکہ وہ اس کمزور رگ کو ڈھونڈ کر اس پر قابو پانا چاہتا ہے ۔ دائمی بقا اور ہمیشہ کی زندگی ..... یہ ہے اس کا مطمح نظر ..... اور تصوف اسے اس مطمح نظر کے حصول میں مدد دیتا ہے ؎

میں گو نہیں ازل سے پر تا ابد ہوں باقی
میرا حدوث آخر جا ہی بھڑا قدم سے

انسان حادث سہی لیکن صوفی محسوس کرتا ہے بلکہ یقین رکھتا ہے کہ اس ''حادث،، کی ''قدیم،، سے مناسبت ضرور ہے - روح انسانی ''امر،، ہے ''مخلوق،، نہیں - اور ''امر،، کو فنا نہیں - قرآن میں خداوند کریم نے تخلیق آدم کے ذکر میں کہا ہے ''نفخت فیہ من روحی،، اس سے صاف ظاہر ہے کہ انسانی روح، روح مطلق سے علیحدہ ہستی رکھتے ہوئے بھی اس کا جز ہے - اسی لئے قرآن نے ایک دوسری جگہ اسے ''امر رب،، کہا ہے خواجہ میر درد نے انسانی روح کی اس بھولی ہوئی حقیقت کو ہی پا کر اپنی منزل مقصود کے لئے نئے راستے پیدا کئے ہیں چنانچہ وہ کہتے ہیں کہ ــــہ

رکھ ''نفخت فیہ من روحی،، کو یاد
جب تلک اے درد، دم میں دم رہے

قرآن کریم میں آتا ہے ''والذین جاھدوا فینا لنھدینھم سبلنا،، .....(جو لوگ ہمارے متعلق سعی و جہد سے کام لیتے ہیں ہم ان پر اپنی راہیں کشادہ کر دیتے ہیں) ..... انسان خدا اور اس کی کنہ کے متعلق سعی و جہد نہ کرنے کی وجہ سے خسارے میں ہے ورنہ وہ مسجود ملائک، اشرف المخلوقات اور نائب خدا ہے - اسی لئے اللہ تعالی فرماتے ہیں ''والعصر ۙ ان الانسان لفی خسر ۙ الا الذین امنو و عملواالصلحت و تواصوا بالحق و تواصوا بالصبرہ،، ..... (قسم ہے زمانے کی انسان بڑے خسارے میں ہے سوائے ان کے جو ایمان لائے اور انہوں نے اچھے کام کئے اور ایک دوسرے کو حق کی فہمائش کی

اور صبر کی نصیحت۔) ..... بے شک جب انسان وعدہ الست کو فراموش کر دیتا ہے، مٹی کے مجسمے میں مقید روح سے بیگانہ ہو جاتا ہے اور اپنی بدعملی اور بدکرداری کے تہ بہ تہ حجابات تان لیتا ہے تو دراصل وہ امانت میں خیانت کرتا ہے ۔ بخشے ہوئے خزانے کا بے اسراف ہی نہیں بلکہ غبن ہے ۔ فقیر اس دولت کی حفاظت کرتا ہے ۔ وہ خلوص اور ایمانداری سے اسے جائز مصرف میں لاتا ہے ۔ وہ زیان اور نفع کے راستوں کو الگ الگ پہچانتا ہے اور جانتا ہے کہ انسان میں ''خسارہ پن'' کیوں ہے اور کہاں ہے ۔ اسے پرکھنے کے لئے اس کے پاس نظر موجود ہے ؎

بڑا غبن فاحش ہے انسان میں
پرکھنے کو اس کے نظر شرط ہے

قرآن کہتا ہے ''اللہ یہدی من یشاء و یضل من یشاء'' .....
اللہ ہادی بھی ہے اور مضل بھی ۔ جس نے ہدایت اور استقامت کا راستہ اختیار کیا وہ ہر مخلوق سے اعلی اور افضل ٹھہرا مسجود ملائک ہوا اور نائب خدا کی حیثیت سے قیوم زمانہ بنا ۔ تمام صوفیانہ نظام حیات انسانی کی اس بھولی ہوئی حقیقت کو پانے کے لئے ہے ۔ اس سے حجابات اور تعینات کے پردے اُٹھ جاتے ہیں اور انسان پر اپنی حقیقت واضح ہو جاتی ہے ؎

حجاب رخ یار تھے آپ ہی ہم
کھلی آنکھ جب کوئی پردہ نہ دیکھا

انسان اپنا حجاب آپ ہے ۔ غفلت کی وجہ سے اس کا آئینہ دل زنگار آلودہ ہو جاتا ہے اور گناہوں کی بنا پر اس کا قلب غلاف میں آ جاتا

ہے جس کی بنا پر وہ اپنی اصلیت جاننے اور حقیقت پانے سے قاصر رہتا ہے اور ساری عمر اسی بے خبری میں گزار دیتا ہے ؎

خورشید قیامت کا سر پر تو اب آ پہنچا
غفلت کو جگا دینا کس نیند یہ سوتی ہے

خدا کے قول فیصل کے مطابق ہر انسان فطرتاً نیکی پر پیدا کیا جاتا ہے ۔ دوزخ یا جنت کا حق دار بننا اور نوری یا ناری ہونا اس کے اپنے اعمال پر موقوف ہے ۔ جو انسان اپنی پیدائش کے مقصد سے سروکار نہیں رکھتا وہ بیابان ضلالت میں کھو جاتا ہے اور اس کی آنکھ اس وقت کھلتی ہے جب فرشتہ موت اس کی روح قبض کرنے کے لئے آتا ہے ۔ اس وقت اسے افسوس ہوتا ہے اور وہ بے بسی کے عالم میں کہتا ہے ؎

تہمتیں چند اپنے ذمے دھر چلے
کس لئے آئے تھے اور کیا کر چلے

ایسا انسان ''مقصود خلق'' نہیں ہو سکتا بلکہ ''وہ ننگ خلق'' ہے

یا رب مقصود خلق کیا میں ہی تھا
ایسا تحفہ جہاں میں یا میں ہی تھا
کچھ کام ظہور میں نہ آیا مجھ سے
بس تجھ کو یہ مجھ سے مدعا، میں ہی تھا

طوفان نوح نے تو ڈبوئی زمیں فقط
میں ننگ خلق ساری خدائی ڈبو گیا

یہ اپنی اصلیت کو بھول جانے کا انجام ہے ورنہ انسان خلیفۃ الارض بھی ہے اور نائب خدا بھی ۔ ہر مخلوق سے اعلیٰ و افضل بھی ہے اور

نیابت الٰہی کا حق دار بھی ۔ اگر اسے فرصت میسر آئے اور وہ اپنی اصلیت پانے کی کوشش کرے تو اسے معلوم ہو کہ اس میں الٰہی صفات موجود ہیں ۔ وہ اپنی پوشیدہ صلاحیتوں اور قوتوں کو پہچاننے اور ان کو بروئے کار لانے سے اس مقام تک پہنچ سکتا ہے جہاں روح الامین کی بھی رسائی نہیں ؎

با وجودیکہ پر و بال نہ تھے آدم کے
واں یہ پہنچا کہ فرشتے کو بھی مقدور نہ تھا

نوع انساں کی بزرگی سے ٹک ایک
حضرت جبریل محرم ایک ہیں

بساط جہان پر انسان کی حیثیت 'شاہ' کی ہے جس کے بغیر ''بازی'' ناممکن ہے ۔ خدائی کے کھیل اسی کی ذات کے مرہون منت ہیں ۔ کائنات کی رونق اسی کی بدولت ہے ۔ اپنے خالق کی طرح تخلیقی جوہر اس میں بھی ہیں ۔ وہ اپنی قوت ایجاد سے ناممکن کو ممکن بناتا ہے ؎

انساں کی ذات سے ہیں خدائی کے کھیل یاں
بازی کہاں بساط پہ گر شاہ ہی نہیں

اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں '' کہ میں ایک مخفی خزانہ تھا اپنے ظہور کے لئے میں نے کائنات پیدا کی'' ۔ انسان اس کائنات کی ایک نادر تخلیق ہے۔ وہ خود اپنے اندر ایک جہان ہے ۔ اس ''مخفی خزانے'' کی ''آب و تاب'' اس کے ذریعے منعکس ہوتی ہے ؎

ہے عشق سے میرے ہی ترے حسن کا شہرہ
میں کچھ نہیں پر گرمی بازار ہوں تیرا

وہ مظہر خداوندی ہے ــــہ

جلوہ تو ہر اک طرح کا ہر شان میں دیکھا
جو کچھ کہ سنا تجھ میں سو انسان میں دیکھا

وہ بے شک ''آہن'' دکھائی دیتا ہے لیکن اصل میں ''آئینہ نما'' ہے۔ یہاں تک کہ اس کی ''کدورت'' بھی ''مظہر انوار صفا'' ہے ــــہ

ہے مظہر انوار صفا میری کدورت
ہر چند کہ آہن ہوں پہ آئینہ نما ہوں

یہ تصویر کا روشن رخ ہے مہر و ماہ سے زیادہ تابناک اور ستاروں سے زیادہ چمکدار ۔ اس کے خطوط و دوائر ''خودی'' کے مو قلم سے کھینچے ہوئے ہیں اور اس کے شوخ رنگ ''حقیقت شناسی'' کے رہین منت ہیں اس کا دوسرا رخ بڑا بھیانک ہے ۔ سیاہ ناگن سا تاریک اور زہر ناک ــــہ

ہر چند آئینہ ہوں پہ اتنا ہوں ناقبول
منہ پھیر لے وہ جس کے مجھے روبرو کریں

یہ سیاہی 'انسانی غفلت' کی ہے ''عدم توجہی'' کے گہرے اور تاریک پردے ہماری نظروں کو روک لیتے ہیں ۔ ورنہ اس کے پیچھے محبوب اپنی پوری آرائش و زیبائش سے ذوق نگاہ کا منتظر ہے ــــہ

آہ پردہ تو کوئی مانع دیدار نہیں
اپنی غفلت کے سوا کچھ در و دیوار نہیں

پردے اگر اٹھ سکیں ۔ اور بند آنکھ وا ہو جائے تو اس سٹیج پر ایک ''ناقابل فراموش تماشہ'' نظر آئے ــــہ

جوں خواب ہے وابستہ بغفلت یہ تماشا
کھل جائے اگر آنکھ تو پھر کیا نظر آوے

صوفی کی تمام تر کوشش انہیں پردوں کو اٹھانے کے لئے ہوتی ہے ۔ علی بن عثمان الہجویری نے اسی مناسبت سے اپنی ایک صوفیانہ تصنیف کا نام کشف المحجوب، رکھا ہے ۔ درویشی کا مقام، حجابات ظاہری و باطنی اٹھ جانے کے بعد حاصل ہوتا ہے ۔ یوں سمجھئے کہ انسان دو ہیں ایک ''غبار ناقہ،، میں گم ہے اور دوسرا ''پردہ محمل،، کو اٹھا کر ''رخ یار،، کا تماشہ کر رہا ہے ۔ منزل کی طرف رواں دونوں ہیں ۔ لیکن فرق یہ ہے کہ ایک ذوق و شوق سے کشاں کشاں بڑھا چلا جا رہا ہے تو دوسرے کو زبردستی گھسیٹا جا رہا ہے ۔ بقول مولانا روم اس کی ''رگڑیں،، اور ''خراشیں،، ہی اصل میں عذاب دوزخ، ہے ایک ''چراغ درون خانہ،، ہے تو دوسرا ''ایاغ سر راہ،،.....ایک 'رونق انجمن' ہے تو دوسرا ''بھٹکا ہوا مسافر،،..... دونوں میں عمیق اور غائر مسافت ہے ۔ لیکن اسے پاٹا بھی جا سکتا ہے ۔ 'غبار راہ' 'شکوہ پرویزی' حاصل کر سکتا ہے ۔ خلوص، وفا، اور ہمت شرط ہے ۔ منزل کو جا لینا دور نہیں ۔ 'طریقت' وہ صراط مستقیم ہے جو طالب کو مقصد سے ہم آغوش کر دیتا ہے ۔ اور ''حیوان صفت انسان،، فرشتوں سے افضل ہو کر ''نائب خدا،، بن جاتا ہے ۔

یہ انسانیت کا نقطہ کمال اور راہ سلوک کا آخری مقام ہے جس کا آغاز اپنے دل میں اس مقام کے حصول کی طلب پیدا کرنے سے ہوتا ہے ۔ صوفیانہ نظام میں اسے وادی طلب یا مقام مقاصد آفرینی کے نام سے معنون کیا جاتا ہے ۔ طالب کو اس مقام پر دو اہم مشکلات پیش آتی ہیں اول سفر کے لئے اپنے آپ کو آمادہ کرنا اور دوم راستہ کی صعوبتوں اور دشواریوں کا احساس ۔ مال و دولت کی محبت، بیوی

بچوں کی الفت، احباب و اقربا کی چاہت، زر و جواہر کے انبار، اور دیگر دنیاوی تعلقات اور وابستگیاں اس کا دامن کھینچتی ہیں اور اسے ارادہ طلب سے باز رکھتی ہیں۔ کوئی جان دوستی اور مرگ ترسی کی بنا پر، کوئی اپنی ناتوانی اور گنہگاری کے احساس کی وجہ سے، اور کوئی شبخون نفس امارہ اور رہزنی ابلیس کے ڈر سے اس طرف رخ نہیں کرتا۔ بعض کمال خود ستائی، لاف بلند ہمتی اور دعوی پاکبازی کے فریب میں مبتلا رہ کر اس طرف دھیان نہیں دیتے۔ غرض کہ شکستہ پائی کے ہزار سبب اور بہانے انسان کو مل جاتے ہیں ــــہ

گو سلامت ہوں میں ظاہر میں پہ دل کے خطرات
رات دن گھن کی طرح میرے تئیں کھاتے ہیں

ان تمام خطرات، وسواسات، اور جھوٹے علائق سے نجات حاصل کرنے کے لئے کچھ تو طالب خود کوشش کرتا ہے اور کچھ بیعت ہونے کے بعد کسی مرد کامل کے تدبر سے ان کا حل ڈھونڈتا ہے صوفیانہ نظام میں یہ مرد کامل پیر یا مرشد کہلاتا ہے۔ مرشد ایک واسطہ ہے عام انسان اور ذات خدا کے درمیان۔ اس کی وساطت سے خدا کا نور مرید کے دل کو روشن کرتا ہے۔ جس طرح بجلی گھر مین برق قوت تو ہر وقت موجود رہتی ہے لیکن بلب روشن کرنے کے لئے درمیانی فاصلہ کو کسی ذریعے سے ملانا ضروری ہوتا ہے۔ اسی طرح خدا کے نور سے دل منور کرنے کے لئے مرشد کا ہونا لازمی ہے بقول خواجہ فریدالدین عطار وہ ''مریدحضرت'' بھی ہے اور ''پیک غیب'' بھی

ع ہم مرید حضرت و ہم پیک غیب

خواجہ میر درد علم الکتاب میں کہتے ہیں کہ ظاہری علوم میں بھی استاد پکڑنا ضروری ہوتا ہے اور دعوی بلا سند ہر جگہ منظور نہیں کیا جاتا اسی طرح اللہ تعالی کی عادت یہ ہے کہ وہ زندہ سے زندہ کو فیض پہنچاتا ہے لیکن اس کے لئے انسان کا کامل ہونا شرط ہے،،

ایک دوسری جگہ فرماتے ہیں کہ :

''ہر قدر کہ توانی، در صحبت انسان کامل مانی ۔ خدمت ایشاں را لازم گیری و بہ اعتقاد و خلوص، در صحبت بابرکت ایشاں حاضر باشی و از انانیت خویش بالکل خالی گشتہ متوجہ بطرف باطن ایشاں شدہ امیدوار فیض بنشینی،،

علامہ اقبال بھی ہدایت کرتے ہیں ع

بوسہ زن بر آستان کاملے

درد شاعرانہ استعارہ میں اس مرد کامل کو ''پیرمغاں،، کہتے ہیں ؎

زاہد اگر نہیں کی تونے کسو سے بیعت
پیر مغاں کے ہاں کر دست سبو سے بیعت

مرد کامل کی صحبت میں ایک مرید، صفائی باطن کی جستجو کرتا ہے اس کے فیضان نگاہ سے آئینہ دل کا زنگ دور ہو جاتا ہے اور ذات، اسما و صفات اسمیت اس میں جلوہ گر نظر آنے لگتی ہے ؎

خاموش ہو ترک گفتگو کر
باطن کے صفا کی جستجو کر
حیرت مین وصال آرزو کر
آئینہ دل کو رو برو کر
دیدار نصیب ہر نظر ہے

اس کے گوشہ چشم کی برکت سے ذرہ مین مہرو ماہ کی تابانی، قطرہ میں قلزم کی بے پایانی، اور خزف میں صدف کی آبرو آ جاتی ہے

کرے ہے کچھ سے کچھ تاثیر صحبت صاف طبعونکی
ہوئی آتش سی گل کے بیٹھتے رشک شرر شبنم

لیکن ضروری نہیں کہ وہ ہر مرید کو اس نکتہ کا مستحق سمجھے۔ اس راہ میں سیکڑوں راہرو ہیں۔ منزل کو جا لینا ہر ایک کے بس کا روگ نہیں۔ اس کے لئے چیتے کے جگر اور شاہین کے تجسّس کی ضرورت ہے۔ یہ راستہ بڑا کٹھن اور جفا طلب ہے ع

راہرو آپ سے اس راہ میں گذر جاتا ہے

بیوقوف خدا کی محبت کو سہل جانتے ہیں۔ اور ہر نیک و بد اس کے عشق کی ہوس کرتا ہے۔ لیکن وہ پاک سینوں کے سوا کہیں پیدا نہیں ہو سکتا پیر کی نگاہ ژرف بین ایسا سینہ تلاش کرلیتی ہے۔ دوسرے لوگ بھی فیض سے محروم نہین رہتے۔ عاقبت ان کی بھی سدھر جاتی ہے لیکن فقر کا مقام خاص اہل دل ہی حاصل کرتے ہیں ؎

مگر ان بیوقوفوں نے محبت سہل جانی تد
ہوس کرتا ہے تیرے عشق کی ہر ایک نیک و بد

ولے یہ شعلہ سرکش تو یوں گرمی کرے ہے کد
بنازم چشم داغت را عجب بینائی دارد
بغیر از سینہ پاکاں ندیدم خوش کند جاے

اس نگاہ کے برمحل اور صحیح استعمال کا بھی ایک معیار اور اندازہ ہوتا ہے۔ مرشد اپنے مریدوں کے لئے طرح طرح کے مجاہدات، ریاضت، عبادات، اوراد اور اشغال تجویز کرتا ہے۔ اور اس طرح دھیرے

دھیرے ان کے قلب کی صفائی میں کوشاں رہتا ہے۔ اکثر مرید اس کی عائد کردہ پابندیوں، تجویز کئے ہوئے راستوں اور مقرر شدہ حدوں کی بخوبی نگہداشت نہیں کر سکتے۔ وہ نفس کی سرکشیوں کا مقابلہ کرنے کی پوری ہمت اور طاقت نہیں رکھتے۔ بعض تو سفر کے آغاز میں ہی حوصلہ چھوڑ بیٹھتے ہیں اور بعض راستے کی صعوبتوں کی وجہ سے دل ہار جاتے ہیں۔ دیدار ذات کی منزل میں قدم رکھنے تک بے شمار مقامات مین سے گزرنا پڑتا ہے۔ ان کو عبور کرنا لاکھوں میں سے کسی ایک کا کام ہے۔ وہ جو اپنی جان سے گذر چکا ہو ؎

کام مردوں کے جو ہیں سو وہی کر جاتے ہیں
جان سے اپنی جو کوئی کہ گذر جاتے ہین

ایسا مرد جو حصول مقصد میں۔ اپنی جان سے گزر سکتا ہو عبث تعلقات سے منھ موڑنے، بندھنوں کو توڑنے، اور خواہشات کو چھوڑنے میں ناقابل یقین حد تک جد و جہد کرتا ہے یہاں تک کہ اکثر موقعوں پر وہ ناکام بھی رہتا ہے اور گھبرا کر مایوس بھی ہو جاتا ہے۔ لیکن صدق طلب کے جذبے کی بنا پر وہ جی نہیں ہارتا۔ بلکہ آرزو کو زندہ رکھتا ہے اور امید کے سہارے اپنی سعی کو تیز سے تیز تر کر دیتا ہے ؎

تو بھی اے پائے طلب ٹک تو بھلا خواب سے چونک
اپنی ہی نوع سے ہیں وہ جو پہنچ جاتے ہیں

آرزو کو پائندگی اور استحکام عطا کرنے کے لئے تپش دل کی ضرورت ہے۔ اس راستہ کی یہ دوسری منزل ہے اور ''وادی عشق''

کہلاتی ہے ۔ عشق سے راہرو میں شرار آرزو قائم رہتا ہے اور منزل کے حصول کی تڑپ شدت اختیار کر جاتی ہے وہ کنج مزار میں بھی ''آرمیدہ'' نہیں ہوتا اور خاک ہونے پر بھی شعلہ طلب کو فروزاں رکھتا ہے ؎

؎ اور افزونی طلب کی بعد مرنے کے ہوئی
خاک ہونے نے کیا ہر ذرہ گرم جستجو

؎ یہ چاہتی ہے تو تپش دل کہ بعد مرگ
کنج مزار میں بھی نہ میں آرمیدہ ہوں

خواجہ فریدالدین عطار تذکرۃ الاولیاء میں کہتے ہیں کہ ''عشق اس آگ کا نام ہے ۔ جو عاشق کے سینے میں جلتی رہتی ہے اور جو خدا کے سوا ہر چیز کو جلا کر خاکستر کر دیتی ہے ——— عشق کی دو انواع ہیں ایک مجازی اور دوسری حقیقی ۔اول الذکر، صورت و تمثال اور ''خلط و خون'' کا عشق ہے اور ثانی الذکر، ذات مطلق کا، جو غیر مرئی اور نا محسوس ہے ۔ حسن رخسار ''دمے ہست و دمے دیگر نیست'' ۔ حسن ذات کو ''دوامی ہست'' ہے ۔ اسے زوال و نقصان نہیں ۔ صوفیائے کرام نے ''عشق مجازی'' کو شرمندگی کہا ہے ہاں صرف ان لوگوں کو اس کی اجازت ہے جن میں راست ذات کی محبت پیدا نہ ہو سکے ۔ ان کے لئے بھی یہ مقصود بالذات نہیں بلکہ عشق حقیقی حاصل کرنے کی پیش مشقی یا زینہ ہے ۔ یہ ایک ذریعہ ہے دل کو تپش آشنا کرنے اور بعد میں ارادۃً اور جبراً اسے محبوب مجازی سے پھیر کر خدا سے لگانے کا ۔ بعض حالات میں تبدیلی بلا طلب بھی پیدا ہو جاتی ہے ۔ پیہم ناکامی

مسلسل وداع اور بھیانک ناامیدی سے ایک عاشق اپنا ''قبلہ'' خود بخود بدل لیتا ہے ۔ اس صورت میں تو مجازی عشق ''احسن'' ہے ورنہ ''اخرب''.....

صوفیانہ مجازی عشق بھی عام دنیاوی عشق سے بہت حد تک ممیز ہے ۔ اس میں لمس جنسی، خواہش نفسانی، اور غلبہ شہوانی کا شائبہ تک نہیں ہوتا ۔ یہ ''عشق برائے عشق'' ہے ۔ عشق برائے صورت نہیں ۔ اس میں صرف دل کی چاہ کو دخل ہے ۔ ہوا و ہوس کو راہ نہیں ؎

ہر چند فسق میں تو ہزاروں ہیں لذتیں
لیکن عجب مزا ہے فقط دل کی چاہ کا

مردان صفا کا عشق مجازی بہشت کی مانند پاک و رنگیں، آئینہ کی طرح صاف و شفاف اور شبنم سے مشابہہ لطیف و تابدار ہے ۔ وہ ایک واسطہ ہے کسی دوسری منزل کے لئے لیکن خود منزل نہیں ؎

سو رنگ سے ہیں جلوہ نما گو بتان خلق
اپنا ترے سوا کوئی دلخواہ ہی نہیں

نہ زلف بتاں کا گرفتار میں ہوں
نہ بیمار چشموں کا بیمار میں ہوں

خالص عشق مجازی اوّل 'سرور' اور آخر 'قصور' ہے ۔ عشق حق اوّل و آخر 'سرور' ہے ۔ مجازی کا آغاز 'دلبری' اور انجام 'قاہری' ہے ۔ حقیقت سر بسر 'دلنوازی' ہے 'سودا' دونوں ہیں لیکن خدا کا عشق ''خوش سودا'' ہے وہ جنون با شعور' ہے ۔ انسان کی نخوت و

ناموس کی دوا اور جملہ علتوں کا طبیب ہے۔ وہ 'افلاطون' بھی ہے اور 'جالینوس' بھی۔ صدق خلیلؑ بھی ہے اور صبر ایوبؑ بھی۔ معرکہ بدر وحنین میں بھی جلوہ گر ہے اور کربلا کے میدان میں بھی۔ اگر شوکت سنجر و سلیم اس کا جلال ہے تو فقیر جنید و بایزیدؒ جمال۔ اس کی حیثیت پہلو دارانہ ہے۔ اس کا ہر گوشہ ضیا پاش ہے اور ایک مخصوص عالم کو منور کرتا ہے۔ وہ سارے عالم پر چھایا ہوا ہے۔ ہر طرف اسی کی کار فرمائیاں ہیں۔

عشق کا جنسی مفہوم صوفی کے ذہن سے خارج ہے عشق اس کے نزدیک ایک ایسا نور ہے جو عالم کے رگ و پے میں جاری و ساری ہے اور جس کا بہرہ وافر انسانی دل کو نصیب ہوا ہے۔ کائنات میں زندگی جہاں بھی انگڑائی لیتی ہے۔ وہاں عشق موجود ہے۔ عشق ایک ایسی قوت ہے جو ہر جگہ عمل اور حرکت کو بیدار رکھتی ہے۔ یہ فرہنگ کو صیقل کرتا ہے۔ سنگ کو جوہر آئینہ بخشتا ہے۔ نا ارجمند کو ارجمند بناتا ہے۔ ہنرمند کو یدبیضا عطا کرتا ہے۔ سنگ و خشت سے نغمے کھینچتا ہے۔ 'آفریدن' اور 'جاں دمیدن' اس کا کام ہے۔ حرکت و عمل اس کے جوہر ہیں۔ اگر عشق نہ ہوتا تو زندگی ماتم اور اس کے کارو بار زشت و نامحکم ہوتے ؎

پتھر میں بھی عشق کا اثر ہے
اس آگ سے سوختہ جگر ہے

ہر سنگ میں دیکھ تو شرر ہے

عقل بھی جامد نہیں۔ اپنا راستہ یہ بھی بناتی ہے۔ لیکن سست گام و نرم رو ہے۔ حیلے بہانے سے قدم اٹھاتی ہے۔ پیچاک علل میں گم ہو کر رہ جاتی ہے۔ عشق میں جرأت رندانہ اور ذوق عمل ہے

وہ آتش نمرود میں خلیلؑ بن کر کود پڑتا ہے۔ حسنؓ کے بھیس میں باطل سے ٹکر لیتا ہے ۔ کبھی کالی کملی اوڑھ کر غار حرا کی خلوتوں میں جا بیٹھتا ہے اور کبھی مولا علیؓ خیبر شکن بن کر للکارتا ہے ۔ گاہے شمع یتیم پر پروانہ بن کر آتا ہے اور گاہے احد میں خون دوستاں سے ہاتھ رنگتا ہے۔ وہ سالماتی ذروں کی طرح سارے خلا میں پھیلا ہوا ہے اور ساری فضا میں اس کی برق لہریں موجود ہیں ۔

یہ عشق یا وجدانی قوت روحانیت کے سفر میں انسان کی دستگیری اور رہنمائی کرتی ہے۔ سالک اس راستے میں عقل محض کا سہارا نہیں ڈھونڈتا بلکہ دل اور اس کے لطائف پر بھروسہ کرتا ہے ۔ وہ ذہن کی بجائے ''جنون باشعور'' سے مدد لیتا ہے اور ہوش و خرد کا تار و پود بکھیر کر لیلائے مقصد کا نظارہ کرتا ہے۔ کانٹ نے اپنے مقالے ''عقل محض کی تنقید'' میں کہا ہے کہ عقل محض ہر چیز کی کنہ کو نہیں پا سکتی برگساں نے اسی لئے انکشاف حقائق میں صرف وجدان کو خضر راہ بنایا ہے ۔ درد بھی راہ طریقت میں عقل محض کی نفی کر دیتے ہیں ۔ عقل ان کے نزدیک ایک بےحقیقت شے ہے اور احکام عقل میں بند رہنا ایک نوع کی حماقت ہے ؎

باہر نہ آ سکی تو قید خودی سے اپنی
اے عقل بے حقیقت دیکھا شعور تیرا

بند احکام عقل میں رہنا
یہ بھی اک نوع کی حماقت ہے

جس مسند عزّت پہ کہ تو جلوہ نما ہے
کیا تاب گذر ہووے تعقّل کے قدم کا

وہ خالص عشق کے سہارے آگے بڑھتے ہیں ۔ عقل پیچاک علل میں گم رہتی ہے ۔ عشق میدان عمل کا چوگان باز ہے ۔ وہ ایک طالب کو کشاں کشاں لئے جاتا ہے ۔ عشق کی اس قوت کا مسکن صرف انسانی دل ہے اسی لئے صوفیوں کے نظام فکر اور ضابطہ عمل میں دل کو بہت اہمیت حاصل ہے ؎

آئے تم کس واسطے اے درد میخانے کے بیچ
اور ہی مستی ہے اپنے دل کے پیمانے کے بیچ

عام انسان کے لئے دل گوشت کا لوتھڑا ہے ۔ اور شاعر کے تخیل میں خون کا قطرہ ۔ خواجہ میر درد خود ایک جگہ کہتے ہیں ؎

دل بھی اے درد قطرۂ خوں تھا
آنسوؤں میں کہیں گرا ہوگا

یہاں درد بحثیت شاعر ہمارے سامنے ہیں لیکن صوفیوں کے نزدیک وہ ایسا نقطہ ہے کہ جس پر تمام اسماء و صفات کا محیط گردش کرتا ہے ۔ حکماء جسے ''حواس ششم'' (Sixth Sense) کہتے ہیں ۔ صوفی اسے دل کی قوت بتاتے ہیں اور اسے ایک ''جذبہ لطیف'' مانتے ہیں ۔ سید عبدالکریم الجیلیؒ اپنی مشہور تصنیف انسان کامل میں فرماتے ہیں کہ ''اگر تو یہ کہے کہ وہ نور ازلی بڑی شان والا ہے جو موجودات کی آنکھوں میں اتر آیا ہے تا کہ اللہ تعالیٰ کے ذریعہ سے انسان کی طرف دیکھے اور اس کو کتاب میں لفظ ''روح اللہ'' کے ساتھ، جو آدم کی روح میں پھونکی گئی تھی، تعبیر کرے جیسا کہ کہا گیا ہے ''و نفخت فیہ من روحی'' اور اس نور کا نام ''قلب'' ہے جس کی

ایک چمک تمام مخلوقات اور تمام موجودات کا خلاصہ ہے ۔ اس واسطے اس کا یہ نام رکھا گیا ۔ اسلئے کہ کسی چیز کے قلب کو اس کا خلاصہ کہتے ہیں''۔

جس نقطہ پر اسماء و صفات کا محیط گردش کرتا ہے الجیلی اسے ''الہم'' کا نام دیتے ہیں ۔ اس کی قلب میں کوئی مخصوص جہت نہیں ہے بلکہ کبھی اوپر ہوتا ہے اور کبھی نیچے ۔ بعض آدمیوں کا ''ہم'' ہمیشہ اوپر ہوتا ہے جیسے عارفین کا ۔ اور بعض کا ہمیشہ الٹی جانب ہوتا ہے اور وہ نفس کی جگہ ہے ۔ اس کا محل الٹی پسلی میں ہے اور صرف باطل لوگوں سے مخصوص ہے ۔ ان میں سوائے نفس کے کچھ ہوتا ہی نہیں ۔

صوفی چونکہ معرفت آگاہ ہوتا ہے اس لئے اس کا قلب ایک عارف کا قلب ہے ۔ ''انوار ذات'' کی تجلیات سے منور ہے۔ ایسے قلب پر دونوں جہاں کے احوال ہویدا ہوجاتے ہیں جیسا کہ درد کہتے ہیں ع

احوال دو عالم ہیں مرے دل پہ ہویدا

عارف کا دل خدا کے پیغام لاتا ہے ۔ پیغمبروں کے دل جن پر الہامات صادقہ اور وحی نازل ہوتی ہے ایسے ہی دل کی انتہائی ترقی یافتہ صورت ہے ؎

قاصد نہیں یہ کام تیرا اپنی راہ لے
اس کا پیام دل کے سوا کون لا سکے

جس دل میں معرفت نہ ہو صوفی اسے دل ہی نہیں مانتے ؎

کیا فرق داغ و گل میں کہ جس گل میں بو نہ ہو
کس کام کا وہ دل ہے کہ جس دل میں تو نہ ہو

دل میں جب تک ذوق و شوق ، معرفت کی چنگاری، محبت الٰہی کی گرمی اور عشق حقیقی کی تپش ہے، وہ دل ہے اور اگر ان صفات سے محروم ہے تو بقول اقبال ''گل،، اور ''سل،، کے برابر ہے ؎

دل از ذوق تپش دل بود ورنہ
چو یک دم از تپش افتاد گل شد

میر درد بھی اس حقیقت کو پا چکے تھے۔ ان کا دل بھی اسی بھٹی میں کباب ہو چکا تھا ؎

اے آتش عشق جس کو ہم یاں
دل سمجھے تھے سو کباب نکلا

مولانا جامی کے متعلق مشہور ہے کہ رسول کریمؐ کے روضہ اطہر پر پہنچ کر جب آتش شوق شعلہ اور بھبوکا بن کر ان کو بھسم کرتی تو ان کے جسم سے بھنے ہوئے گوشت کی بو آتی ۔ یہ بات بعید از عقل تو ہو سکتی ہے لیکن بعید از عشق نہیں ۔ ایسا دل تصوّف کی اصطلاح میں ''اہل قلب،، کا اور عام دل ''اہل سلب،، کا دل کہلاتا ہے۔ حضرت سلطان باہو 'عین الفقر، میں کہتے ہیں کہ اہل قلب کا دل ذکر اللہ سے پر نور ہوتا ہے اور 'زندہ دل، کہلاتا ہے اور اہل سلب کا دل ذکر اللہ سے مسلوب ہوتا ہے اور 'مردہ دل، کہلاتا ہے ۔ درد بھی دل کی اس تفریق سے آشنا تھے ۔ وہ بھی دل کی دو قسمیں کرتے ہیں اور ان کو ''دل مردہ،، پر افسوس آتا ہے ؎

ہم سے دل مردہ اگر رات کو جاگے بھی تو کیا
چشم بیدار تو ہے پر دل بیدار نہیں

گرچہ ہم مردہ دل اے جان جہاں جیتے ہیں
تجھ بن اے وائے جو سمجھے تو کہاں جیتے ہیں

انسان غفلت کی وجہ سے دل کی اصلیت سے آگہ نہیں ورنہ ۔ہ

شیشہ جو بغل میں ہے اسی میں تو پری ہے

اس شیشہ کی ''پری'' کوئی معمولی ہستی نہیں ۔ بقول اقبال یہ ایسا معشوق ہے جس کے عاشق بھی ''خوباں'' سے خوب تر ہیں ۔ہ

ہست معشوقے نہاں اندر دلت
گر نظر داری بیا بنمائمت
عاشقان او ز خوباں خوب‌تر
دلبر و زیباتر و محبوب‌تر

یہ محبوب ذات مطلق ہے جو اپنی لامحدود وسعتوں کے با وصف سمٹ کر دل میں سما گئی ہے ۔ہ

ارض و سما کہاں تری وسعت کو پا سکے
میرا ہی دل ہے وہ کہ جہاں تو سما سکے

کیونکہ ''بظاہر ذات خلق اور ذات حق میں کلی غیریت اور بدیہی ضدیت نظر آتی ہے ۔ اس لئے یہ بات عجیب سی معلوم ہوتی ہے لیکن اس ظاہری تضاد کے باوجود ان میں ایک گونا معیت اور اقربیت موجود ہے ۔ انسان کے لئے صورت و شکل ہے ۔ حد و مقدار اور تعین و تغیر ہے لیکن حق تعالی ان اعتبارات سے پاک اور منزہ ہے ہماری ذات میں عدم ہے اور حق تعالی کی ذات میں وجود ہے ۔ ہم میں صفات عدمیہ ہیں اور حق تعالی میں صفات وجودیہ ۔ حق تعالی میں فعل ہے اور ہم میں تخلیق فعل نہیں اس کے باوجود حق تعالی کی چیزیں

ہم میں ثابت ہوتی ہیں مثلاً وجود و انا ، صفات و افعال، ملک و حکومت وغیرہ ۔ اسی معیت اور اقربیت کو تصوف کی اصطلاح میں ''عینیت،، کہتے ہیں ،، ؎

ماہیتوں کو روشن کرتا ہے نور تیرا
اعیان ہیں مظاہر ظاہر ظہور تیرا

تصوف اس نظری تناقض کو رفع کرتا ہے ۔ میر ولی‌الدین ''قرآن اور تصوف،، میں اس مسئلہ پر روشنی ڈالتے ہوئے کہتے ہیں کہ ''ایسے تمام اعتبارات انسان میں پائے ضرور جاتے ہیں فرق صرف اتنا معلوم ہوتا ہے کہ یہ حق تعالیٰ کے لئے کامل و مطلق و قدیم ہیں اور ہمارے لئے ناقص و مقید و حادث،، ۔

صوفی کو اپنے فقر کے امتیاز سے خود بخود اس امانت کا امتیاز بھی حاصل ہو جاتا ہے اور وہ جاننے لگتا ہے کہ اس میں وجود و انا، صفات و افعال اور مالکیت و حاکمیت ''من حیث الامانت،، پائے جاتے ہیں لہذا صوفی حق تعالیٰ ہی کے وجود سے موجود ہوتا ہے ۔ انسان کے اسی بلند مقام نے اسے خلافت ارض، نیابت الٰہی، اور سجدہ ملائک کا حق دار بنایا ۔ اور اس کا یہ امتیاز صرف دل اور اس کی پوشیدہ طاقتوں کے جاننے اور ان کو بروے کار لانے میں مضمر ہے ؎

نظر جب دل پہ کی دیکھا تو مسجود خلائق ہے
کوئی کعبہ سمجھتا ہے کوئی سمجھے ہے بت خانہ

دل کو گداز کرنا اور اسے کندن بنانا کیمیاگر کی اکسیر سے بہتر ہے ؎

اکسیر پر مہوس اتنا نہ ناز کرنا
بہتر ہے کیمیا سے دل کا گداز کرنا

علم و دانش، فضل و ہنر، اور عقل و خرد، کسی میں 'کنہ ذات' کو پانے کی ہمت نہیں اس کا شعور صرف انسانی دل کو بخشا گیا ہے ؎

نہ یاں علم و دانش نہ فضل و ہنر
فقط ایک دل ہے کہ آگاہ ہے

یہاں یہ غلط فہمی پیدا نہیں ہونی چاہیے کہ شاید صوفیاء کے نزدیک علم اور عقل بیکار اشیاء ہیں ۔ اور ایک صوفی علم اور عقل سے بیگانہ ہوتا ہے ۔ ایسا ہرگز نہیں ۔ عقل اور علم زیور شرافت اور زینت انسانیت ہیں ۔ لیکن کنہ حقیقت معلوم کرنے کے سلسلے میں کلیۃً ان پر بھروسا نہیں کیا جا سکتا ۔ کائنات اور اس کے حقائق کے ادراک کی حد تک تو یہ ٹھیک ہیں لیکن اس سے آگے یہ بیکار ہیں ۔ یہاں کسی اور علم اور قوت کی ضرورت ہے ۔ یہ علم تصوف کا علم ہے اور یہ قوت وجدان یا عشق کی قوت ہے۔

جو لوگ دل کی پوشیدہ قوت کا راز معلوم کر کے، ادراک حقیقت میں کامیاب ہو جاتے ہیں وہ اگر پہلے عالم و فاضل نہ بھی ہوں تو خداوند کریم ان پر علم لدنی کا باب کھول دیتا ہے ۔ وہی علم لدنی جو حضرت خضر علیہ السلام کو عطا ہوا ہے۔ اور جس کی بنا پر انہوں نے حضرت موسیٰؑ جیسے جلیل القدر پیغمبر سے کہہ دیا تھا کہ آپ صبر کے ساتھ میری رفاقت نہ کر سکیں گے ۔ ایک سچا صوفی اسی لئے ظاہر و باطن دونوں کا احاطہ کئے ہوئے ہوتا ہے ۔ جہاں علمائے ظواہر صرف شریعت یا خارجی مباحث پر عبور رکھتے ہیں ۔ صوفی طریقت یا باطنی حقیقت سے بھی آشنا ہوتا ہے ۔ اس لئے ایک صوفی کو ایک عالم ظاہر پر فوقیت حاصل ہے ۔ صرف نظریات، بحث و تمحیص اور قیل و قال سے دنیا تو درست ہو سکتی ہے ۔ لیکن دین اور عاقبت

نہیں ۔ علم و حکمت تو نظری چیزیں ہیں ''خبر'' کے لئے ان پر بھروسا نہیں کیا جا سکتا ۔ یہاں قیل و قال کی بجائے ذوق و حال کا ہونا ضروری ہے ؎

گو بحث کر کے بات بٹھائی پہ کیا حصول
دل سے اٹھا غلاف اگر تو اٹھا سکے

خواجہ میر درد اسی بنا پر اپنی ایک تصنیف نالہ درد میں کہتے ہیں:

''کہ علم آنست کہ مصلح علم بود و دافع کسل نہ آنکہ بحث و جدل فزاید و در امور دینیہ خلل نماید''.....

علم کے لحاظ سے قرآن نے سورہ واقعہ میں دو جماعتیں قرار دی ہیں ۔ جو لوگ علم ہدایت کے پیرو ہیں وہ قرآن کی اصطلاح میں ''اصحاب یمین'' کہلاتے ہیں ۔ یہ علم اللہ کا علم ہے جو دین میں ملتا ہے ۔ اور جو علم ضلالی کا دم بھرتے ہیں انہیں قرآن نے ''اصحاب شمال'' کا نام دیا ہے ۔ یہ علم نفس کا علم ہے جس کو ''ہوی'' سے تعبیر کیا جاتا ہے ۔ اول الذکر طبقہ کے لئے نیک انجام کی بشارت دی گئی ہے اور موخرالذکر کو ہلاکت و فلاکت کی خبر سنائی گئی ہے ۔

علم کی مدح و ذم کرتے وقت صوفیا اس تفریق کو پیش نظر رکھتے ہیں ۔ ورنہ صحیح علم کے متعلق تو شیخ علی بن عثمان الہجویری کا قول ہے کہ طبع انسانی کے لئے آگ پر چلنا راہ علم پر چلنے سے آسان ہے اور ایک جاہل کے لئے پل صراط پر ہزار بار گزرنا اس سے آسان ہے کہ علم کا ایک مسئلہ حل کرے ۔ خواجہ میر درد ایسے ''علم ہدایت'' کو ''علم معرفت'' سے کم وقعت نہیں دیتے ۔ ''اصحاب یمین'' اور

''اہل عرفان،، دونوں ان کے نزدیک ایک ہی منزل کی طرف رواں ہیں گو راستے الگ الگ ہیں ؎

شیخ کعبہ ہو کے پہنچا ہم کنشت دل میں ہو
درد منزل ایک تھی ٹک راہ ہی کا پھیر تھا

لیکن جس شیخ کے علم، جس عالم کے عمل، اور جس زاہد کی عبادت میں خلوص اور صحت نہیں بلکہ ریا اور دکھلاوا ہے وہ جاہل مطلق، بےعمل، اور نافرمان سے بھی بدتر ہے ایک صوفی دوئی کو خواہ وہ کسی شکل میں ہی کیوں نہ ہو برداشت نہیں کر سکتا ۔ وہ توحید و وحدت کا پرستار ہے اس لئے ظاہر و باطن کے تضاد کا مخالف ؎

ہو گیا مہماں سرائے کثرت موہوم آہ
وہ دل خالی جو تیرا خاص خلوت خانہ تھا

عشق خدا کا دعویٰ کرنے اور راہ طریقت پر گامزن ہونے سے پہلے شریعت کے احکام پر عمل اشد ضروری ہے ۔ البتہ ایک خالص اہل علم اور اہل دل کا ان سے سلوک (Treatment) بہت حد تک مختلف ہوگا ۔ عالم محض ان کے صرف ظاہری خد و خال سے تعلق رکھے گا ۔ وہ ان پر عمل پیرا تو ہوگا لیکن ان کی پوشیدہ گہرائیوں، قوتوں اور رموز کو جاننے کی کوشش نہیں کرے گا ۔ اس کے بر عکس طالب فقر ان کی خارجی اور داخلی دونوں کیفیتوں سے فیض‌یاب ہوگا ۔ وہ ان کے رنگ روپ سے ہی نہیں بلکہ ان کی بو باس سے بھی متاثر ہوگا ۔ میر درد کے الفاظ میں وہ صرف ''ملاّ،، ہی نہیں بلکہ ''عارف،، بھی ہوگا ؎

رباعی

اے کردہ خراب عمر در چون و چرا
عارف نشدی اگرچہ گشتی ملّا
از ما بجز اقبال نہ بینی گاہے
ہر چند کہ ایراد نمائی بر ما

(درد)

عارف شریعت کے ظاہر و باطن دونوں پہلوؤں سے واقف ہے۔ لیکن وہ داخلی پہلو پر زیادہ زور دیتا ہے۔ اسلئے کہ اس کے بغیر احکام خداوندی کی صحیح روح سے آشنا ہونا ناممکن ہے۔ اہل دنیا عموماً چیزوں کے ظاہری اور سطحی رخ کو دیکھتے ہیں ۔ وہ نگاہ خارا شگاف نہیں رکھتے کہ جس سے اندرونی اسرار کا تماشہ کر سکیں ؎

اہل دنیا کہ سوے ظاہر نگرند
از باطن خود پردہ غفلت ندرند
شب ہا در پاس مال زندہ دارند
در گور بجز مردہ دلیہا نبرند

(درد)

ان اسرار کو صرف دل درویش ہی جانتا ہے ع

اسرار خدا از دل درویش بپرس

علم یا شریعت سے ہمیں یہ واقفیت حاصل ہوتی ہے کہ توحید، خدا کو ایک جاننے اور ماننے کو کہتے ہیں اور کلمہ طیبہ پر اس کی اساس ہے ۔ اور ''لا الہ الا اللہ'' کا صرف زبان سے اقرار کافی نہیں بلکہ قلب سے بھی اس کی تصدیق ضروری ہے ۔ لیکن نفس پر قابو پا کر دل کو تصدیق توحید کے لئے آمادہ کرنا کوئی معمولی فعل نہیں ۔ توحید

خدا کے سوا ہر چیز کی نفی کر دینے کا نام ہے ۔ دنیوی علائق ، نفسانی خواہشات، ذہنی توہمات، قلبی تشکیک، دلی تذبذب، حرص زر، آز دنیا ، افعال ناجائز، خوف پادشاہ، طلب حرام، پیروی ابلیس اور ہر قسم کی مکروہات کو چھوڑ دینے کے بعد ہی کہیں اثبات توحید ممکن ہے ۔ یہ بات تصفیۂ قلب اور تزکیۂ نفس سے پیدا ہو سکتی ہے جو کہ تصوف کا مسلک ہے ۔ حضرت جنید بغدادیؒ فرماتے ہیں کہ توحید یہ ہے کہ ''بندہ اللہ تعالیٰ کے سامنے ایک جسم ہو جائے ۔ یعنی وہ اس کی وحدانیت کی حقیقت کو پا لینے کی وجہ سے فانی ہو جائے ۔'' مراد یہ ہے کہ موحد کو حق تعالیٰ کے اختیار میں کوئی اپنا اختیار نہ رہے اور اس کی وحدانیت میں اپنی ذات کی طرف نگاہ نہ ہو اس طرح قرب حق کے محل میں اس کا نفس فانی ہو جائے گا اس سے حق تعالیٰ کے احکام اس پر جاری ہوں گے یہاں تک کو وہ ایسا ہو جائے گا جیسا روز ازل میں تھا ۔ کیونکہ بندہ جب اپنے اوصاف سے فانی ہوتا ہے تو ایک جوہر لطیف رہ جاتا ہے جیسا کہ شمس تبریزؒ نے کہا ہے ؎

فنا اندر فنا بینی فنائیست
بقا اندر بقا دائم بقائیست

جب سالک اس بھید کو پا لیتا ہے تو اس پر ''یخرج الحي من الميت و يخرج الميت من الحي''۔ یعنی مردہ سے زندہ اور زندہ سے مردہ نکالنے کا راز منکشف ہو جاتا ہے ۔ اور اس کا دل ہر قسم کے خوف و خطر سے پاک ہو جاتا ہے ۔ دوئی اٹھ جاتی ہے اور کثرت نمائی باقی نہیں رہتی ۔ خدا کی موجودگی کا احساس ہر وقت رہتا ہے اور اس کے اسما

و صفات کے جملہ پہلو دل و نظر میں سمائے رہتے ہیں ؎

جھکتا نہیں ہمارا دل تو کسی طرف یاں
جی میں سما رہا ہے از بس غرور تیرا

چھپے ہرگز نہ مثل بو وہ پردوں کے چھپانے سے
مزا پڑتا ہے جس گل پیرہن کو بےحجابی کا

مٹ جائیں ایک آن میں کثرت نمائیاں
ہم آئینے کے سامنے جب آ کے ھُو کریں

اس انداز زندگی سے جہاں کثرت نمائیاں مٹ جاتی ہیں اور ایک اور صرف ایک "گل پیرہن" پیش نظر ہوتا ہے۔ فقیرانہ بے نیازی۔ آزاد منشی اور صوفیانہ بیگانہ وشی کی صفات پیدا ہوتی ہیں اور مرد فقیر درگۂ میر و وزیر سے بے نیاز، ہر جگہ کو اپنا وطن اور ہر مقام کو اپنا گھر تصور کرتا ہے ؎

پوچھا میں درد سے کہ بتا تو سہی مجھے
اے خانماں خراب ہے تیرا بھی گھر کہیں
کہنے لگا مکان معین فقیر کو
لازم ہے کیا کہ ایک ہی جا گہ ہو ہر کہیں
درویش ہر کجا کہ شب آمد سرائے اوست
تو نے سنا نہیں ہے یہ مصرع مگر کہیں

توکل، قناعت، حلم، بردباری، ایثار، خلوص جیسی صفات "درویش ہر کجا کہ شب آمد سرائے اوست"..... ہی کے عقیدے کا لازمی نتیجہ ہیں اسی لئے علمائے تصوف نے طریقت اور اخلاق

کو لازم و ملزوم قرار دیا ہے ان کے خیال میں تصوف اگر ایک طرف باطنی نظام ہے تو دوسری طرف اخلاق ضابطہ بھی ہے - صاف نیتی، پاک طینتی اور شفاف قلبی کے لئے جہاں ایک صوفی کو مجاہدہ و ریاضت کی ضرورت ہے وہاں کچھ ظاہری آداب و مراعات کی پابندی بھی لازمی ہے - ان کا یہ خارجی مسلک مثالی بھی ہے اور منفرد بھی - وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی اطہر کو اپنے لیے نمونہ بناتے ہیں اور ان کے اسوۂ حسنہ کی پیروی کرتے ہیں - خواجہ میر درد کے کلام میں اخلاق کے اہم بنیادی حقائق مل جاتے ہیں -

ابوالحسن نوریؒ فرماتے ہیں ''لیس التصوف رسوما و لا علوما و لکنہ اخلاق،، (تصوف صرف رسوم و علوم نہیں بلکہ وہ تو اخلاق ہیں - تصوف کی اگر رسمیں ہوتیں تو مجاہدہ سے اور اگر کچھ علم ہوتے تو تعلیم سے حاصل ہو جاتے - لیکن وہ تو صرف اخلاق و آداب ہیں - ایک اور بزرگ کا قول ہے کہ ''التصوف حسن الخلق،، (تصوف نیک خلق ہے) اور اس کی تین حیثیتیں ہیں - اول نیک برتاؤ اللہ کے ساتھ جو اس کے احکام بغیر ریا کے ادا کرنے سے حاصل ہوتا ہے - دوم نیک برتاؤ خلقت کے ساتھ جو بزرگوں کی حرمت، چھوٹوں پر شفقت، برابر کے لوگوں سے انصاف، اور خلق خدا کے ساتھ بلاامتیاز رواداری کرنے سے حاصل ہوتا ہے - سوم نیک برتاؤ اپنے ساتھ جو خواہش نفس کی متابعت نہ کرنے سے حاصل ہوتا ہے - اور نیک خلق وہ ہے جو اپنے آپ کو ان تینوں باتوں میں درست کر لے - حضرت ابو علی قزوینیؒ کہتے ہیں کہ ''التصوف ھو اخلاق الرّضیہ،،

(تصوف پسندیدہ اخلاق کو کہتے ہیں) اور اخلاق و افعال پسندیدہ یہ ہیں کہ بندہ تمام حالات میں خدا تعالی سے خوش رہے اور اسی کی رضا پر راضی ہو ــــہ

نہ مطلب ہے گدائی سے نہ یہ خواہش کہ شاہی ہو
الٰہی ہو وہی کچھ جو کہ مرضی الٰہی ہو

اس طرح اسے جمعیت دل میسّر آ جاتی ہے ــــہ

رباعی :-

از حرص گر آستیں فشاند دل ما
چوں شہ چہ عجب کہ حکم راند دل ما
اے درد ہزار سلطنت مفت بود
جمیعت اربہم رساند دل ما

اخلاق مسائل باقاعدہ اور مربوط علم کی شکل میں تو درد کے کلام میں نہیں ملتے ۔ البتہ بکھرے ہوئے اشارے موجود ہیں ۔ اپنے آپ سے عدل، دوستوں سے برتاؤ، انسان سے بحیثیت انسان سلوك، اور بعض دیگر اساسی اخلاق باتوں کا ذکر ان کے ہاں مل جائے گا ۔ نیکی و صداقت، توکل و قناعت، صبر و شکر، تسلیم و رضا، ضبط و حوصلہ، زندہ دلی و وسیع مشربی، رواداری و حسن سلوك، صلح کل و خوش صفاتی، فرض شناسی و احسان مندی اور اس نوع کے دوسرے حقائق و جذبات کا بیان بھی پایا جاتا ہے ۔ حرص، ریا، فریب، تکبر، تشکیک، ظلم، سختی، دشمنی، حیلہ تراشی، مکر جوئی، گہنگاری، بے یقینی اور اسی قسم کی اور بہت سی خرابیوں سے بچنے کی ہدایت بھی کی گئی ہے ــــہ

حرص کرواتی ہے روبہ بازیاں سب ورنہ یاں
اپنے اپنے بوریے پر جو گدا تھا شیر تھا

ہمیشہ فتح نصیبی ہمیں نصیب رہی
جو کچھ کہ اپنی ہے جی میں سو بار رکھتے ہیں

رباعی :-

پیدا کرے ہر چند تقدس بندا
مشکل ہے کہ ہو حرص سے دل برکندا
جنت میں بھی اکل و شرب سے کب ہے نجات
دوزخ کا بہشت میں بھی ہوگا دھندا

نہ ہم کچھ آپ طلب نے تلاش کرتے ہیں
جو کچھ کہ یاں ہے مقدر معاش کرتے ہیں

اگر جمیعت دل ہے تجھے منظور قانع ہو
کہ اہل حرص کے کب کام خاطر خواہ ہوتے ہیں

رباعی :-

کب جس میں ہو دنیا کی طلب بیٹھ سکے
جس دل میں ہوس بھری ہو کب بیٹھ سکے
تسکین شہود حق سے ہوتی ہے نصیب
اُٹھ جائے نظر سے خلق تب بیٹھ سکے

''شہود حق،، کا یہ مقام جہاں سوائے حق کے کچھ نہیں رہنا صحیح توحید ہے ۔ اور یہ توحید محض ''لا الہ الا اللہ،، کہنے سے پیدا نہیں ہوتی بلکہ اس کے لئے تصدیق قلبی کی ضرورت ہے جس کا ثبوت مرد درویش اپنے عمل سے پیش کرتا ہے ؎

جب سے توحید کا سبق پڑھتا ہوں
ہر حرف میں کتنے ہی ورق پڑھتا ہوں

اس علم کی انتہا سمجھنا آگے
اے درد ابھی تو نام حق پڑھتا ہوں

اس علم کی انتہا مقام الوہیت ہے جہاں پہنچ کر بندہ اس جسم خاکی کے ہوتے ہوئے بھی روح مجرد رہ جاتا ہے ۔ اور وہ ہر قسم کے علائق سے پاک ہو جاتا ہے ۔ صوفیا اسے طہارت باطنی کا نام بھی دیتے ہیں ۔ باطنی طہارت تصوف کی ایک خاص اصطلاح ہے جس کا مفہوم ظاہری طہارت کو باطن کی طہارت کے موافق کرنا ہے ۔ جس کا طریقہ یہ ہے کہ جب انسان ہاتھ دھوئے تو چاہیے کہ دل کو بھی دنیا کی محبت سے دھو دے ۔ جب منہ میں پانی ڈالے تو اسے غیر کے ذکر سے خالی کر دے ۔ جب ناک صاف کرے تو خواہشات نفسانی کو اپنے اوپر حرام کر دے ۔ جب چہرہ دھوئے تو چاہیے کہ ہر قسم کی مرغوب نفسی سے اعراض کرے ۔ جب سر کا مسح کرے تو اپنے تمام امور کو خدا تعالیٰ کے سپرد کر دے اور جب پاؤں دھوئے تو حکم الٰہی کی موافقت کے سوا کھڑا نہ ہو ۔

مثال عکس جو کوئی کہ پاک طینت ہیں
جہاں صفا ہے وہیں بود و باش رکھتے ہیں

یہ طہارت باطنی، جس کا ذکر حضرت مخدوم الہجویری نے اپنی کتاب کشف المحجوب میں کیا ہے، توبہ کرنے اور خدا تعالیٰ کی طرف رجوع کرنے سے حاصل ہوتی ہے ۔ اسی لئے قرآن کریم میں آتا ہے کہ ''اے ایمان والو اللہ کی جانب توبہ کرو تاکہ فلاح پاؤ'' ——— ایک دوسری جگہ ارشاد ہوتا ہے کہ ''اللہ تعالیٰ توبہ کرنے والوں اور پاک رہنے والوں کو دوست رکھتا ہے'' ——— بے شک توبہ کرنے

والوں کے عرق انفعال کے قطروں کو شان کریمی موتی سمجھ کر چن لیتی ہے ؎

رونے کو مرے وہ تولے ہے نظروں میں
اس گوہر اشک کی بھی رتّی چمکی

گناہ کا ذکر یا تو دلی محبت کی وجہ سے ہوتا ہے اور یا حسرت و ندامت کی بنا پر۔ جو شخص ارادہ سے معصیت کو یاد کرتا ہے گنہگار ہے اور جو پریشانی، شرم اور انفعال ظاہر کرتا ہے وہ تائب ہے۔ وہ خدا کی رحمت کا طلبگار اور اس کی بخشش کا امیدوار ہوتا ہے ؎

رحمت قدم نہ رنجہ کرے گر تری ادھر
یارب ہے کون پھر تو ہمارے گناہ کا

ظاہر و باطن کی اس پاکیزگی کے بعد مرد فقیر عبادت کی طرف رجوع کرتا ہے۔ ایک بزرگ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت حاتم اصمؒ سے پوچھا کہ آپ نماز کس طرح ادا کرتے ہیں انہوں نے جواب دیا کہ جب نماز کا وقت آ جاتا ہے تو میں ایک وضو ظاہر کا کرتا ہوں اور دوسرا باطن کا۔ پھر مسجد میں داخل ہوتا ہوں اور مسجد بیت‌الحرام کا مشاہدہ کرتا ہوں۔ مقام ابراہیمؑ کو اپنے دونو ابروؤں کے سامنے رکھتا ہوں۔ بہشت کو دائیں اور دوزخ کو بائیں جانب سمجھتا ہوں صراط اپنے قدموں کے نیچے دیکھتا ہوں۔ فرشتہ ملک‌الموت کو اپنی پیٹھ کے پیچھے خیال کرتا ہوں۔ پھر نہایت عظمت کے ساتھ تکبیر پڑھتا ہوں۔ حرمت کے ساتھ قیام، ہیبت کے ساتھ قرأت، خاکساری سے رکوع، عاجزی سے سجود، حلم و وقار کے ساتھ قعود، اور شکر حق کے ساتھ سلام پھیرتا ہوں،،۔

اہل طریقت کی نماز رسمی نہیں ہوتی۔ یہ ان کی معراج ہے۔ طالبان حق اللہ کی راہ میں ابتداً سے انتہا تک اسی کے ذریعے راستہ پاتے ہیں اور اس میں ان کے مقامات کشف ہوتے ہیں۔ عام لوگ نماز کے اس درجہ سے واقفیت نہیں رکھتے۔ وہ اسے بطور ایک فرض پورا کرتے ہیں لیکن اس کے اسرار و رموز کی کنہ اور کیفیات کی لذت کو نہیں جانتے اسلئے کہ ان کے باطن ان معنوں میں پاکیزہ نہیں ہوتے جن معنوں میں کہ ایک عارف کے۔ بقول مولانا رومؒ ؎

بر زباں تسبیح و در دل گاؤ و خر
این چنیں تسبیح کے دارد اثر

عارف کا دل خدا کو اپنے میں سموئے ہوئے ہوتا ہے۔ جہاں خدا ہو وہاں غیر خدا کی نفی خود بخود ہو جاتی ہے۔ عارف کامل موحّد ہے۔ برخلاف اس کے زاہد محض کا دل بتوں کا گھر ہے ؎

جن کے سبب سے دیر کو تو نے کیا خراب
اے شیخ ان بتوں نے مرے دل میں گھر کیا

عام نمازی شرک خفی کو دل سے نہیں نکال سکتے۔ اسی لیے ان کی عبادت روحانی مقاصد کے حصول میں ممد و معاون ثابت نہیں ہوتی ؎

زاہدا شرک خفی کی بھی خبر تک لینا
ساتھ ہر دانہ تسبیح کے زنّار بھی ہے

احادیث میں آیا ہے کہ جب حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھا کرتے تو آپ کے دل میں ایسا جوش ہوتا جیسا کہ کانسی کی اس دیگ میں جس کے نیچے آگ جلتی ہو۔ جب حضرت

حضرت علی کرم اللہ وجہہ نماز کا قصد کیا کرتے تو آپ کے بدن کے بال کھڑے ہو جاتے۔ آپ پر کپکپی طاری ہو جاتی اور فرماتے کہ اس امانت کے ادا کرنے کا وقت آگیا جس کے اٹھانے سے آسمان اور زمین نے انکار کر دیا تھا۔

قرآن کریم میں خداوند کریم ارشاد فرماتے ہیں ''و اعبد ربک حتّٰی یاتیک الیقین'' اپنے پروردگار کی عبادت کر جب تک کہ تجھے یقین آجائے۔ یہ وہ مقام ہے کہ جہاں اضافت اٹھ جاتی ہے۔ اور اس پر ''لا الہ الا اللہ'' کا مقام منکشف ہو جاتا ہے ؎

وحدت نے ہر طرف ترے جلوے دکھا دئے
پردے تعینات کے جو تھے اٹھا دئے

نماز کے اس پہلو سے عارف کے سوا کوئی دوسرا آشنا نہیں ہے ؎

یاں کون آشنا ہے ترا کس کو تجھ سے ربط
کہنے کو یہ بھی لوگوں کے اک بات رہ گئی

نماز کی طرح روزہ سے مراد بھی صرف کھانے پینے سے رکے رہنا نہیں بلکہ صوفیاء کے نزدیک کل طریقت اس میں پوشیدہ ہے۔ ان کے نقطہ نظر سے ''پیٹ کو کھانے پینے سے، آنکھ کو نظر بد سے، کان کو غیبت کے سننے سے، زبان کو لغو اور بیہودہ بکواس سے اور جسم کو دنیا کی متابعت اور شریعت کی مخالفت سے محفوظ رکھنا روزے کا صحیح مفہوم ہے۔ اپنے سارے حواس کو احکام الٰہی کے مطابق بند رکھنا صحیح مجاہدہ ہے''۔ اسی لئے مولانا رومؒ نے کہا ہے کہ ؎

چشم بند و گوش بند و لب ببند
گر نہ بینی نور حق بر ما بخند

روزہ نفس کے لئے فروتنی اور دل کے لئے عاجزی کا باعث ہے کیونکہ بھوکے آدمی کا جسم پژمردہ اور دل گڑگڑانے والا ہوتا ہے جیسا کہ مولانا رومؒ نے کہا ہے کہ ؎

در جہاں گرچہ بسے گردیدہ ام
نم بہ چشم منعماں کم دیدہ ام

خواجہ میر درد اور ان کے خاندان کا فاقہ مشہور ہے۔ وہ مسلسل روزے کی حالت میں رہتے تھے۔ اس حالت میں جسم اگرچہ کمزور ہو جاتا ہے لیکن دل نور حاصل کرتا ہے۔ روح کو صفائی اور باطن کو لقاے حق نصیب ہوتا ہے۔ لیکن ''محض بھوک'' انسانی زیست کے منافی ہے اس کے ساتھ مجاہدہ شرط ہے۔ ''سیری با مشاہدہ'' ''گرسنگی بے مجاہدہ'' سے بہتر ہے۔ اگر سیر ہونے کے باوجود مشاہدہ حق حاصل ہو تو ایسے بھوکے رہنے سے بہتر ہے جس میں محض ریاضت ہو اور مشاہدہ حق نہ ہو سکے۔

گرسنگی کی سختیوں اور روزہ کی پابندیوں سے دیگر فوائد کے علاوہ ضبط، حلم، حوصلہ، قوت برداشت اور ثابت قدمی جیسی صفات انسان میں پیدا ہو جاتی ہیں اور وہ مصائب کو پامردی سے برداشت کرنے کا عادی بن جاتا ہے ؎

محنت و رنج و غم سے یاں درد نہ جی چرائیے
بار سبھی اٹھائیے جب تئیں سر ہے دوش ہے

اس کو شکم پروری اور تن آسانی سے غرض نہیں رہتی اس کی ''آسودہ تنی'' کے کچھ اور انداز ہو جاتے ہیں ؎

تن پروری خلق مبارک ہو انہیں یاں
جوں نقش قدم اور ہی آسودہ تنی ہے

وہ حواس خمسہ کو اپنے تابع کر لیتا ہے۔ اور اس طرح ان کی ضروریات اور خواہشات کو قابو میں رکھتا ہے۔ بھوک، پیاس، نیند، آرام، لذت اور دیگر احساسات اس کے غلام ہو جاتے ہیں۔

زکوٰۃ بھی ایمان کے فرائض کے حکموں میں سے ہے۔ جس پر واجب ہو اسے اس سے روگردانی روا نہیں۔ مال کی طرح ''مرتبہ'' کی زکوٰۃ بھی فرض ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث ہے ''ان اللہ فرض علیکم زکوٰۃ جاھکم کما فرض علیکم زکوٰۃ مالکم''، (اللہ تعالیٰ نے تم پر تمہارے مرتبہ کی زکوٰۃ فرض کی ہے جیسا کہ اس نے تم پر تمہارے مال کی زکوٰۃ فرض کی ہے) ایک دوسری حدیث ہے ''ان لکل شی زکوٰۃ و زکوٰۃ الدار بیت الضیافہ''، (بلا شبہ ہر چیز کی زکوٰۃ ہے اور گھر کی زکوٰۃ مہمان خانہ ہے) زکوٰۃ در اصل کسی نعمت کی جنس سے نعمت کا شکر ادا کرنا ہے۔ تندرستی بڑی بھاری نعمت ہے۔ اسکے لئے ہر ایک عضو پر زکوٰۃ فرض ہے۔ عام طور پر جب انسان کسی بیماری میں مبتلا ہو جاتا ہے تو لوگ اسے جسم کی زکوٰۃ سمجھتے ہیں۔ ہو سکتا ہے یہ درست ہو لیکن ایک صوفی کے نزدیک اپنے تمام اعضا کو حدود اللہ میں رہتے ہوئے استعمال کرنا ان کو عبادت الٰہی میں مشغول رکھنا اور ہر سانس کو اس غرض کے لئے وقف کردینا ہی اصل میں زندگی، جسم، اور تندرستی کی زکوٰۃ ہے ؎

بے فائدہ انفاس کو ضائع نہ کر اے درد
ہر دم دم عیسیٰ ہے تجھے پاس نہیں ہے

اسی طرح نعمت باطنی کی بھی زکوٰۃ ہے۔ باطنی انوار، واردات

اور فیوض کا احاطہ نہیں کیا جا سکتا ۔ وہ کثیر اور بےشمار ہیں ۔ اسلئے ان کی زکوٰۃ بےاندازہ شکر ادا کرنا ہے ۔ یہاں تک کہ اپنا آپ دے دینا فرض ہے بلکہ صوفیا کے نزدیک زکوٰۃ کا باطنی مفہوم ہی یہی ہے کہ بندہ اپنا آپ خدا کے حوالے کردے۔ جب تک سالک اپنے آپ کو نہ چھوڑے گا تب تک اگر وہ زاہد بھی ہے تو بمنزلہ قارون ہے ؎

جی میں ہے سیر عدم کیجئے گا
یک بیک خلق سے رم کیجئے گا

آپ سے ہم گذر گئے کب کے
کیا ہے ظاہر میں گو سفر نہ کیا

حق کو پانے کے دو طریقے ہیں یا تو پہلے خدا کو پہچانا جائے اور پھر اپنی ذات کو اور یا اس سے برعکس ..... خودی سے خدا اور خدا سے خودی حاصل ہو سکتی ہے ۔ لیکن بہتر طریقہ خودی سے خدا تک پہنچنا ہی ہے ۔ جس نے اپنے آپ کو پہچان لیا اس نے اپنے خدا کو پا لیا ۔ زکوٰۃ ایک صوفی کے نزدیک اپنی ذات کو ذات خدا کا جزو سمجھتے ہوئے اسی کو دے دینا ہے ۔ اور اپنے آپ کو دے دینے سے مراد یہ ہے کہ سالک دنیا سے ہاتھ اٹھا لے ۔ ہر خواہش نفس کو چھوڑ دے ۔ ہر واجب‌الترک امر سے منہ موڑ لے ۔ یہی سبب ہے کہ حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے "حب الدنیا راس کل خطیة و ترک الدنیا راس کل عبادة" ۔ (دنیاوی محبت تمام خطاؤں کی اصل ہے اور دنیا کو چھوڑ دنیا تمام عبادتوں

کا سر ہے) خواجہ میر درد اسی لئے دنیا کو ''فاحشہ'' کہتے ہیں ؎

دنیا وہ فاحشہ ہے کسی سے نہیں بچی
دیکھا جسے تو اس کے یہ مردار ساتھ ہے

اس مقام پر سالک کا دل ہر آلائش سے پاک ہو جاتا ہے۔ اور تفرقہ اور امتیاز کلیۃً مٹ جاتے ہیں ؎

تو اپنے ہاتھوں آپ ہی پڑتا ہے تفرقہ میں
اے امتیاز نادان تک امتیاز کرنا

دیکھا تو یہ شورش من و تو
ہنگامہ وصل جان و تن ہے

اور اس پر اس آیت کا مقام منکشف ہو جاتا ہے کہ :-

''انما اللہ الٰہ واحد لا الٰہ الا اللہ ھوالرحمٰن الرحیم''

(سوائے اس کے نہیں کہ اللہ تعالیٰ ایک ہی معبود ہے۔ اس کے سوا کوئی لائق پرستش نہیں اور وہ رحمٰن و رحیم ہے ؎

مقدور ہمیں کب ترے وصفوں کے رقم کا
حقا کہ خداوند ہے تو لوح و قلم کا

زکوٰۃ دینے سے سالک میں جود و سخا کی صفات پیدا ہوتی ہیں لالچ اور بخل کی جڑیں اکھڑ جاتی ہیں۔ اور وہ اس حقیقت کو پا لیتا ہے کہ حرص اور لالچ میں دل کی خرابی مضمر ہے ؎

ہے محال عقل زیر آسماں
حرص ہو جس دل میں وہ خرم رہے

موت کے بےرحم ہاتھوں ہر ذی نفس کا سانس رک جاتا ہے۔

بڑے بڑے نامور، پاک گھر اور رونق بزم عنقا کی طرح معدوم ہوگئے اور کسی کو ان کی منزل مقصود معلوم نہ ہوئی ـــ

عنقا کی طرح جتنے تھے یاں نامور فلک
تونے خدا ہی جانے کہ کیدھر اڑا دئے

عالم میں جتنے پاک گھر تھے سو ایک ایک
اولے سے روزگار نے یونہی گھلا دئے

وہ مرچکے جو رونق بزم جہان تھے
اب اٹھیے درد یاں سے کہ سب یار سوگئے

غور کرنے والے کے لئے اس میں عبرت کی بے پناہ اپیل موجود ہے جو دنیا سے گیا پھر اس طرف منھ نہ کیا۔ تو پھر اس بے ثبات شے اور اس کی بےحقیقت دولت پر قربان ہونا مردانگی نہیں ۔ یہ سب ہنگامہ قبر تک ہے ع

پھر نہ میں ہوں نہ تو نہ یہ گلشن

صوفی حساس بھی ہوتا ہے اور حکیم بھی ۔ سالک کے راستے کی یہ سب سے بڑی اور اولین مشکل ہے۔ دنیا سے ہاتھ اٹھانا، دولت کو حقیر جاننا اور مال کو سخی بن کر خرچ کرنا اسی کا کام ہے، جو مآل کار کو سمجھ چکا ہے ورنہ ان میں وہ جاذبیت، کشش اور قوت ہے کہ ان کے دام سے بچ نکلنا ناممکن ہے ـــ

مآل کار سجھایا قبور نے ہم کو
یہ نقد مال لگا ہاتھ اس دفینے سے

جو زکوٰۃ کو اپنے اوپر فرض کر لیتا ہے۔ اس کے دل سے

دنیا اور دولت کی محبت اٹھ جاتی ہے۔ یہاں تک کہ وہ ہنگامی حالات میں فرض سے بھی آگے بڑھ کر اپنا سارا سرمایہ قربان کرنے سے دریغ نہیں کرتا۔ ایک ایسے ہی موقع کا ذکر ہے کہ حضرت صدیق اکبرؓ نے جو کچھ کہ ان کے پاس تھا سب راہ حق میں دے دیا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم نے پوچھا ''ما خلفت لعیالک؟'' (تو نے اپنے اہل و عیال کے لئے پیچھے کیا چھوڑا) تو انہوں نے عرض کیا ''اللہ و رسولہ''۔ (اللہ اور اس کا رسولؐ) ؎

عاشق بیدل ترا یاں تک تو جی سے سیر تھا
زندگی کا اس کو جو دم تھا دم شمشیر تھا

حج کا شمار بھی عبادت میں ہوتا ہے، لیکن یہ ہر ایک پر فرض نہیں اس کا حکم صرف صاحب استطاعت کو ہے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے ''و للہ علی الناس حج البیت من استطاع الیہ سبیلا'' (بندوں پر اللہ کی طرف سے بیت اللہ کا حج فرض ہے جس کو اس تک پہنچنے کی استطاعت ہو)۔

حج کی بہت سی رسوم ہیں۔ اور ان کو مختلف جگہوں پر ادا کرنا ہوتا ہے۔ ہر مقام اور ہر رسم میں خدا کا ایک بھید ہے۔ اہل باطن ان کی حقیقت سے واقف ہیں۔ حج کو جانا ایک صوفی کے لئے دنیا سے خدا کی طرف جانا ہے۔ جہاں خدا ہے وہاں نمائش نہیں۔ مور و سلیماں ایک ہی رنگ میں نظر آتے ہیں ؎

اتنا نہ ہوا میں اڑ سلیماں
کچھ تخت سے کم نہیں پر مور

سب احرام باندھ کر ایک جیسے ہو جاتے ہیں۔

حج کے بھی دو پہلو ہیں ایک خارجی اور دوسرا داخلی۔ صوفی کے نزدیک حضرت ابراہیمؑ کے دو مقام ہیں ۔ ایک جسم کا اور دوسرا دل کا۔ آپ کے جسم کا مقام مکہ ہے اور آپ کے دل کا مقام ''خُلّت'' یعنی خالص محبت الٰہی ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ اس کے نزدیک حج دو نوع کے ہیں جب تک دل کا حج نہ کیا جائے جسم کا حج رسم کہن کے سوا کچھ نہیں ــــہ

کعبہ کو بھی نہ جائیے دیر کو بھی نہ کیجیے منہ
دل میں کسو کے درد یاں ہووے تو راہ کیجئے

محمد بن فضیلؒ فرماتے ہیں کہ ''مجھے اس بات کا تعجب آتا ہے کہ لوگ دنیا میں کعبۃاللہ کی زیارت تو کرتے ہیں لیکن مشاہدہ حق کی طرف توجہ نہیں دیتے۔ اگر اس پتھر (سنگ اسود) کی زیارت فرض ہے کہ جس پر سال میں ایک دفعہ اللہ تعالیٰ کی نظر ہوتی ہے تو وہ دل جس پر رات دن میں وہ تین سو ساٹھ بار (۳٦۰) نظر رحمت کرتا ہے اس کعبہ سے کہیں بڑھ کر زیارت کے لائق ہے ــــہ

نظر جب دل پہ کی دیکھا تو مسجود خلائق ہے
کوئی کعبہ سمجھتا ہے کوئی سمجھے ہے بت خانہ

اہل دل کے لئے مکہ کے راستہ میں ہر قدم پر ایک نشان قدرت ہے۔ اور جب حرم میں پہنچتے ہیں تو ہر ایک سے خلعت پاتے ہیں ان کے نزدیک حج کا قصد دل کا اپنی مرغوبات سے اعراض کرنا دنیاوی لذتیں اور راحتیں ترک کرنا، اور اغیار کے ذکر سے منہ پھیرنا ہے۔ عالم کون و فساد اور اس کے متعلقات کی طرف التفات کرنا درست نہیں ــــہ

کبود چرخ دیکھا تو سواری کے نہیں قابل
مہ نو سے ہے پیدا عیب اس کی بد رکابی کا

''عرفات اسکے لئے معرفت کا مقام ہے۔ اور مزولفہ الفت کا۔ حرم کا طواف تنزیہ حق تعالیٰ کا طواف ہے اور منیٰ میں کنکریوں کا پھینکنا خواہش نفسانی اور فاسد خیالات کا دل سے نکل دینا ہے۔ اور قربانی کے لئے نفس سے مجاہدہ لازمی ہے ذوالنون مصریؒ فرماتے ہیں کہ میں نے ایک جوان دیکھا جو منیٰ میں آرام سے بیٹھا تھا۔ حالانکہ سب لوگ قربانیوں میں مشغول تھے۔ میں اس کی طرف دیکھ رہا تھا کہ وہ کیا کرتا ہے اور کون ہے۔ اسی اثنا میں وہ کہنے لگا ''بار خدایا ! سب لوگ قربانیوں میں مشغول ہیں میں بھی چاہتا ہوں کہ اپنے نفس کو تیری بارگاہ میں قربان کروں۔ مجھے تو قبول فرما''۔ یہ بات کہی انگشت شہادت سے اپنے گلے کی طرف اشارہ کیا اور نیچے گر پڑا جب میں نے غور سے دیکھا تو روح اس کے جسم سے پرواز کر گئی تھی'' ؎

جان سے ہوگئے بدن خالی
جس طرف تو نے آنکھ بھر دیکھا

پس صوفی کے نزدیک حج طواف کعبہ کی رسم ہی نہیں بلکہ مشاہدہ حق کے لئے مجاہدہ ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں ''من کان فی ھذہ اعمیٰ فھو فی الاٰخرۃ اعمیٰ و اضل سبیلا'' (جو شخص دنیا میں اندھا ہے وہ عاقبت میں بھی اندھا ہی رہے گا۔ بلکہ از روے راہ اور زیادہ گمراہ ہوگا)۔

مشاہدہ سے مراد یہ ہے کہ انسان بلا کیف خداوند تعالیٰ کو اپنے دل کے آئینہ سے خلوت و جلوت میں دیکھے ؎

ہے جلوہ گہ تیرا کیا غیب کیا شہادت
یاں بھی شہود تیرا واں بھی حضور تیرا

مشاهدہ کی حقیقت دو طرح پر ہے ایک تو صحیح یقین سے اور دوسرے محبت کے غلبہ سے۔ محمد بن واسع فرماتے ہیں کہ ''میں نے کسی چیز کو نہیں دیکھا مگر اس میں صحیح یقین سے صرف اللہ کو دیکھا''۔ یہ وہ مقام ہے کہ جہاں سالک پر اس آیت قرآنی کا مفہوم منکشف ہو جاتا ہے

''فاینما تولوا فثم وجہ اللہ''

(پس جس طرف تم رخ کرو اسی طرف اللہ تعالی کا چہرہ ہے) ؎

جوں نور نظر ترا تصور
تھا پیش نظر جدھر گئے ہم

ہم جانتے نہیں ہیں اے درد کیا ہے کعبہ
جیدھر ملے وہ ابرو اودھر نماز کرنا

اس کا جلوہ ہر طرف بکھرا ہوا ہے۔ شفق کی سرخی میں، چاندکی کرنوں میں، سورج کی ضیا میں، ستاروں کی روشنی میں وہ کہاں نہیں۔ وہ کوئل کی آواز بن کر پکارتا ہے۔ نرگس کی آنکھ سے تماشا کرتا ہے، پھول کی مسکراہٹ ہو کر دل لبھاتا ہے، پتھر میں شرر بن کر پوشیدہ ہے، اس کی نشانیاں ہر جگہ موجود ہیں۔ دن کے طلوع اور شب کی آمد میں، ہواؤں کے چلنے اور بادلوں کے تیرنے میں، بارشیں برسنے اور کھیتیاں اگنے میں، حیات کے دامن اور موت کے چنگل میں غرض کے کسی نہ کسی روپ میں ہر جگہ اس کا نور و ظہور ہے ؎

اے درد منسبط ہے ہر سو کمال اس کا
نقصان گر تو دیکھے تو ہے قصور تیرا

درد کو ہر وجود میں ایک ہی ذات نظر آتی ہے وہ ہیگل کی طرح اس نظریے کو انتہا پر لے جاتے ہیں ۔ پتی پتی اور رتی رتی میں، گلشن گلشن اور صحرا صحرا میں ہر جگہ ایک ہی ذات کا شہود ہے ؎

ہے جلوہ‌گاہ تیرا کیا غیب کیا شہادت
یاں بھی شہود تیرا واں بھی حضور تیرا

جگ میں آ کر ادھر ادھر دیکھا
تو ہی آیا نظر جدھر دیکھا

وہ شہ رگ سے بھی زیادہ نزدیک ہے ۔ لیکن دیکھنے کے لئے آنکھ چاہیے جام جہاں نما سے مشابہ آنکھ ؎

تجھ کو نہیں ہے دیدہ بینا وگرنہ یاں
یوسف چھپا ہے آن کے ہر پیرہن کے بیچ

وہ عالم‌الغیوب بھی ہے اور دانائے جزو و کل بھی ۔ وہ خانہ یقین کی آبادی ہے تو وادی گمان کی ویرانی ۔ کفار کے لئے اگر اس کی قہاری و جبّاری رحمت ہے تو مؤمنین کے لئے غفاری و رحیمی۔ وہ ہر رنگ میں بستا ہے ۔ ؎

اے زیور دست غیب ہر جا
انگشت نما ہے جوں نگیں تو
دشمن ہے کہاں کدھر کو ہے دوست
ہے گرمی بزم مہر و کین تو
ویرانی وادی گماں تو
آبادی خانہ یقین تو
ہیہات جہاں یہ کور چشماں
ڈھونڈیں ہیں تجھے تو ہے وہیں تو

کرتا ہے یہ کون دیدہ بازی
گر روشنی نظر نہیں تو
تو ہی تو ہے دل کی بے حجابی
ہے پردہ چشم سرمگیں تو
معشوق ہے تو ہی تو ہی عاشق
عذرا ہے کدھر کہاں ہے وامق

درد کے ہاتھ میں اسی بے نیاز کا دامن تھا ؎

جسکی جناب کے یہ سبھی ناز ہیں نیاز
دامن ہے ہاتھ میں مرے اس بے نیاز کا

جب سب کچھ وہی ہے تو اسی پر بھروسہ کرنا فرض ہے۔ اس کے سوا کسی سے ڈرنا، کسی سے مدد طلب کرنا، اور کسی کو مالک سمجھنا بندہ برحق کی شان کے شایاں نہیں ؎

ہے خوف اگر جی میں تو ہے تیرے غضب کا
اور دل میں بھروسہ ہے تو ہے تیرے کرم کا

رات کی تنہائی میں، دن کی رونق میں، آبادیوں کی گہما گہمی میں اور ویرانوں کی خاموشی میں وہ کہاں نہیں۔ گبر ہو یا ترسا، کافر ہو یا مسلمان، مرتد ہو یا دھریہ۔ کوئی مانے نہ مانے وہ ہر ایک کے دل میں بستا ہے ؎

کونسا دل ہے وہ کہ جس میں آہ
خانہ آباد تو نے گھر نہ کیا

خدا کی توحید کا یہ نظریہ جو حکماء کی اصطلاح میں وجودی توحید کا نظریہ کہلاتا ہے، صوفیاء کے نزدیک خالص توحید ہے۔

علمائے ظواہر، چونکہ اس نظریے کی مخالفت کرتے ہیں اور خدا کو عرش و کرسی پر متمکن اور ہر چیز اور ہر شئے سے منزہ قرار دیتے ہیں ۔ اسلئے ان دو گروہوں میں ہمیشہ اختلاف رہتا ہے ۔ صوفی یہ سمجھتا ہے کہ توحید کے اس نظریے کے بغیر ایمان صحیح نہیں اور عالم ظاہر صوفی کے عقیدے کو کفر کے مترادف قرار دیتا ہے ۔ یہ نزاع فارسی اور اُردو شاعری کا اہم موضوع رہی ہے ۔ زاہدوں، عابدوں اور شیوخ کے مکر و ریا، اور فریب زہد کا تذکرہ صوفی شاعروں نے اسی لئے بار بار کیا ہے ۔ خواجہ میر درد کے کلام میں بھی اس موضوع پر بہت سے شعر موجود ہیں ۔ لیکن یہاں ان کا مقصد محض علمائے ظواہر اور زہاد کی پگڑی اچھالنا یا ان کی تحقیر کرنا نہیں بلکہ اپنے نظریہ توحید کی صحت اور ان کے عقیدہ خدا کی کمزوری کا احساس دلانا ہے ؎

ہماری اتنی ہی تقصیر ہے کہ اے زاہد
جو کچھ ہے دل میں ترے ہم وہ فاش کرتے ہیں

خواجہ میر درد مغرور عابد اور ریاکار زاہد کو راہ راست پر لانا چاہتے ہیں وہ انہیں چھیڑنے میں مزا نہیں لیتے بلکہ ہدایت و رشد کا راستہ دکھاتے ہیں ۔ اور اس سلسلے میں ان کے کردار اور شخصیت کے دو بنیادی عیوب یعنی ریا اور غرور کا بار بار تذکرہ کر کے ان پر طنز کرتے ہیں ۔ یہ طنز محض زہر میں بجھا ہوا نشتر نہیں کہ جس سے جسم گل سڑ جائے بلکہ اپنے ساتھ مرہم اور دوا بھی رکھتا ہے تا کہ رگ بریدہ سے گندہ خون نکل جانے کے بعد صالح لہو کو بند بھی کیا جا سکے ؎

نہ رہ جائے کہیں تو زاہدا محروم رحمت سے
گنہگاروں میں سمجھا ہے گر اپنی بے گناہی کو

زاہد کیا کرے ہے وضو گو کہ روز و شب
چاہے کہ دل سے دھوئے کدورت نہ دھو سکا

زاہد کو ہم نے دیکھ لیا جوں نگیں بہ عکس
روشن ہوا ہے نام تو اس رو سیاہ کا

''ریاکار'' زاہد کے برخلاف، ایک عارف، اپنی نیکی، خوش عملی اور عبادت پر فخر نہیں کرتا بلکہ دوسروں کے مقابلے میں اپنی ہیچ میرزی اور منکسرالمزاجی کا اظہار کرتا ہے ۔ یہاں تک کہ بعض اوقات جان بوجھکر اپنے لئے رسوائی اور ملامت مول لیتا ہے ۔ تا کہ لوگ اس سے متنفر ہوں اور اس طرح وہ عُجب و غرور میں پڑنے سے بچ جائے اور اس کے نفس کو سر کشی اور تکبر کا موقع نہ مل سکے ۔ صوفیاء میں اس قسم کا ایک مستقل طبقہ پیدا ہو گیا تھا جسے فرقہ ملامتیہ کہتے ہیں ۔ اس فرقہ کے امام شیخ ابو حمدون قصار تھے ؎

نام سنتا نہیں زاہد تیری حرمت کا کوئی
شور ایسا ہے جہاں میں میری رسوائی کا

لیکن حقیقت میں وہ رسوا نہیں ہوتا ۔ اس کا باطن صاف ستھرا، اُجلا نکھرا، اور پاک و صاف ہوتا ہے ؎

تر دامنی پہ شیخ ہماری نہ جائیو
دامن نچوڑ دیں تو فرشتے وضو کریں

بظاہر اس کے جامہ احرام پر دھبے ہی کیوں نہ ہوں ۔ لیکن اس کا سینہ اور دل کوثر و تسنیم کے پانی سے دھلے ہوئے ہوتے ہیں ۔ وہ

اپنے آپ کو شرابی بھی کہتا ہے اور کبابی بھی، صبح کو اس کا صراحی سے واسطہ ہے تو شام کو ساغر سے ــــہ

شب و روز اس طرح گذرے ہے اپنی تو نہ کچھ پوچھو
صراحی صبح کو گر ہاتھ ہے تو شام ہے شیشا

لیکن اس کی شراب و کباب کی نوعیت مختلف ہے ــــہ

خون خالص خود خور کہ شرابے بہ ازیں نیست
دنداں بہ جگر نہ کہ کبابے بہ ازیں نیست

(اقبال)

وہ نشہ محبت کو شراب کے نشہ سے مشابہت دے کر، دل و جگر کے خون کو مئے رنگیں کہہ کر، محبوب حقیقی کو ساقی بنا کر، اور اس کی جلوہ گاہ کو میخانے کا نام دے کر اپنے کلام میں لذت اور چاشنی پیدا کرتا ہے ۔ وہ نہ صرف اپنے مشرب کو زاہد کے خشک ماحول پر ترجیح دیتا ہے بلکہ اسے بھی رندان بادہ پیما کے حلقہ میں شریک ہونے کی دعوت دیتا ہے ــــہ

ہے اپنی یہ صلاح کہ سب زاہدان شہر
اے درد آکے بیعت دست سبو کریں

زاہد اگر نہیں کی تو لے کسو سے بیعت
پیر مغاں کے یاں کر دست سبو سے بیعت

غیر ملال زاہدا کیا ہے طریق زہد میں
دل ہو شگفتہ جس جگہ کوچہ سے فروش ہے

شراب اور اس کے لوازمات کا ذکر بعض جگہ تو اتنے واضح اور عریاں

الفاظ میں ہوتا ہے کہ اگر ہم شاعر کی زندگی کے ذاتی حالات سے واقف نہ ہوں تو شاید سچ مچ ہی اسے شرابی سمجھنے لگیں ــــ ؎

اگرچہ دختر رز کے ہے محتسب درپے
جو ہو سو ہو پہ اسے اب تو یار رکھتے ہیں

لیکن یہ ''دختر رز،، ایسی ہے کہ جس کے حسن کو زوال اور شباب کو بڑھاپا نہیں ۔ جو سدا جوان ہے ۔ جس کی آنکھیں وہ نشہ پلاتی ہیں جو چڑھ کر نہ اتر سکے ــــ ؎

دے وہ شراب ساقی کہ تا روز رست خیز
جس کے نشے کا کام نہ پہنچے خمار تک

یہ خاصیت صرف شراب معرفت ہی میں پائی جاتی ہے ۔ خشک زہد میں یہ کیفیت کہاں ۔ اسی لئے درد کہتے ہیں ــــ ؎

کی بہت طریق زہد میں عمر تباہ
اب کیجئیے دل کو معرفت آگاہ

'معرفت آگہی، کے بعد اسی عبادت میں کیف اور سرور پیدا ہو جاتا ہے ۔ دونوں کی نوعیت کے علاوہ، مقصد میں بھی فرق ہے ۔ عارف کی عبادت خدا کی خوشنودی کے لئے ہے اور زاہد کی حور و غلمان کی خاطر ــــ ؎

نے یاں ہوائے آب ہے نے حرص نان کی
نے دہشت سقر نہ ہوس ہے جنان کی
زاہد یہ باتیں سب ہیں تیرے امتحان کی
فارغ ہو بیٹھ فکر سے دونوں جہان کی
خطرہ جو ہے سو آئینۂ دل پہ زنگ ہے

عارف کی عبادت میں ایک عجیب والہانہ انداز ہوتا ہے۔ وہی والہانہ انداز کہ جس سے مومن کی نماز کو معراج کہا جاتا ہے ۔ زاہد خشک کو یہ بات نصیب نہیں ؎

ہم جانتے نہیں ہیں اے درد کیا ہے کعبہ
جیدھر ملے وہ ابرو اودھر نماز کرنا

یہ وہ مقام ہے جسے صوفیا کی اصطلاح میں معرفت کی وادی کہا جاتا ہے ۔ یہاں خداوند تعالی اپنے لطیف انوار کے ساتھ باطنوں پر جلوہ گر ہوتا ہے اور چشم بصیرت ہر جگہ اسی نور کا ظہور دیکھتی ہے ۔ یہ بڑی عجیب و غریب وادی ہے ۔ اس میں بے شمار راستے ہیں ایک سے دوسرا مختلف۔۔۔۔راہرو یہاں مختلف پگڈنڈیوں پر ہو لیتے ہیں ۔ اور اپنی اپنی استطاعت، ہمت اور کمال کے بموجب اس وادی کی سیر کرتے ہیں یہاں آفتاب معرفت نو نصف النہار پر چمکتا ہے لیکن ہر مقام اپنے محل وقوع کے اعتبار سے روشن ہے اس کی ہر شعاع صد ہزار اسرار لئے ہوئے ہے ۔ ان سب کو نگاہوں میں سمیٹنے کے لئے کسی جامع شخصیت، کامل ذات، اور شگرف جان کی ضرورت ہے وہ جو اپنے آپ سے گزر سکے ؎

پوچھ مت قافلہ عشق کدھر جاتا ہے
راہرو آپ سے اس راہ میں گذر جاتا ہے

ابوبکر شبلیؒ فرماتے ہیں کہ ''جس نے اللہ تعالی کو پہچان لیا وہ دنیا سے الگ ہو گیا بلکہ دنیا کے متعلق کچھ بیان کرنے سے گونگا اور اپنے اوصاف سے خالی ہو گیا،،

یہ استغنا کی منزل ہے ۔ راہ طریقت کی یہ چوتھی وادی ہے راہرو یہاں ہر چیز کی نفی کر دیتا ہے ۔ جیلانی، فتوح الغیب میں

فرماتے ھیں کہ ''ان حالات میں اس کی نظر میں تمام اسباب بے حقیقت ھو جاتے ھیں اور اسے انقطاع الی اللہ حاصل ھو جاتا ھے''۔

رباعی :-

آزادی معرفت میں اے درد کبھی
عقدہ نہ کیا قبول جی پر کوئی
کیوں اتنی اٹک رھی ھے اب قید حیات
یہ بھی جو گرہ سی ھے سو کھل جائے کبھی

اس مرحلہ پر بندہ تمام تعلقات سے آزاد روح مجرد رہ جاتا ھے اسے یقین شہودی حاصل ھو جاتا ھے کہ تمام موجودات میں فاعل حقیقی صرف خدائے تعالیٰ ھے ۔ اور ھر راحت و سکون، ھر خیر و شر ھر سود و زیاں، ھر عطا و بخل، ھر کشائش و بستگی، ھر موت و حیات، ھر عزت و ذلت، ھر کمال و زوال، ھر سود و زیاں، اور ھر توانگری و افلاس کی حقیقت اس کے سوا کچھ نہیں کہ وہ قادر مطلق ھی کی قدرت کا ایک ظہور ھے ؎

مت اٹکیو تو اس میں کہ مشہود کون ھے
ھر مرتبہ میں دیکھیئو موجود کون ھے
دونوں جگہ میں معنئی مولا ھے جلوہ گر
غافل ایاز کون ھے محمود کون ھے
تجھ پر کھلا ھے راز الیہ المصیر کا
ھر فعل میں تو سمجھیو مقصود کون ھے

وہ شاھنشہ ملک کفر و دیں بھی ھے اور تخت نشین دل نشیں بھی ویرانۂ وادی گماں بھی اسی سے ھے اور آبادی خانہ یقین بھی ۔ وہ ھر

جگہ مانند نگیں انگشت نما ہے اور روشنی نظر بن کر دیدہ بازی کرتا ہے ــــہ

اے زیور دست غیب ہر جا
انگشت نما ہے جوں نگیں تو
دشمن ہے کہاں کدھر کو ہے دوست
ہے گرمی بزم مہر و کیں تو
ہیہات جہاں یہ کور چشماں
ڈھونڈیں ہیں تجھے تو ہے وہیں تو
کرتا ہے یہ کون دیدہ بازی
گر روشنی نظر نہیں تو
معشوق ہے تو ہی، تو ہی عاشق
عذرا ہے کدھر کہاں ہے وامق

کثرت میں وحدت جلوہ گر ہے ۔ گلستان کائنات کی بوقلمونیوں، باغ جہاں کی رنگا رنگیوں، چمن فطرت کی بہاروں، اور ہر ظاہر و پوشیدہ عالم کی وسعتوں میں ایک ''اکائی،، ہی سرایت کئے ہوئے ہے ۔

رباعی :-

وحدت کہ ہمہ نور صفا می بارد
ناچار بخود ظہور کثرت آرد
موقوف تجلّیش بیک صورت نیست
روئے آئینہِ درد روھا دارد

(درد)

کثرت سے وحدت میں خلل نہیں آ سکتا اس کی مثال یوں سمجھیے کہ جیسے جسم و جان تو دو ہیں لیکن آدمی ایک ہےــــہ

ہووے کب وحدت سے کثرت میں خلل
جسم و جاں گو دو ہیں پر ہم ایک ہیں

جس طرح گل کے اوراق برہم اور عالم کے افراد متفرق، جمع میں ایک ہیں ۔ اسی طرح کثرت میں وحدت پوشیدہ ہے ؎

جمع میں افراد عالم ایک ہیں
گل کے سب اوراق برہم ایک ہیں

مسافر کو یہاں توحید باری کا عملی تیقن حاصل ہو جاتا ہے ۔ یہ وہ مقام ہے کہ جہاں کلمہ طیبہ ''لا الہ الا اللہ محمد الرسول اللہ،، اقرار باللسان کی حد میں نہیں رہتا بلکہ اس کی تصدیق با القلب ہوتی ہے ۔ اسے وادی توحید کہتے ہیں جو راہ طریقت کی پانچویں بڑی منزل ہے ؎

رباعی :-

اے درد سبھوں سے برملا کہتا ہوں
توحید نہ میں چھپا چھپا کہتا ہوں
ملّا کو بھی اس میں نہیں جائے انکار
بندہ بندہ ، خدا خدا کہتا ہوں

توحید، ماسوی اللہ کی نفی کر کے خدا کے ''اثبات،، کا نام ہے ۔ خدا کا واحد ہونا اور اس کی وحدت کو صحیح طور پر جاننا حقیقی معنوں میں توحید ہے ۔ اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتے ہیں کہ ''تمہارا معبود بر حق معبود واحد ہے ،، نیز ارشاد کیا ہے کہ ''تم دو معبود اختیار نہ کرو وہ معبود بر حق تو اکیلا معبود ہے ،،

اس وادی میں ہمہ گیر ''یک رنگی،، پائی جاتی ہے ۔ کہیں فصل و وصل نہیں ۔ ہر ذرہ ایک دوسرے میں پیوست ہے ۔ تفریق

کی ہلکی سی پرچھائیں بھی نظر نہیں آتی۔ ''امتیاز'' کی معمولی سی جھلک بھی دکھائی نہیں دیتی۔ یہاں ''دوئی'' روا ہی نہیں رکھی گئی۔ جس ہستی کا یہ پرتو ہے۔ اس کی ذات و صفات میں کوئی قسیم اور افعال میں کوئی شریک نہیں۔ وہ بے چون و بے مثل ہے۔ یکہ و تنہا ہے۔ ''اس کی وحدانیت عددی نہیں۔ کہ دوسرے عدد کے ثابت کرنے سے دو ہو جائیں۔ وہ محدود نہیں کہ اس کی چھ طرفیں ہوں۔ اس کا مکان نہیں اور نہ وہ مکان کے اندر ہے تا کہ مکان کے ثابت کرنے کی حاجت ہو۔ وہ عرض بھی نہیں کہ جوہر کا محتاج ہو۔ اور وہ جوہر بھی نہیں کہ اس کا وجود اپنے جیسے کے سوا صحیح نہ ہو۔ وہ طبعی بھی نہیں کہ حرکت و سکون کا مبدأ ہو۔ وہ روح بھی نہیں کہ فنا کا محتاج ہو۔ اور جسم بھی نہیں کہ اجزائے مرکب ہو۔ وہ چیزوں کی جنس میں سے نہیں۔ کسی شے سے اس کا پیوند نہیں۔ وہ تمام نقائص سے بری، جملہ خرابیوں سے پاک اور سب عیوب سے بر تر ہے۔ اس کا کوئی مانند نہیں کہ وہ اپنے مانند کے ساتھ مل کر ''دو'' ہو سکے۔ اور نہ اس کی کوئی اولاد ہے کہ جو اس کے اصل کا اقتضا کرے۔ اس کی ذات و صفات پر تغیر روا نہیں۔ وہ ہمیشہ اپنی صفات کے ساتھ قدیم ہے''۔ نہ وہ گرفت میں آ سکتا ہے اور نہ اس کا کوئی مقام معین کیا جا سکتا ہے لیکن اس کے ہونے کا احساس ہر وقت ہے ؎

مرا تو جی وہاں رہتا ہے نت جہاں تو ہے
اگرچہ میں یہ نہیں جانتا کہاں تو ہے

راہرو اس کی وحدانیت اور غیر متعین موجودگی کا یقین حاصل کر کے ہمہ تن اس کی طرف متوجہ ہو جاتا ہے ؎

جھکتا نہیں ہمارا دل تو کسی طرف یاں
جی میں سما رہا ہے از بس غرور تیرا

جلوہ کی کثرت اسے حیران کر دیتی ہے ۔ موسلی ایک تجلی صفات سے غش میں آ گئے تھے عین ذات کے روبرو ہونا تو ہوش و خرد کا کھونا ہے ۔ وہ آئینہ وار حیران ہو جاتا ہے ؎

حیران آئینہ وار ہیں ہم
کس سے یارب دوچار ہیں ہم

یہ حیرت کی منزل ہے ۔ جسے فریدالدین عطار نے وادی حیرت کا نام دیا ہے۔ یہاں حسن پوری رعنائی و زیبائی سے جلوہ گر ہے اس کی ہر جھلک میں ہزار شیوہ و کرشمہ اور ہر ادا میں صد ہزار ناز و فریب مخفی ہیں ۔ وہ راہزن تمکین و ہوش ہے اور شبخون زنندہ عقل و خرد ۔ جلووں کے ازدحام سے راہرو حیران و ششدر رہ جاتا ہے ۔ تحیّر و مستی کے عالم میں اسے کچھ سوجھائی نہیں دیتا ۔ وہ ہمیشہ کی حیرانی خرید لیتا ہے اسے دنیا و مافیہا کی خبر نہیں رہتی ۔ اپنے آپ کا ہوش نہیں ہوتا ۔ یہاں تک کہ اس پر سودا اور جنوں کی کیفیت طاری ہو جاتی ہے ۔ لوگ دیوانہ سمجھتے ہیں ۔ لیکن حقیقت میں اس کی ''دیوانگی'' دماغی یا اعصابی بیماری کا نتیجہ نہیں ہوتی بلکہ وہ ''جمال یار'' کے بے پناہ اور عریاں جلووں سے مدہوش ہوتا ہے ۔ اسے ''دیوانہ'' سے زیادہ ''حیران'' کہنا درست ہوگا ۔ اسی لئے تصوف کی اصطلاح میں مجذوب کہلاتا ہے ۔ ''باؤلا پن'' کا تو اس میں شائبہ تک نہیں ہوتا البتہ اس پر جذب کی کیفیت طاری رہتی ہے ۔

چونکہ یہ راہ طریقت کی آخری منزل نہیں اسلئے مسافر اوسان

خطا ہونے پر بھی حواس مجتمع کرتا ہے ۔ اور مرد کامل یعنی مرشد کی بالغ نظری، راہبری، اور دست گیری سے اور آگے بڑھتا ہے ۔ اور اس مقام کو جا لیتا ہے کہ جہاں عین وصال میں بھی ضبط کا دامن نہیں چھوٹتا ــــہ

گرچہ وہ خورشید رو نت ہے میرے سامنے
تو بھی میسر نہیں بھر کے نظر دیکھنا

تحیر کا مرحلہ راہ طریقت کا آخری زینہ تو ہو سکتا ہے لیکن آخری مقام نہیں ۔ یہ ''دیدار،، کی منزل نہیں بلکہ ''باب دیدار،، ہے ــــہ

رباعی :-

خواہی کہ شوی دوچار با جلوہ یار
دل صاف کن و مدّ نظر ہیچ مدار
رَو پیشہ خود ساز تحیر اے درد
چوں آئینہ حیرت است باب دیدار

(درد)

مجذوب ''آستان دیدار،، سے آشنا ہے ۔ ''درون خانہ،، سے کلی واقفیت نہیں رکھتا ۔ ''ہنگامہ ہائے پس پردہ،، جاننے کے لئے آگے قدم بڑھانے کی ضرورت ہے ــــہ

آئینہ دل کو رو برو کر
حیرت میں وصال آرزو کر

''حیرت،، اور ''وصال،، کا درمیانی فاصلہ طویل بھی ہے اور مشکل ترین بھی ۔ بعض راہرو مقام حیرت سے نہیں نکل سکتے ۔ وہ ہمیشہ مجذوب رہتے ہیں لیکن اکثر سفر کو جاری رکھتے ہیں ۔ اور ایک ایسے

میدان میں پہنچ جاتے ہیں جو بے پایاں اور بے کنار بھی ہے اور خطرناك و دشوار گزار بھی ۔ راہرو جب تک اس میدان کی آخری حدود سے آشنا نہیں ہوتا فقر کے صحیح مقام کو نہیں پا سکتا اس کی سرحد پر ایک 'سدا بہار' وادی ہے ۔ راہرو کی یہ آخری منزل ہے جہاں ''دیدار ذات'' عام ہے ع

دیدار نصیب ہر نظر ہے

اس منزل کو حاصل کرنے سے پہلے اس وسیع میدان کو عبور کرنا ضروری ہے ۔ جس کی ایک سرحد پر وادی حیرت ہے اور دوسری پر منزل دیدار. . . . اس میدان کو صوفی وادی فقر و فنا کہتے ہیں یہاں حیرت و استعجاب کا عالم ختم ہو جاتا ہے ۔ راہرو اب مجذوب نہیں سالک ہے ۔ وہ ''خود رفتگی'' سے ''بخود'' آ چکا ہے ؎

درد کی طرح وہ ہو جاتے ہیں کچھ اور کے اور
تیرے خود رفتگاں از بس کہ بخود آتے ہیں

اللہ تعالی نے قرآن کریم میں فرمایا ہے کہ ''جو کچھ تمہارے پاس ہے وہ ختم ہو جائے گا اور جو اللہ کے ہاں ہے وہی ہمیشہ رہنے والا ہے'' ۔ ایک دوسری جگہ ارشاد کیا ہے کہ ''جو کچھ زمین پر ہے وہ فانی ہے اور صرف تیرے پروردگار کی ذات باقی رہ جائے گی جو بڑی شان اور بزرگی والا ہے''

صوفی کی ساری جد و جہد اسی ''ھوالموجود'' کو اپنے میں جذب کرنے یا خود اس میں جذب ہونے کے لئے ہوتی ہے ۔ اس لئے کہ قطرہ دریا میں مل جانے یا اسے اپنے میں ملا لینے سے خود دریا ہو جاتا ہے ۔ یہ زندگی کی بقا کا بھید ہے ۔ جو اس سے ناآشنا ہیں

وہ زندگی کی حقیقت سے بے خبر ہیں ۔ سراب کو سمندر سمجھنا کہاں کی دانشمندی ہے ۔ صاحب بصیرت وہ ہے جو سراب کی حقیقت کو سمجھ کر اصل سمندر کو پا چکا ہے صوفیا اس عمل کو فنا فی البقا کے نام سے تعبیر کرتے ہیں ۔ کم علم اس فنا سے ترک وجود یا ترک دنیا مراد لے لیتے ہیں اور اس مفروضہ پر تصوف اور صوفی کو زندگی سے گریزاں، دنیا کا تارک اور نہ جانے کیا کیا کچھ کہہ دیتے ہیں ۔ حالانکہ حقیقت یہ ہے کہ زندگی کے حق و باطل کو جس طرح اس نے سمجھا ہے دوسروں نے نہیں ۔

اہل طریقت فنا کا لفظ لغوی معنوں میں استعمال نہیں کرتے۔ اس سے ان کی مراد اپنی ذات کو فنا اور ہستی کو نیست و نابود کرنا نہیں۔ جو ایسا کرتا ہے وہ شیخ مخدوم علی ہجویری کے بقول بے دین ہے اور نصاریٰ کا مذہب رکھتا ہے ۔ صوفیائے کرام کی تصانیف میں فنا کا لفظ بطور اصطلاح رائج ہے ۔ جس سے ان کی مراد اسما حسنی یا صفات خداوندی کو اپنے میں اس طرح سمو لینے سے ہے کہ جس سے ان کی اپنی تمام سفلی ادنیٰ اور نفسانی صفات مٹ جائیں اور ان کی جگہ صفات ذات مطلق کا ان میں ظہور ہو جائے ۔ اس عمل کو وہ ''فنافی البقا،، یا ''موتوا قبل انت موتوا،، کے الفاظ سے تعبیر کرتے ہیں ۔ جو انسان کی صفاتی قلب ہیئت کا نام ہے جسم کی فنا کا نہیں ۔ یہ عمل انسان کو حیوانی، سفلی، اور ناسوتی ماحول سے نکال کر انسانیت کے اعلی مقام پر فائز کر دیتا ہے ۔ بات یہ ہے کہ ''جب بندہ حق تعالی کی وحدانیت کا اقرار کر لیتا ہے تو اپنے آپ کو اس کے حکم سے مغلوب اور مقہور دیکھتا ہے ۔ اور مغلوب غالب کے غلبہ میں فانی ہوتا ہے ۔ وہ اپنی ذات سے تو قائم و دائم ہوتا ہے لیکن

ان تمام چیزوں کی نفی کر دیتا ہے جو 'دیدار ذات' کے راستہ میں رکاوٹ پیدا کرتی ہیں اس طرح وہ ایک جوہر لطیف اور روح مجرد باقی رہ جاتا ہے۔ اس کی مثال یوں ہو سکتی ہے کہ جو چیز آگ میں پڑ جائے وہ اس کے غلبہ سے اسی کی صفت پر ہو جاتی ہے پس جب آگ کا غلبہ ایک چیز کے وصف کو اس کے اندر تبدیل کر سکتا ہے تو حق تعالی کی محبت کا غلبہ صفت کی تبدیلی کے لئے آگ کے غلبہ سے بہت بہتر ہے۔ اس کے ساتھ یہ بات بھی ذہن میں رکھنی چاہیے کہ آگ کا تصرف صرف لوہے کے اوصاف تبدیل کرنے میں ہوتا ہے لیکن لوہے کی ذات جوں کی توں رہتی ہے۔ اسی طرح بندہ جب اپنے اوصاف سے فانی ہو جاتا ہے تو کامل بقا کو حاصل کرلیتا ہے۔ یہاں تک کہ نہ اس کو قرب و بعد رہتا ہے اور نہ وحشت و انس۔ نہ صحو و سکر کا ڈر ہوتا ہے اور نہ فراق و وصال کا۔ نہ نام و علم سے غرض ہوتی ہے اور نہ نشان و نقش سے۔ وہ مجاہدہ کی تکلیف سے چھوٹ کر مقامات کی پابندی اور احوال کے تغیر سے نکل جاتا ہے۔ یہ وہ مرحلہ ہے کہ جہاں راہرو حصول مقصد کی طلب میں مقصود پر پہنچ چکا ہے۔ دعویٰ سے بیزار ہوکر معنی سے الگ ہوگیا ہے۔ کرامتیں اس کے لئے حجاب ہوگئی ہیں۔ مشاہدات حاصل ہوگئے ہیں۔ وہ سب دیکھنے کی چیزیں دیکھ چکا ہے۔ سب سننے کی چیزیں سن چکا ہے۔ سب دل کے جاننے کے لائق امور جان چکا ہے اور باطن کے پانے کے لائق چیزیں پا چکا ہے وہ احوال آفت کا لباس پہن کر عین مراد میں مراد سے بے مراد ہوگیا ہے''۔

حضرت ابو سعید فراز فرماتے ہیں کہ ''فنا سے مراد بندہ کا اپنی بندگی کو دیکھنے سے فانی ہو جاتا ہے اور بقا سے مراد اس کا مشاہدہ

الٰہی سے باقی رہنا ہے،،۔ حضرت ابراہیم ابن شیبانیؒ کا قول ہے کہ ''فنا و بقا کے جاننے کا دار و مدار خالص وحدانیت اور صحیح عبودیت پر ہے اور جو کچھ اس کے سوا ہے وہ مغالطہ اور بے دینی ہے،،

''فنا بندہ کو جلال الٰہی کے دیکھنے اور دل پر اس کی عظمت ظاہر ہونے سے ہوتی ہے تاکہ غلبہ عظمت سے دنیا اور عقبیٰ اس کے دل سے فراموش ہو جائیں۔ اس کی نظر ہمت میں سب احوال حقیر معلوم ہوں۔ کرامات کا ظہور اس کے حال میں ہیچ محض ہو جائے۔ وہ عقل ، نفس اور فنا (یعنی موت) تینوں سے فانی ہو جائے اور عین اس فنا کے اندر اس کی زبان حق کے ساتھ ناطق ہو۔ اور اس کا دل اور جسم خضوع و خشوع کرنے والے ہوں،،۔ یہ ''موتوا قبل انت موتوا،، کا مقام ہے۔ فقرا مرنے سے پہلے مرجانا اسے ہی کہتے ہیں ؎

موت کیا آکے فقیروں سے تجھے لینا ہے
مرنے سے پہلے ہی یہ لوگ تو مرجاتے ہیں

درد کے کلام میں فنا کا جہاں بھی ذکر موجود ہے اسی صوفیانہ اصطلاح کے طور پر ہے۔ اپنی ذات یا زندگی کی فنا مراد نہیں ؎

نہ ہم غافل ہی رہتے ہیں نہ کچھ آگاہ ہوتے ہیں
انہیں طرحوں میں ہم ہر دم فنا فی اللہ ہوتے ہیں

کیا کہیں سوئے فنا کس طور پر جاتے ہیں ہم
شمع کی مانند سر کے بل ادھر جاتے ہیں ہم

ہم وحشیوں کے دل میں کچھ اور ہی امنگ ہے
وحشت بھری ہے اور ہی اور ہی ترنگ ہے
ان گم شدوں کے آگے تو عنقا بھی دنگ ہے
اہل فنا کو نام سے ہستی کے ننگ ہے
لوح مزار بھی میری چھاتی پہ سنگ ہے

فنافی‌اللہ ہوجانے کے بعد دل ہرقید سے آزاد ہو جاتا ہے ــــ

دل کو سب قیدوں سے اس وقت میں آزادی ہے
مرچکے اب نہ ہمیں غم ہے نہ کچھ شادی ہے

ایسے مرجانے میں بڑے مزے اور آسائشیں ہیں ــــ

جو مزے ہیں مرگ میں سو ہم سے پوچھا چاہیے
کون جانے آہ کیا لذت ہے مر جانے کے بیچ

''یہ مرگ،، زندگی کو زیر نہیں کرتی بلکہ اسے رواں دواں رکھتی ہے

ــہ کیا ہوا مرگئے آرام ہے دشوار ہنوز
جی میں تڑپے ہے پڑی حسرت دیدار ہنوز
ــہ ہے بعد مرگ بھی وہی آہ و فغاں ہنوز
لگتی نہیں ہے تا لو سے میری زباں ہنوز

اس رمز سے صرف وہی آشنا ہیں جو وادی فنا میں پہنچ کر بچشم خود مشاہدات کر چکے ہیں ــــ

آگاہ اس جہاں سے نہیں غیر بیخوداں
جاگا وہی ادھر سے جو مُوند آنکھ سو گیا

سالک راہ جب اس ''صوفیانہ فنا،، سے ''دوامی بقا،، حاصل کر لیتا ہے ۔ تو تمام حجابات ظاہری و باطنی اٹھ جاتے ہیں ۔ اب نہ

جلووں کی فراوانی آنکھوں کو خیرہ کرتی ہے اور نہ خدشہ فراق سے دل سہمتا ہے۔ وہ جی بھر کر نظارہ جمال کرتا ہے۔ یہاں تک کہ ایک ایسا مرحلہ آتا ہے کہ 'من و تو' کی تفریق باقی نہیں رہتی۔ یہ بھید بڑا نازک ہے۔ اسے عام کرنا سولی پر چڑھنا ہے۔ منصور نے 'انا الحق' اسی مقام پر کہا تھا۔ یہاں بڑے حوصلے اور ضبط کی ضرورت ہے۔ لبوں پر مہر سکوت ہو تو بچنا ممکن ہے۔ ورنہ اہل ظاہر کفر کا فتوی دیں گے سرمد کی طرح شہید کریں گے۔ شمس کی مانند بدن سے کھال کھینچیں گے۔ اور منصور کی طرح دار پر لٹکائیں گے۔ رباعی

اے درد اگرچہ مے میں ہے جوش و خروش
رہتے ہیں ولے اہل تامل خاموش
موجوں کو شراب کی وہ پی جاتے ہیں
گرداب کے مانند جو ہیں دریا نوش

The concept of the Finality of Prophethood is based on the fact, that man has finally evolved to perfect proportions, mentally and physically. His mind became capable of reception of the final commands of Almighty, after which no more commands would be received. The final word of the Lord is self-contained for all times having been issued at a time when man had become physically and mentally fully evolved. To say, that there would be future revelations and prophets, is to admit that man has not yet completely evolved ; and that the Holy Word which was revealed upon the last of the prophets (OWBP) is not complete in every respect to suit the spiritual and physical requirements of human society. The Holy Quran, indeed is the last Word and the Holy Prophet of Islam, Muhammad (OWBP) is the last in the line of prophets and is their Seal.

To say that the spirituality of Muhammad (OWBP) is, " imperfect if it is not creative of another prophet ", is to belie the culmination of mental and spiritual evolution which saw its end in the Holy Prophet of Islam (OWBP). It is ambiguous to think that a person can attain in his spiritual exercises a kind of experience which is characteristic of the prophetic conciousness. The mind of man can now proceed no further than where it was sealed in its final evolution, and that too can only be attained by walking in the footsteps of the Seal of the Prophets ; Muhammad (OWBP).

Says the Holy Quran ; " It is We who have revealed this Quran upon you ; and We are its protectors ".

انا نحن نزلنا الذكر و انا له لحافظون

In the case of the previous Scriptures God Almighty had not taken upon Himself to safeguard the Scriptures, but He had entrusted this responsibility to the learned amongst the people. It was not the intention of the Almighty to preserve them for all times, as they were not permanent instructions, and the mind was still evolving. Permanent instructions were to be revealed later in the Holy Quran when the human mind was to have completely assumed its mature form, and these instructions were to hold good for all time. The evolution of the human mind having reached its culmination was perfected. Man had now reached the stage of physical and mental perfection. Prophethood was thus sealed forever.

Some scholars are under the impression that the evolution of mind is still in its infancy, because of the inventions man is making every day which to them appears to point to a necessity of evolution ! It must be appreciated that inventions are not a measure of the mental development of man. Inventions are really the creation of forms which are continuations and elaborations of pre-existing ideas. They are an accummulative phenomenon which progresses through the ages on a single idea of man. Anything that the human mind is capable of concieving he is capable of creating. It is only a matter of time and duration which he takes to evolve. The only thing man cannot concieve is God Almighty Himself ; for, if he were able to do that, he would be limiting God in time and space, which is an impossibility. The only thing man can concieve about God Almighty is His Attributes, but not His Personality or Essence. Attribubtes are discernable from sensible objects which extend in time and space. But the Essence of God Almighty cannot be thus limited to time and space. It was because of this that man faltered while searching to locate His Personality. He discovered only His Attributes which he symbolised, but could not create the like of Him ; for, He is unlike anything from amongst His creation. He is unlike anything that can be concieved by the mind of man. It must also be understood that this duration which I have just mentioned above with regard to inventions is merely a continuation of the progress which the human mind makes. It gnaws into the future, and swells as it advances.

not make any such request to convince himself of the Omnipotence of the Almighty Lord. He had experienced all the Attributes. His status in the spiritual field was much higher than his predecessors. Instead of his asking for any such vision, he himself was ushered into the Divine presence. The mind had undergone its full evolution, and was now prepared for the reception of the Ultimate Grace. Says the Holy Quran ;

ثم دنا فتدلى ○ فكان قاب قوسين او ادنى○

" Then he approached, and came closer. And was at a distance of but two bow lengths, or even closer ". (LIII : 8 & 9). From now onwards revelations which had been indirect became direct, as there were more details to be given for the general guidance of mankind, regarding the finer aspects of life. Even the very pronunciation of the Holy Writ was clarified before the closing down of a revelation. Human mind had now reached the peak of its development. Listen to the Holy Quran, what it says ; " This day have I perfected your Religion, for you ; completed my favours upon you, and have chosen for you ISLAM as your DIN (Religion) ". (V : 4)

اليوم اكملت لكم دينكم و اتممت عليكم نعمتى و رضيت لكم الاسلام دينا ط

This perfection was a mental perfection of Mankind. It was not the perfection of any one instinct of the human mind, but the perfection of all the instincts of the human mind, as expressed in the word DIN (دين). This word as opposed to the word Religion represents the whole man. The word Religion on the other hand merely expresses the sense of an indeology which is only a one sided view of the human personality. Man was therefore, spiritually and mentally perfected. The evolution of the Human Mind therefore, came to a close with the Holy prophet Muhammad (OWBP). It was only for this reason that revelation was closed for all time, and the prophet Muhammad (OWBP) placed a Seal on the line of prophets.

The revelations which were sent down upon the other prophets, were explained to the people in the language of the prophets, and not in the language in which it had been disclosed. But in the case of the last of the prophets (OWBP) the very words of the Almighty Lord were conveyed to the people in their minutest details and preserved for all times in the very manner they had been revealed to the messenger of God (OWBP). And the Lord Almighty took upon Himself to preserve and safe-guard them.

the door of revelation was kept open for the welfare of mankind. From the history of scriptures, it is not easy to make out the difference between the natural religion of man (Islam) and Kufr, especially in so far as it concerns the period before the time of NOAH. But indeed, in the time of Abraham, man had progressed to the stage of belief in One God, and had come to know several of his Attributes, as we see him making the following supplications to the Almighty Creator, " My Lord ! Show me how Thou givest life to the dead ? " (II : 260)

رب ارنی کیف تحی الموتٰی

Man in the time of Moses, had further progressed mentally and had acquired some further knowledge of the remaining Attributes of the Almighty Lord ; in fact, having actually experienced and witnesses all most all His Attributes, Moses now aspires for the Beatific Vision. We see him addressing the Almighty Lord, thus ; " O My Lord Show Thyself to me, that I may look upon Thee ". (VII : 143)

رب ارنی انظر الیک

It clearly shows that one had advanced more than the other, in his knowledge of the Attributes of the Almighty Lord, and therefore, in his mental evolution. This is clear from the fact, that whereas, one demands to witness one Attribute only, the other wishes to see the Almighty himself ! This is certainly a definite progress in the mental development of the two prophets (OWBP), and Moses was far advanced in this respect. But still the mental evolution had not finalised. It was to persue its course further. It must also be appreciated that Abraham had prayed to witness a single Attribute only, whereas, Moses had beseached for a fuller vision of the Divine Being. The mental development had thus far progressed in the time of Moses, since the time of Noah and Abraham. Each one had desired to confirm his own belief in his own peculiar stage of development.

Now, during the gradual progress of evolution in the periods we have mentioned, it will also be noticed that the nature of commands from the Lord had from their original rudimentry forms changed to the form of more elaborate instructions in the time of our Holy Prophet (OWBP), because mental evolution had now reached its climax. The previous prophets had merely asked for the disclosure of certain Attributes ; or, in the case of Moses, the Divine vision itself. But Muhammad (OWBP) did

One and True God. Human minds which, from thence onwards refused to accept the unadulterated dogma of Tawhid (توحید) remained immature; for, the culmination of mental evolution is to accept that there is no God but He. Unity is necessarily connected with perfection, as number and variety are the inevitable consequences of limitation and imperfection. It became necessary to improve the mental faculties of man in order to enable him to grasp with renewed strength the idea of One God, the sole Master of the universe. Man thus gradullay progressed towards the completion of his mental evolution. There is, therefore, One absolutely perfect Being, and that is the Almighty Creator. Great stress was hence laid on this doctrine of Tawhid, to enable man grasp as much of it as he could. It was the intention of God Almighty to make the Truth manifest ; this could only be done by finalising the evolution of the human mind. The concept to Tawhid is therefore, a measure of the completion of mental evolution of man. It is for this reason again, that Islam has laid the greatest stress on pondering over the works of creation, including man himself, to realise the majesty of the Lord Almighty. A knowledge of the existence of Almighty God, is therefore, a pre-requist to the mental development of man.

The time of Adam, it will be recalled, was the initial civilising period in the life history of man, and the time of Noah was a period in which man made a distinction between poly-theism and Unityism, i.e., Shirk and Tawhid. In other words it was the stage of transition to a higher mental state. Man had begun to receive something which he did not hitherto have. And he did receive it in such a way, that he knew it was being given to him. The content of this reception was Revelations, with which we shall presently deal. By the time of Noah, the foundations of a restricted Shariat (شریعت) had been laid to produce some dignity in society. It is the concept of the Almighty God and a belief in Him, which dignifies the beholder. (نوح) مالکم لا ترجون لله وقارا which clearly indicates that if you place your trust in His Greatness He will dignify you. This concept of Tawhid had progressed in the time of Abraham, and similarly we see this concept further developing in the time of Moses, when the human mind had further evolved. It was thought necessary then that a law be now revealed to suit the increasing requirements of mankind which had enormously multiplied. Such directions were to cover the daily needs, inclusive of the religious urges ; and due to the expanding spiritual needs, the relationship between the body and mind was made clear to him, and thus

been revealed from time to time in piece meal from the time of Adam to the time of the last of the prophets (OWBP). The order of this revelation was Verses pertaining to morals (اخلاقیات), followed by Verses pertaining to the state (سیاسیات). It was a socio-political system based on sound moral foundations.

The society had at that stage been very simple, and only a few sins had been discovered, as we have already mentioned. Therefore, only simple laws were required to keep the society in a perfect state. Probably, the first law promulgated was the sacred relationship between man and woman in the form of a wife and husband, a distinction which probably did not exist before the time of Adam. Adam and Eve were also probably the first lawfully wedded couple ! As manking multiplied, the needs of this minature society grew and became complex ; sin multiplied and became grave. It made social relationship intricate, which in turn resulted in social chaos. When control was imposed upon man, it led him to think of the values of life round him, particularly because, he was surrounded by other human beings like himself, and upon whom his own conduct was reflecting.

As the time passed, man became conscious of an All Prevading Power. He percieved certain awe-inspiring phenomenon in the creation around him. He became conscious of an Almighty Being, which was controlling his destiny. Some instructions were required from time to time for the guidance of mankind, and these instructions could only be made practicable by awe-inspiring him, i.e., man. It is for the first time in the history of our scriptures, that we see in the time of Noah, some clear directions for the worship of One God. A clear concept of One God the Creator, the Destroyer, and the Sustainer, is the culmination of perfection of the mental development of man : it is the highest faculty of human mind. It is from here that we perceieve a stage of finalisation of evolution of the human mind taking a concrete form of the dogma of Tawhid (توحید). We therefore, see Noah condemning polytheism (شرک). Yet, and in spite of this, we find in the immediately following periods to Abraham, polytheism assuming philosophical proportions. Man's grasp on this subtle dogma was week. His mind was still being prepared to accept this concept. But man soon stumbled to worship other gods beside the One God Almighty. From thence onwards we see polytheism taking deep roots in the mind of man. Idol worship had become a common practice. Hence arose the necessity of guidance for the correct worship of the Only

which have reached perfection in man. These perfect proportions are the culmination of the process of evolution. There have been indeed no mal-proportions in the early man before Adam, as is sometimes made out from the discovered skeletal remains of various geological periods. Even what we call the pre-historic man had finally settled down in perfect symmetrical proportions before the time of Adam's inaugeration as the Vicegerent of God on earth.

It is sometimes put forward that the Jaw of the early man was much larger, and his Frontal bones more protruding. This is not due to any evolutionary discrepancy, but the Jaw had enlarged due to the extreme use of it on account of the raw type of food man was prone to eat before the days of the fire. Similarly if the Frontal bone protruded, it was more due to the demanour of the early man who was used to staring to keep himself vigilent. The climate also had effect on the skin and hair of man. They did not vary due to any inherent evolutionary process, but changed according to external circumstances of weather.

The physical evolution of man had thus come to a halt in the earliest man. And although, the physical evolution of man had come to a stand still, the mental state was yet in its infancy at the stage when man had become physically perfect. The conscious mind had not yet fully developed. Man was in the Unconscious, or the primitive state of mind. It is this aspect of the Man which requires closer study to finally localise the stage in which man achieved his mental and spiritual perfection. Let us study them dispassionately in some detail today.

At the time of Adam's inaugeration as the Vicegerent of God on earth, the human mind had not yet developed completely as we have said. The mind was even insuffeciently formed so as to be capable of inventing SIN in its entirety. The two prominent earliest instincts of man which influenced his life were the instincts of Sex and Hunger. The instinct or the urge to power came much later. Hence the earliest injunctions were meant to control his sexual life ; thereafter came rules regarding the lawful things which he could eat ; and lastly came detailed instructions regarding the government of ths state and man's dominions. Hence quite naturally the earliest sins that prevailed pertained to the urges of sex and hunger ! It would be interesting to note, that at the time the Holy Quran was being revealed the revelations which the Holy prophet Muhammad (OWBP) received, came down again in the same order, which had actually

FINALITY OF PROPHETHOOD AND THE EVOLUTION OF MIND

BY

LIEUT. COLONEL K. A. RASHID, A. M. C.

In the scheme of creation the process of evolution is an admitted fact. It is not our intention to enter into a detailed analysis of the different aspects of animal, vegetable, and mineral worlds ; we shall however, confine ourself to the study of the evolutionary aspects of man alone ; tracing his mental development from Adam to the last of the line of Prophets (OWBP). And without disputing either that man has undergone some sort of evolution in the initial stages of his development, let us consider for a moment whether that evolution is still continuing or has culminated in the final mental perfection of man, and also that he needs no further spiritual enhancement for the completion of the purpose for which he was created.

The Western, and some of our Eastern scholars seem to think, that man is yet imperfect, and is still evolving mentally and physically. Working on this presumption, they put forward the view that the shape of the future skull of man will vary in proportions to what it is today, so that his head will be much larger to accommodate the growing brain which would enlarge to adjust the increasing mental faculties of man. But, when we study the history of the intellectual development of man, this fact, does not appear to fit into the scheme of things. Nor do the Emergent and Creative evolutions go to support this hypothesis. And, in so far as, the physical development of man is concerned ; to say, that he is still evolving, is to set afloat a hypothesis which does not even possess a remote possibility of concurrence with any anthropological evidence.

Man's physical evolution stopped a very long time ago : in fact, this happened even before man (INSAN) grew to be called Adam ! Adam, besides being the culmination of the physical development of man to its logical perfection, had also acquired a receptive mind which could be [illegible]

لقد خلقنا الانسان في احسن التقويم (والتين)

"We have created man (INSAN) in the best of proportions". The word TAQWEEM (تقويم) pertains to physical proportions alone

مطبوعہ
پنجاب یونیورسٹی پریس
لاہور